انڈیکس الفضل انٹرنیشنل
جلد نمبر 19
2012ء

عناوین	صفحہ
خطبات جمعہ وعیدین	3
خطبات نکاح	24
خطابات، پیغامات، درس	26
تعلیمی، تربیتی وعلمی مضامین	41
ارشادات حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام	46
رپورٹس	48
منظوم کلام	67
نماز ہائے جنازہ	68

خطبات جمعہ وعیدین

خلفائے حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام

تاریخ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
16/دسمبر	مسجد بیت الفتوح	یقیناً پہلی مرتبہ قرآن کریم پڑھانا اور ختم کروانا ایک بہت اہم کام ہے لیکن اپنی فکریں صرف ایک دفعہ قرآن کریم ختم کروانے تک ہی محدود نہ رکھیں بلکہ بعد میں بھی مستقل مزاجی سے نگرانی کی ضرورت ہے۔قرآن کریم پڑھانے کے ساتھ ہی قرآن کریم کی محبت پیدا کرنی بھی ضروری ہے۔بچوں میں قرآن کریم کی محبت اس وقت پیدا ہوگی جب والدین قرآن کریم کی تلاوت اور اس پر غور اور تدبر کی عادت بھی ڈالنے والے ہوں گے۔ہمیں اپنے گھروں کو تلاوت قرآن کریم سے بھرنے کی بہت ضرورت ہے۔اس بات کی ضرورت ہے کہ تلاوت کے ساتھ اس کا ترجمہ بھی پڑھیں تا کہ اس کے احکام سمجھ میں آئیں۔حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے نماز اور قرآن کے ترجمے کو سمجھنا اور پڑھنا بڑا ضروری قرار دیا ہے۔قرآن کریم میں بیان ہوئی ہوئی تمام قسم کی نیکیوں کو اپنے اوپر لاگو کرنے کی کوشش کریں۔UCL میں منعقدہ ایک تقریب میں اسلامی تعلیمات پر اعتراض کرنے والی خواتین کو دو احمدی نوجوانوں کی طرف سے قرآن شریف اور اسلام کی حقیقی تعلیم کی رو سے مسکت اور مدلّل جواب۔	6/جنوری	1
23/دسمبر	مسجد بیت الفتوح	خوش قسمت ہیں ہم میں سے وہ جو اس دنیا پر اگلی دنیا کو ترجیح دیتے ہیں۔خدا تعالیٰ کی رضا کے حصول کی کوشش کرتے ہیں ۔ دین کو دنیا پر مقدم رکھتے ہیں اور اس کے لئے ہر قربانی کے لئے تیار رہتے ہیں۔ان کے سامنے عُسر میں، یُسر میں، تنگی میں، آسائش میں، بیماری میں، صحت میں صرف ایک مقصد ہوتا ہے کہ مَیں نے اپنے خدا سے جو عہد کیا ہے اسے پورا کرنے والا بن سکوں۔گزشتہ دنوں ان خوبیوں کے مالک ہمارے ایک بزرگ کی وفات ہوئی ہے جو یقیناً جماعت کا عظیم سرمایہ تھے جن کا نام محترم سید عبدالحیٔ شاہ صاحب ہے۔(ناظر اشاعت ربوہ مکرم سید عبدالحیٔ شاہ صاحب کی وفات اور مرحوم کی خدمات اور محاسن کا تفصیل سے ذکر خیر) مکرمہ امتیاز بیگم صاحبہ اہلیہ مکرم مولانا محمد منور صاحب مرحوم، سسٹر زینب وسیم صاحبہ (یو ایس اے)، مکرمہ امتہ الرحمٰن صاحبہ (کیلگری)، مکرمہ سعیدہ وسیمہ صاحبہ بنت حضرت سید ولی اللہ شاہ صاحب (امریکہ)، مکرم میاں عبدالقیوم صاحب (کوئٹہ)، مکرم محمد مصطفیٰ صاحب (کراچی)، مکرم نذیر احمد صاحب (چکوال) اور مکرم فتح محمد خان صاحب (ربوہ) کا ذکر خیر اور تمام مرحومین کی نماز جنازہ غائب۔	13/جنوری	2
30/دسمبر	مسجد بیت الفتوح	وہ لوگ جنہوں نے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام سے فیض پایا یقیناً اُن کا ایک مقام ہے اور ان میں سے ہر ایک ہمارے لئے ایک نمونہ ہے جن کی نیکی، تقویٰ اور پاک تبدیلیوں کا معیار یقیناً قابلِ تقلید ہے۔حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کے مختلف صحابہ کی نہایت دلچسپ، ایمان افروز روایات کا روح پرور تذکرہ۔مکرم جمال الدین صاحب آڈیٹر صدر انجمن احمدیہ پاکستان کی وفات، مرحوم کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب۔	20/جنوری	3

شمارہ	تاریخ اشاعت	خلاصہ	مقام	خطبہ فرمودہ
4	27/جنوری	آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی قوت قدسی نے صحابہ میں جو روحانی انقلاب برپا کیا تھا اس وجہ سے وہ اس فکر میں ہوتے تھے کہ اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول کے لئے زیادہ سے زیادہ کوشش کریں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے صحابہ کے مالی قربانی کے ایمان افروز واقعات کا بیان حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام کے ذریعے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے جھنڈے کو دنیا میں لہرانے کے لئے اللہ تعالیٰ نے جس جماعت کا قیام فرمایا ہے اُس میں قربانی کے اعلیٰ معیار، اپنی محبوب چیزوں کو خدا تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرنے کے معیار، صحابہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام کی زندگیوں کے ساتھ ہی ختم نہیں ہوگئے۔ یا زیادہ سے زیادہ صرف ایک دو نسلوں تک نہیں چلتے رہے بلکہ سو سال سے زائد عرصہ گزرنے کے بعد بھی قربانی کے یہ ذوق وشوق اللہ تعالیٰ کے فضل سے قائم ہیں۔ آج جب دنیا مادی عیش وآرام اور سہولتوں کے لئے اپنے مال خرچ کرتی ہے یا خواہش رکھتی ہے، احمدی اُن کو ثانوی حیثیت دیتے ہوئے دین کی خاطر قربانیاں دیتے چلے جاتے ہیں۔ جماعت احمدیہ عالمگیر کی مالی قربانی کے دلچسپ وروح پرور واقعات کا بیان وقف جدید کے **55** ویں مالی سال کا اعلان گزشتہ سال وقف جدید میں جماعت نے 46 لاکھ 93 ہزار پونڈز کی قربانی پیش کرنے کی سعادت حاصل کی۔ پاکستان اول، امریکہ دوم اور برطانیہ تیسرے نمبر پر رہے۔ مختلف ممالک اور جماعتوں کی مالی قربانی کے جائزے	مسجد بیت الفتوح	6/جنوری
5	3/فروری	استغفار جہاں اللہ تعالیٰ کی عبادت کے مقصد کو پورا کرتا ہے، حقوق اللہ اور حقوق العباد کی ادائیگی کے حق ادا کرنے کی طرف توجہ دلاتا ہے، اللہ تعالیٰ کے بھیجے ہوئے فرستادے کے ساتھ مضبوط تعلق قائم کرنے کا ذریعہ بنتا ہے اور زمانے کے فسادوں اور اللہ تعالیٰ کی ناراضگی سے انسان کو بچاتا ہے۔ اُن راستوں پر چلاتا ہے جو اللہ تعالیٰ کے قرب پانے کے راستے ہیں جن سے دنیا وآخرت سنورتی ہے، وہاں انسان کی ذاتی ضرورتوں کو پورا کرنے اور مشکلات سے نکالنے کا بھی ذریعہ بنتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ہم احمدیوں پر فضل فرمایا کہ ہم نے اس زمانے کے امام کو مانا ہے جس نے ہمیں عبادتوں اور اللہ تعالیٰ کا قرب پانے اور اُس کے فضلوں کو سمیٹنے کی طرف رہنمائی فرمائی ہے۔ لیکن اس سے حقیقی فائدہ اُٹھانے کے لئے ہمیں مستقل استغفار کرتے چلے جانے کی بھی ضرورت ہے جسے ہر احمدی کو حرزِ جان بنانا چاہئے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس کی توفیق عطا فرمائے۔	مسجد بیت الفتوح	13/جنوری
6	10/فروری	ہمیں اس بات پر خوش نہیں ہو جانا چاہئے کہ ہم نے زمانے کے امام کو مان لیا بلکہ اب اپنی حالتوں کی طرف پہلے سے زیادہ نظر رکھنے کی ضرورت ہے۔ ورنہ جیسا کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہے کہ تمہارا مؤاخذہ ہوگا تم پوچھے جاؤ گے۔ ہمیں اس بات کی بہت فکر کرنی چاہئے کہ اپنی اصلاح کی طرف توجہ دیں۔ کسی کا دینی علم حاصل کر لینا اُسے مؤاخذہ سے بچا نہیں سکتا، اگر عمل اُس کے مطابق نہیں ہے۔ کسی کا جماعتی خدمت پر مامور ہونا، کوئی عہدہ مل جانا اُسے مؤاخذہ سے بچا نہیں سکتا اگر اُس کے عمل اللہ تعالیٰ کی بتائی ہوئی تعلیم کے مطابق نہیں ہیں۔ کسی کا کسی خاندان کا فرد ہونا، بزرگوں کی خدمات اُس کو مؤاخذہ سے بچا نہیں سکتیں، اگر عمل اُس کے مطابق نہ ہوں جس کی اللہ تعالیٰ نے تعلیم دی ہے۔ اس زمانے میں ایک بہت بڑا کام جو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے سپرد ہوا ہے، اسلام کا پیغام ساری دنیا کو دینا ہے اور یہی آپ کے ماننے والوں کا کام ہے۔ لیکن اس کے لئے ہمیں اپنے آپ کو نمونہ بنانے کی ضرورت ہے۔ حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ارشادات کے	مسجد بیت الفتوح	20/جنوری

خطبہ فرمودہ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		حوالہ سے احباب جماعت کونہایت اہم اور دلگداز نصائح مکرم شیخ محمد نعیم صاحب (مربی سلسلہ) ابن شیخ محمد اسلم صاحب آف دنیا پور، مکرم احسن کمال صاحب ابن مکرم مظفر اقبال صاحب (کراچی) اور مکرم عرفان احمد صاحب آف اونچا مانگٹ کی وفات۔ مرحومین کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب		
27؍جنوری	مسجد بیت الفتوح	معروف رشین احمدی مسلمان مکرم راویل بخارایف صاحب کی وفات پر مرحوم کا ذکر خیر اور نماز جنازہ گو یہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام پر روس میں ایمان لانے والے ابتدائی مٹھی بھر ذرّوں میں سے ایک ذرّہ تھے لیکن اپنے علم وعرفان، اخلاص ووفا، بےنفسی، خلافت سے بےانتہا تعلق، عاجزی اور حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پیغام کو روس میں پہنچانے کی تڑپ کے لحاظ سے ایک روشن ستارہ تھے جس نے بہتوں کی رہنمائی کا کام کیا اور انشاء اللہ تعالیٰ جب حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے الہام کے پورا ہونے پر احمدیت روس میں ریت کے ذروں کی طرح پھیلے گی تو تاریخ انشاء اللہ تعالیٰ راویل بخاری صاحب کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھے گی۔ انشاءاللہر اویل صاحب اگرچہ بہت سی خوبیوں اور صفات کے مالک تھے لیکن ان کی کچھ خوبیاں جو ان کو دوسروں سے ممتاز کرتی ہیں وہ یہ تھیں کہ وہ ایک نہایت عاجز اور منکسر المزاج انسان تھے، جن کو خلافت سے محبت اور عشق تھا۔ راویل صاحب خود بھی ایک بہت اچھے شاعر تھے۔ بہت اچھے ادیب تھے۔ جرنلسٹ تھے۔ مترجم تھے اور ایک داعی الی اللہ تھے۔ اُن کو اللہ تعالیٰ نے بہت سی خوبیوں سے نوازا ہوا تھا۔ ان کے جاننے والوں اور سراہنے والوں کا ایک وسیع طبقہ ہے۔ مکرم صاحبزادہ داؤد احمد صاحب ابن مکرم صاحبزادہ محمد شفیع صاحب سرائے نورنگ ضلع بنوں کی شہادت، مکرم مرزا نصیر احمد صاحب ایڈووکیٹ لاہور اور مکرمہ رابعہ بیگم صاحبہ اہلیہ مکرم ماسٹر مشرق علی صاحب (انڈیا) کی وفات اور مرحومین کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب	17؍فروری	7
3؍فروری	مسجد بیت الفتوح	اس زمانے میں خدا تعالیٰ سے سچا تعلق جوڑنے کا طریق اور اسلوب ہمیں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے سکھائے۔ بہت سے احمدی ہیں جو اللہ تعالیٰ سے اپنے تعلق کا تجربہ رکھتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے سچے تعلق کی وجہ سے خواب، رؤیا، کشف وغیرہ کی صورت میں اللہ تعالیٰ اُنہیں بتاتا ہے کہ اس طرح ہوگا اور بالکل ویسے ہو جاتا ہے۔ جو لوگ خدمت کر رہے ہیں، نیک سلوک کر رہے ہیں، اپنے علم اور عمل سے دوسروں کو فائدہ پہنچا رہے ہیں اور صرف اس لئے کہ خدا تعالیٰ کو راضی کرنا ہے تو یہ وہ لوگ ہوتے ہیں جو متقی بھی ہیں اور محسن بھی ہیں۔ دنیا والوں کا تمام زور اس بات پر ہے کہ ہمارے حقوق ادا کرو اور پھر اپنے حقوق کا ایک معیار قائم کر کے پھر اس کے حاصل کرنے کے لئے جو بھی بن پڑتا ہے وہ کرتے ہیں اور اس کے نتیجہ میں نہ حقوق مانگنے والا انصاف سے اور تقویٰ سے کام لیتا ہے اور نہ حقوق دینے والا انصاف اور تقویٰ سے کام لیتا ہے، اس میں مسلمان بھی شامل ہیں، غیر مسلم بھی شامل ہیں۔ اور نتیجتاً فساد پیدا ہوتا ہے۔ اسلام یہ تعلیم دیتا ہے کہ دوسرے کے حقوق ادا کرو۔ اس سے پہلے کہ دوسرا اپنے حق کا مطالبہ کرے اُس کا حق ادا کرو۔ بلکہ اُس پر احسان کرتے ہوئے انسانیت کی قدروں کو قائم کرنے کے لئے محسنین میں شمار ہو جاؤ۔ اُن کی ضروریات کا اُن سے بڑھ کر خیال رکھو۔ دوسروں کی دولت پر قبضہ کرنے کے لئے اپنے ملکی مفادات کی آڑ کے بہانے بنانا، یہ چیز غلط ہے۔ دوسروں کے مفادات پامال کر کے اپنے نام نہاد حق کو حاصل کرنے کی کوشش کرنا، یہ غلط ہے۔ یہ سب چیزیں خود غرضی دکھانے والی ہیں، یا ایسی باتیں ہیں جو صرف فسادات کو فروغ دیتی ہیں۔ ہر احمدی کا کام ہے کہ وہ تقویٰ پر چلتے ہوئے اور محسنین میں شمار ہوتے ہوئے اللہ تعالیٰ کے قرب کے نظارے دیکھنے کی کوشش کرے، اللہ تعالیٰ کی معیت میں آنے کی کوشش کرے اور یہی ایک صورت ہے جس سے ہم اپنی اصلاح کرنے والے	24؍فروری	8

خطبہ فرمودہ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		بھی ہو سکتے ہیں اور معاشرے کو بھی اپنے محدود دائرے میں فساد سے بچا سکتے ہیں۔مکرم ڈاکٹر محمد عامر صاحب آف ہرنائی کی شہادت،مرحوم کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب		
10رفروری	مسجد بیت الفتوح	سورۃ فاتحہ کے مضامین سے زیادہ سے زیادہ فیضیاب ہونے کی کوشش کرنی چاہئے۔حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جس طرح اس سورۃ کے مضامین کو اپنی تحریرات میں مختلف جگہوں پر کھول کر ہمارے سامنے بیان فرمایا ہے،وہ یقیناً ہم پر یہ ذمہ داری ڈالتا ہے کہ ہم اُس کو سمجھنے کی کوشش کریں اس کا ادراک حاصل کرنے کی کوشش کریں تا کہ ہم اپنی ذات پر اس مضمون کو جاری کر کے اس سے فیضیاب ہوسکیں۔سورۃ فاتحہ کا تدبر بھی اور مکمل قرآنِ کریم پر تدبر کے رستے بھی حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے رہنما اصولوں کے پیچھے چلنے سے ہی ہمیں مل سکتے ہیں۔مکرمہ فتح بیگم صاحبہ اہلیہ مکرم مولانا احمد خان نسیم صاحب مرحوم ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد مقامی اور مکرمہ حاکم بی بی صاحبہ اہلیہ مکرم مولوی غلام رسول صاحب معلم اصلاح وارشاد پاکستان کی وفات۔مرحومین کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب	2رمارچ	9
17رفروری	مسجد بیت الفتوح	زندہ مذہب وہی ہوتا ہے جس میں اللہ تعالیٰ کی قدرت نمائی کے جلوے ہمیشہ نظر آتے رہیں۔اور آج زندہ مذہب ہونے کا صرف دعویٰ ہی نہیں بلکہ اس کا عملی ثبوت صرف اور صرف اسلام ہی دیتا ہے۔مسلمانوں میں بھی آج جماعت احمدیہ ہی وہ فرقہ ہے جو آج بھی اللہ تعالیٰ کو اپنی تمام تر صفات کے ساتھ قادر و مقتدر یقین کرتا ہے۔اس یقین پر قائم ہے کہ خدا تعالیٰ آج بھی وہی قدرتیں رکھتا ہے،وہی قدرتیں دکھاتا ہے جیسا کہ ازل سے دکھاتا چلا آرہا ہے۔آج ہم جب یومِ مصلح موعود مناتے ہیں تو حقیقی یومِ مصلح موعود تب ہی ہوگا جب یہ تڑپ آج ہم میں سے اکثریت اپنے اندر پیدا کرے کہ ہمارے مقاصد بہت عالی ہیں،بہت اونچے ہیں،بہت بلند ہیں جس کے حصول کے لئے عالی ہمتی کا بھی مظاہرہ کرنا ہوگا۔اور اپنے اندر اعلیٰ تبدیلیاں بھی پیدا کرنا ہوں گی۔پاک تبدیلیاں بھی پیدا کرنی ہوں گی۔خدا تعالیٰ سے ایک تعلق بھی جوڑنا ہوگا۔اسلام کا درد بھی اپنے اندر پیدا کرنا ہوگا۔آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے عشق و محبت کا دل میں درد پیدا کرتے ہوئے اظہار بھی کرنا ہوگا۔یہ دَور جو فساد میں بڑھتے چلے جانے کا دور ہے،جس میں بڑی طاقتوں کی نظریں بھی اسلامی ممالک کے وسائل پر لگی ہوئی ہیں۔اس میں بہت زیادہ کوشش کر کے ہم احمدیوں کو ہر اسلامی ملک کو بھی اور مسلم اُمّہ کو بھی ہوس پرستوں کی ہوس سے بچانے کے لئے اپنے دائرے میں رہتے ہوئے اقدام کرنے چاہئیں اور اس کے لئے سب سے بڑھ کر دعا ہے۔عزیزم شیخ مصوّر احمد ابن شیخ نصیر احمد صاحب آف جلنگھم کی وفات،نماز جنازہ اور مرحوم کا ذکر خیر	9رمارچ	10
24رفروری	مسجد بیت الواحد۔فیلتھم	لندن میں فیلتھم(Felthum) کے علاقہ میں مسجد بیت الواحد کا افتتاح۔اب دنیا میں اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور سچائی صرف مساجد کے ذریعہ ہی پھیلے گی۔اللہ کرے کہ یہاں ہر علاقے میں جماعت کو اپنی مسجد بنانے کی توفیق مل جائے تا کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خواہش اور ارشاد کو پورا کرتے ہوئے ہماری مسجدیں اسلام اور جماعت کے تعارف کا ذریعہ بنیں،تبلیغ کے نئے میدان کھلیں اور دنیا کو اسلام کی حقیقی تعلیم کا پتہ چلے۔کیونکہ آج اس زمانے میں جماعت احمدیہ ہی ہے جو حقیقی اسلام دنیا کے سامنے پیش کرسکتی ہے۔ہمارا تو اب یہ اور صرف یہی کام ہے اور یہ مقصد ہونا چاہئے کہ جہاں خالص ہو کر ایک خدا کی عبادت کے لئے مسجدوں میں آئیں تا کہ ہماری عبادتوں کے معیار بڑھیں اور اللہ تعالیٰ سے ایک زندہ تعلق قائم ہو،وہاں اس سچائی کے نور کو دنیا میں پھیلانے کا بھی باعث بنیں۔پس جب سچائی کے نور کو دنیا میں پھیلانا ہے تو ہمیں صرف ظاہری عبادت کا دعویٰ کافی نہیں ہوگا بلکہ اس	16رمارچ	11

خطبہ فرمودہ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		نور سے اپنے آپ کو بھی منور کرنا ہوگا۔ مسجد کی تعمیر کے ساتھ جہاں تبلیغ کے راستے کھلتے ہیں وہاں مخالفتیں بھی تیز ہوتی ہیں۔ ہم نے ہر قسم کے لوگوں کے شکوک وشبہات دور کرنے ہیں اور وہ اُسی وقت ہو سکتے ہیں جب ہماری عبادتیں خالصۃً لِلّٰہ ہوں گی۔ نماز باجماعت کے لئے مسجد میں آنے کے حکم کی ایک اہمیت یہ بھی ہے کہ ایک جماعت کا نظارہ پیش ہو، سب ایک وجود بن جائیں اور آپس کی محبتیں بڑھیں اور رنجشیں دور ہوں۔ ہماری خوشی صرف مسجد کی تعمیر کے ساتھ نہیں ہے بلکہ مسجدوں کی تعمیر کے ساتھ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ پر عمل کرتے ہوئے حقیقی عبد بننے میں ہے۔ مسجد کا حق اُس کی تعمیر سے یا دس، بیس، پچاس ہزار یا لاکھ پاؤنڈ کی قربانی سے حاصل نہیں ہوتا۔ یہ مقصد کبھی اس طرح حاصل نہیں ہوگا۔ اصل مقصد اس کو آباد کرنے سے حاصل ہوتا ہے۔ اور آبادی بھی ایسی جو خالصۃً لِلّٰہ ہو، خالص ہو کر اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنے کے لئے ہو، اور مسجد سے باہر نکل کر بھی اس عبادت کا ایسا اثر ہو کہ خدا تعالیٰ کے بندوں کا حق ادا کرنے والے بنیں۔		
2/مارچ	مسجد بیت الفتوح	حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بعض صحابہ کے قبول احمدیت اور جرأت ایمانی اور شجاعت اور دلیری کے ایمان افروز واقعات، جنہوں نے ہر قسم کی سختیوں کو برداشت کیا لیکن اپنے ایمان پر آنچ نہیں آنے دی۔ آج 123 سال گزرنے کے بعد بھی احمدیوں کے خلاف ایسی ہی سختیاں روا رکھی جا رہی ہیں۔ لیکن احمدیت کا قافلہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس سب مخالفت کے باوجود آگے سے آگے بڑھتا چلا جا رہا ہے اور انشاء اللہ بڑھتا چلا جائے گا۔ دنیا میں ہر جگہ احمدی اپنے ایمان کے اظہار میں پختہ تر ہوتے چلے جا رہے ہیں اور ایمان لانے کے بعد اللہ تعالیٰ کے اس حکم کو سامنے رکھتے ہیں کہ فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِ۔ خوف ہے تو خدا کا، نہ کہ کسی مخلوق کا۔ مکرم چوہدری محمد اکرم صاحب ابن مکرم محمد یوسف صاحب آف نوابشاہ کی شہادت۔ شہید مرحوم کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب	23/مارچ	12
9/مارچ	مسجد بیت الفتوح	حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے اسلام کی خوبصورت تعلیم کو نہ صرف ہندوستان میں بلکہ دوسرے ممالک میں بھی پہنچایا۔ اسی طرح آپ نے اپنے حلقۂ بیعت میں آنے والے اپنے صحابہ کے دلوں میں بھی یہ روح پھونکی کہ دنیا کو یہ پیغام دو کہ خدا کی طرف آئیں، اس سے تعلق جوڑیں اور یہ تعلق اب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے غلام صادق کے ساتھ جڑنے سے ہی حقیقی رنگ میں جڑ سکتا ہے۔ صحابہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے نہایت دلچسپ، ایمان افروز تبلیغی واقعات کا تذکرہ اور اس حوالہ سے احباب جماعت کو اہم نصائح۔ مکرم مقصود احمد صاحب ابن مکرم ادریس صاحب آف ربوہ کی نوابشاہ میں شہادت۔ مکرمہ ہاجرہ بیگم صاحبہ اہلیہ مکرم مستری محمد حسین صاحب درویش مرحوم قادیان کی وفات۔ مرحومین کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب۔	30/مارچ	13
16/مارچ	مسجد بیت الفتوح	حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے صحابہ کی تبلیغ کے دلچسپ اور ایمان افروز واقعات کا تذکرہ اللہ تعالیٰ ان صحابہ کے درجات بلند فرماتا چلا جائے جنہوں نے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کو قبول کیا اور ہمیں اس زمانے کے انعامات سے حصہ لینے والوں میں بنایا۔ اللہ کرے کہ ان کی نیکیاں، ان کی ایمانی جرأت، ان کی دین کے لئے غیرت، ان کا دین کی خدمت کا جذبہ ان کی نسلوں میں بھی روح پھونکنے والا ہو اور وہ اپنے اندر بھی ایک جوش اور ولولہ پیدا کر کے ان بزرگوں کے جذبات اور دلی تڑپ کو آگے بڑھانے والے ہوں اور اس فیض کو اپنی نسلوں میں بھی جاری رکھیں۔ نائیجر کے سلطان آف آگادیس مکرم الحاج عمر ابراہیم صاحب کی وفات، مرحوم کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب۔	6/اپریل	14

شمارہ	تاریخ اشاعت	خلاصہ	مقام	خطبہ فرمودہ
15	13/اپریل	ہر سال جب 23/مارچ کا دن آتا ہے تو ہم احمدیوں کو صرف اس بات پر خوش نہیں ہو جانا چاہئے کہ آج ہم نے یومِ مسیح موعود منانا ہے، یا الحمد للہ ہم اس جماعت میں شامل ہو گئے ہیں۔ جماعت کے آغاز کی تاریخ اور حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام کے دعویٰ سے ہم نے آگاہی حاصل کر لی ہے، اتنا کافی نہیں ہے، یا جلسے منعقد کر لئے ہیں، یہی سب کچھ نہیں ہے، بلکہ اس سے بڑھ کر ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ ہم نے اس بیعت کا کیا حق ادا کیا ہے؟ آج ہمارے جائزہ اور محاسبہ کا دن بھی ہے۔ بیعت کے تقاضوں کے جائزے لینے کا دن بھی ہے۔ شرائطِ بیعت پر غور کرنے کا دن بھی ہے۔ اپنے عہد کی تجدید کا دن بھی ہے۔ شرائطِ بیعت پر عمل کرنے کی کوشش کے لئے ایک عزم پیدا کرنے کا دن بھی ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے وعدے کے پورا ہونے پر جہاں اللہ تعالیٰ کی بے شمار تسبیح و تحمید کا دن ہے وہاں حبیبِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم پر ہزاروں لاکھوں درود و سلام بھیجنے کا دن ہے۔ شرائط بیعت کے حوالہ سے حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے ارشادات کی روشنی میں اہم نصائح	مسجد بیت الفتوح	23/مارچ
16	20/اپریل	اس زمانے میں جب ہم حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے وقت سے دور ہو رہے ہیں، ہمیں اپنے عقیدے کے ساتھ اپنے اعمال کی حفاظت کی بھی بہت زیادہ ضرورت ہے اور شدت سے ضرورت ہے۔ عقیدے کے لحاظ سے تو ہم یقیناً جنگ جیتے ہوئے ہیں لیکن اگر عقیدے کے مطابق عمل نہ ہوں، جو تعلیم دی گئی ہے اُس کے مطابق نہ چلیں، اُس کو اپنے اوپر لاگو کرنے کی کوشش نہ ہو تو آہستہ آہستہ صرف نام رہ جاتا ہے۔ شیطان کے حملوں سے بچنے کے لئے خدا تعالیٰ کو مدد کے لئے پکارنے کا ایک بڑا ذریعہ نماز ہے۔ پہلے عہدیدار اپنے جائزے لیں اور پھر اپنے زیرِ اثر بچوں، نوجوانوں اور لوگوں کو اس طرف توجہ دلائیں۔ ہماری کامیابی اُسی وقت حقیقت کا روپ دھارے گی جب ہر طرف سے آوازیں آئیں گی کہ نماز کے قیام کی کوشش کرو۔ ہماری کامیابیاں اپنی عملی حالتوں کو اُس تعلیم کے مطابق ڈھالنے میں ہیں جو خدا تعالیٰ نے ہمیں دی۔ جس میں سب سے زیادہ اہم نماز کے ذریعے خدا تعالیٰ سے تعلق پیدا کرنا ہے۔ بعض لوگ ایسے ہیں جو چندوں کو کافی سمجھتے ہیں اور زکوٰۃ نہیں دیتے۔ یا سیکرٹریانِ مال جو ہیں اُن کو اس طرف توجہ نہیں دلاتے، جس وجہ سے اُن کو اس کی اہمیت کا اندازہ نہیں ہے۔ پس اس طرف بھی توجہ کی بہت ضرورت ہے۔ ہر احمدی کو یہ بھی خیال رکھنا چاہئے کہ ہماری سچائی دوسروں پر تب ظاہر ہوگی جب ہر معاملے میں ہمارے سے سچائی کا اظہار ہوگا۔	مسجد بیت الفتوح	30/مارچ
17	27/اپریل	ہر جان جو احمدیت کی خاطر، کلمہ طیبہ کی خاطر، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عشق کی خاطر، خدا تعالیٰ اور صرف خدا تعالیٰ کا عبد بننے کی خاطر قربان ہو رہی ہوتی ہے وہ اس بات کا اعلان کر رہی ہوتی ہے کہ تمہارے مکر اور تمہاری کوششیں اور تمہاری زیادتیاں جماعت احمدیہ کی ترقی کو روک نہیں سکتیں۔ گزشتہ دنوں ربوہ کے پولیس اہلکاروں نے ہمارے ایک انتہائی مخلص اور فدائی احمدی کو ایک ماہ کے قریب بغیر کسی قسم کا کیس رجسٹر کئے تھانہ میں رکھا اور پھر کسی نامعلوم جگہ لے جا کر آٹھ دس دن تک شدید تشدد کا نشانہ بنایا جس کے نتیجے میں یہ مخلص اور فدائی احمدی جن کا نام عبدالقدوس تھا، صبر و استقامت سے ہر ٹارچر اور اذیت برداشت کرتے ہوئے اپنے خدا کے حضور حاضر ہو گئے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ۔ اس عزم اور ہمّت کے پیکر نے جان دے دی مگر جھوٹی گواہی نہیں دی۔ **شہید مرحوم اگر اذیت کی وجہ سے پولیس کی من پسند سٹیٹمنٹ دے دیتے جیسا کہ وہ بتاتے رہے ہیں تو اس کے نتائج جماعت کے لئے مجموعی طور پر بھی بہت خطرناک ہو سکتے تھے۔** پس اے قدوس! ہم تجھے سلام کرتے ہیں کہ تُو نے اپنے آپ کو انتہائی اذیت میں ڈالنا تو گوارا کر لیا لیکن جماعت کی عزت پر حرف نہیں آنے دیا۔ تُو نے	مسجد بیت الفتوح	6/اپریل

خطبہ فرمودہ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		اپنی جان دے کر جماعت کو ایک بہت بڑے فتنے سے بچا لیا۔ پس ماسٹر عبدالقدوس ایک عام شہید نہیں ہیں بلکہ شہداء میں بھی ان کا بڑا مقام ہے۔ یہ لوگ جو اپنے زعم میں احمدیوں کو گالیاں نکال کر حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے متعلق نازیبا الفاظ کہہ کر ہمارے دلوں کو چھلنی کرتے ہیں، اذیتیں دے کر خوش ہوتے ہیں، ایک دن انشاء اللہ آنے والا ہے جب خدا تعالیٰ ان میں سے ایک ایک سے حساب لے گا۔ خدا تعالیٰ کے ہاں شاید دیر تو ہو اندھیر نہیں ہے اور یقیناً یہ لوگ اپنے عبرتناک انجام کو پہنچیں گے۔ ہم مظلوم بننے کے ساتھ اگر پہلے سے بڑھ کر تقویٰ، صبر، توکل، ثباتِ قدم، دعا اور استغفار سے کام لیں گے تو انشاء اللہ تعالیٰ فتح کے نظارے جلد تر دیکھیں گے۔ (ماسٹر عبدالقدوس صاحب شہید کی شہادت کے دردناک واقعہ کی لرزہ خیز تفصیلات۔ شہید مرحوم کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب)		
13/اپریل	مسجد بیت الفتوح	حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں: ''جب تک استقامت نہ ہو، بیعت بھی ناتمام ہے''۔ ''مستقیم وہ ہے کہ سب بلاؤں کو برداشت کرے''۔ ''درود شریف جو حصولِ استقامت کا ایک زبردست ذریعہ ہے بکثرت پڑھو''۔ ''دل کی استقامت کے لئے بہت استغفار پڑھتے رہیں''۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے صحابہ کی نہایت درجہ ایمان افروز روایات کا تذکرہ جن سے ان کے صبر و استقامت اور دینی غیرت پر روشنی پڑتی ہے۔ مکرمہ امۃ الحفیظ خانم صاحبہ اہلیہ مکرم شمس الحق خان صاحب کی نماز جنازہ حاضر اور مکرم سید محمد احمد صاحب ابن مکرم سید محمد افضل صاحبؓ کی نماز جنازہ غائب۔ مرحومین کا ذکر خیر۔	4/مئی	18
20/اپریل	مسجد بیت الفتوح	مشکلات و مصائب اور ابتلاؤں کے دوران صحابہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے صبر و استقامت اور ثباتِ قدم، حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی صداقت پر مستحکم اور غیر متزلزل ایمان اور اللہ تعالیٰ کی نصرت و حفاظت اور تائیدات غیبی کے ایمان افروز واقعات کا تذکرہ	11/مئی	19
27/اپریل	مسجد دارالامان مانچسٹر	اللہ تعالیٰ کے فضل سے یوکے جماعت سمیت پورے یورپ میں مسجدوں کی تعمیر کی طرف توجہ پیدا ہو رہی ہے لیکن ان مساجد کی خوبصورتی نمازیوں کے ساتھ ہے۔ یورپ میں مختلف ممالک میں گزشتہ سات آٹھ سال میں 44 مساجد کا اضافہ ہوا ہے۔ 2003ء میں جب مسجد بیت الفتوح کا افتتاح ہوا ہے تو اس سے پہلے باقاعدہ مسجد صرف ایک مسجد 'مسجد فضل' تھی۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت یوکے کو 14 نئی مساجد بنانے کی توفیق ملی ہے۔ مانچسٹر میں نو تعمیر شدہ 'مسجد دارالامان' کا مبارک افتتاح۔ اس مسجد میں اور ملحقہ ہالز میں کُل تقریباً دو ہزار نمازی نماز پڑھ سکتے ہیں۔ یہ مسجد اب یہاں کی جماعت میں ایک انقلاب پیدا کرنے کا ذریعہ ہونی چاہئے۔ مساجد کا حسن تو اُن کی آبادی سے ہے۔ ایسی آبادی جو خالصۃً اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول کے لئے ہو۔ ہمیں ہمیشہ یاد رکھنا چاہئے کہ ہم جب مسجد بناتے ہیں یا بنائیں تو خدا تعالیٰ کے حضور جھکنے اور اُس کی رضا کے حصول کے لئے بنانے والے ہوں اور مسجد بنانے کے لئے جو قربانی کی ہے، اُس پر خدا تعالیٰ کا شکر ادا کریں نہ کہ کسی قسم کا فخر۔ ہر مسجد کی تعمیر کے ساتھ جہاں ہمیں اپنی حالتوں کی طرف توجہ دینے کی اور دعاؤں کی ضرورت ہے وہاں اپنی اولاد کی تربیت کی طرف بھی توجہ کرنی چاہئے۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے صحابہ اور صحابیات کی عبادت کے قیام کی روشن مثالوں کا تذکرہ اور احباب جماعت کو اس حوالہ سے اہم نصائح۔ مسجد دارالامان مانچسٹر کے افتتاح کے موقع پر فرمودہ خطبہ جمعہ	18/مئی	20

خطبہ فرمودہ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
4رمئی	مسجد بیت الفتوح	’’اہل اللہ کے پاس بے غرض آنا بہت مفید ہوتا ہے‘‘۔(حضرت مسیح موعودعلیہ السلام)۔حضرت اقدس مسیح موعودعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے صحابہ کے حضورعلیہ السلام سے شرف ملاقات وزیارت کے لئے دلی ذوق وشوق اور محبت بھرے احساسات وجذبات کے ایمان افروز واقعات کا روح پرور تذکرہ۔	25رمئی	21
11رمئی	مسجد بیت الفتوح	شرائط بیعت کی دسویں شرط کے مطابق حضرت مسیح موعودعلیہ السلام سے تعلقِ محبت واخوت کواس معیار تک پہنچانا لازمی ہے جس کی مثال دنیا کے کسی رشتے میں نہ ملتی ہو۔حضرت اقدس مسیح موعودعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے صحابہ کے حضورعلیہ السلام سے غیر معمولی محبت اور اخوت کے تعلق کی نہایت خوبصورت اور روشن مثالوں کا روح پرور تذکرہ۔مکرمہ رشیدہ بیگم صاحبہ اہلیہ مکرم مستری محمد دین صاحب درویش مرحوم قادیان اور مکرمہ نذرالنساء صاحبہ اہلیہ مکرم محمد سیف خان صاحب انڈیا کی وفات،مرحومین کا ذکرخیر اورنماز جنازہ غائب	یکم جون	22
18رمئی	مسجد بیت الفتوح	ہمیشہ یادرکھیں کہ جلسے کے دوران اپنی ذاتی باتوں کی طرف توجہ نہ ہو بلکہ تمام پروگرام، جتنے بھی ہیں،ان کو سننے کے دوران بھی اور ان کے بعد بھی زیادہ تر وقت دعاؤں اور ذکرِ الٰہی میں گزارنے کی کوشش ہونی چاہئے۔حقوق اللہ کی ادائیگی میں سب سے اہم چیز نماز ہے۔ پس ہم میں سے ہرایک کو بڑے خوف سے اپنی نمازوں کی ادائیگی کی کوشش کرنی چاہئے۔جلسہ کے دنوں میں جو تین دن ہیں جن میں ہماری روحانی، علمی،اخلاقی ترقی کے لئے پروگرام ترتیب دیئے گئے ہیں،اس میں اکثر لوگ تہجد کی طرف بھی توجہ کرتے ہیں اور فرض نمازیں بھی باجماعت ادا کرتے ہیں اس کو اپنی زندگیوں کا مستقل حصہ بنانے کا عہد کریں،تبھی تقویٰ کے سب سے اہم پہلو پر چلنے والے کہلاسکیں گے اور تبھی جلسے کے انعقاد کے مقصد کو حاصل کرنے والے بن سکیں گے۔ پاکستانی احمدی بھائیوں کے لئے باہر رہنے والے احمدیوں کو بہت دعائیں کرنی چاہئیں کہ اللہ تعالیٰ جلد اُن کے بھی دن پھیرے اور اُنہیں مذہبی آزادی حاصل ہو۔ دوسرے جو بہت بڑی ذمہ داری پاکستان سے باہر رہنے والے احمدیوں پر پڑتی ہے جیسا کہ حضرت مسیح موعودعلیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا کہ دینی مہمات کے لئے آگے آئیں۔تبلیغ کے راستوں کو تلاش کرنے کے لئے بھی تقویٰ ہی شرط ہے جس پر چلنے کی ہر احمدی کو ضرورت ہے۔مکرم ناصر احمد صاحب سابق محاسب وافسر پراویڈنٹ فنڈ صدرانجمن احمدیہ پاکستان کی وفات پرمرحوم کاذکرخیراورنماز جنازہ غائب۔	8رجون	23
25رمئی	بیت السبوح۔جرمنی	حضرت مسیح موعودعلیہ الصلوۃ والسلام فرماتے ہیں:مَیں خدا تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہوں کہ اس نے مجھے ایک مخلص اور وفادار جماعت عطا کی ہے۔مَیں دیکھتا ہوں کہ جس کام اور مقصد کے لئے مَیں ان کو بلاتا ہوں نہایت تیزی اور جوش کے ساتھ ایک دوسرے سے پہلے اپنی ہمت اور توفیق کے موافق آگے بڑھتے ہیں............کوئی قوم اور جماعت تیار نہیں ہوسکتی جب تک کہ اس میں اپنے امام کی اطاعت اور اتباع کے لئے اس قسم کا جوش اوراخلاص اور وفا کا مادہ نہ ہو‘‘۔حضرت مسیح موعودعلیہ السلام کے صحابہ کے حضورعلیہ السلام سے وفا اور عقیدت اور محبت واطاعت کے جذبہ سے پُر ایمان افروز واقعات کا تذکرہ اللہ تعالیٰ ان تمام صحابہ کے درجات بلند سے بلندتر فرماتا چلا جائے۔ان کی نسلوں کو بھی وفا اور اطاعت کے طریق پر قائم رکھے۔ہمیں بھی توفیق دے کہ ہم کامل اطاعت کے ساتھ اس زمانے کے امام کے ساتھ تعلق قائم رکھنے والے ہوں۔اور آپ کے بعد آپ کے ذریعہ سے قائم ہونے والی قدرت ثانیہ کے ساتھ بھی وفا،محبت اور اطاعت کے اعلیٰ معیار قائم کرنے والے ہوں۔اور خلافت کے ساتھ جُڑکر اُس جماعت کا حصہ بنیں جس نے اس زمانے میں اللہ تعالیٰ کے فضلوں کا وارث بننا ہے	15رجون	24

شمارہ	تاریخ اشاعت	خلاصہ	مقام	خطبہ فرمودہ
25	22/جون	ہمیشہ یاد رکھیں کہ جلسہ کے مقاصد بیان فرماتے ہوئے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام نے جہاں عبادتوں، تبلیغ، تقویٰ اور بہت سے دوسرے مقاصد کی طرف توجہ دلائی ہے، وہاں خاص طور پر بندوں کے حقوق اور اُن میں سے پھر ہمدردیٔ خلق کی طرف خاص طور پر بہت کچھ کہا ہے۔ پس اس طرف ہر احمدی کو توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ نہ کسی کو اپنی نمازوں پر خوش ہونا چاہئے، نہ کسی کو اپنی جماعتی خدمات پر خوش ہونا چاہئے، نہ کسی کو کوئی خاص عہدہ ملنے پر خوش ہونا چاہئے، نہ کسی کو کسی مالی قربانی پر خوش ہونا چاہئے جب تک کہ عاجزی، انکساری اور اپنے بھائیوں سے ہمدردی اُس میں نہ ہو۔ ایک احمدی مسلمان سے نہ صرف احمدی مسلمان بلکہ ہر مسلمان، ہر قسم کی ناجائز تکلیف سے محفوظ ہونا چاہئے اور نہ صرف مسلمان بلکہ اللہ تعالیٰ کی تمام مخلوق کا محفوظ رہنا ضروری ہے۔ جماعت کے عہدے دنیاوی مقاصد کے لئے نہیں ہوتے، بلکہ اس جذبے کے تحت ہونے چاہئیں کہ ہم نے ایک پوزیشن میں آ کر پہلے سے بڑھ کر افرادِ جماعت کی خدمت کرنی ہے اور اُن سے ہمدردی کرنی ہے اور اُن کی بہتری کی راہیں تلاش کرنی ہیں، اور اُنہیں اپنے ساتھ لے کر چلنا ہے تا کہ جماعت کے مضبوط بندھن قائم ہوں اور جماعت کی ترقی کی رفتار تیز سے تیز تر ہو۔ یہ باتیں جو مَیں کہہ رہا ہوں، صرف جرمنی کے عہدیداران کے لئے نہیں ہیں بلکہ میرے مخاطب تمام دنیا کے جماعتی عہدیداران ہیں۔ انگلستان کے بھی، پاکستان کے بھی، ہندوستان کے بھی اور امریکہ اور کینیڈا کے بھی اور آسٹریلیا اور انڈونیشیا کے بھی اور افریقہ کے بھی۔ اگر ہم میں سے ہر ایک کو اس بات پر یقین ہے کہ جماعت احمدیہ ایک الٰہی جماعت ہے اور یقیناً ہے تو پھر بجائے عہدہ کی خواہش رکھنے کے استغفار کی طرف توجہ دینی چاہئے۔ اگر ہم نے دنیا میں انقلاب کا ذریعہ بننا ہے تو پھر اپنی زندگیوں میں بھی، اپنی حالتوں میں بھی وہ انقلابی کیفیت طاری کرنی ہو گی جس کی زمانے کے امام نے اسلام کی خوبصورت تعلیم کی روشنی میں ہم سے توقع کی ہے۔ ان دنوں میں جہاں احمدی اپنی عبادتوں اور ذکرِ الٰہی کے ذریعے سے خدا تعالیٰ سے تعلق مضبوط کرنے کی کوشش کرے، وہاں ہمدردیٔ خلق اور رنجشوں کو دور کرنے اور اخلاق کے اعلیٰ معیار قائم کرنے کی طرف بھی توجہ کرنی چاہئے۔ خلاصۃً خدا تعالیٰ کی رضا کے حصول کے لئے ایک دوسرے کے حقوق کی ادائیگی کی طرف توجہ دینی چاہئے اور یہ اُس وقت تک نہیں ہو سکتا جب تک دلوں کی کدورتیں اور رنجشیں دور نہ ہوں۔ مکرمہ سیدۃ امۃ اللہ بیگم صاحبہ بنت حضرت ڈاکٹر میر محمد اسماعیل صاحبؓ کی وفات، مرحومہ کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب	بمقام کالسروئے (Karlsruhe) جرمنی	یکم جون
26	29/جون	اللہ تعالیٰ کے فضل سے جب بھی مَیں مختلف ممالک کے دوروں پر گیا ہوں اور جماعتوں کے دوروں پر جاتا ہوں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پیغام کے ذریعے اسلام کی نئی شان غیروں پر ظاہر ہوتے دیکھتا ہوں۔ ہالینڈ میں غیر مسلم مہمانوں کے ساتھ منعقدہ تقریب کا غیروں پر غیر معمولی اثر اور ملکی اخبارات میں اس کی شاندار کوریج۔ ہالینڈ کی جماعت کو بھی اس قدر کوریج کی امید نہ تھی۔ اب ہالینڈ کی جماعت کو اپنے رابطوں کو مزید بڑھانا چاہئے، ان کو وسعت دینی چاہئے اور جو بھی غلط فہمیاں اسلام کے خلاف پیدا کی گئی ہیں، اُنہیں دور کرنے کی کوشش کرنی چاہئے۔ آج اسلام کا دفاع اور غیروں پر دلائل کے ساتھ بھرپور حملہ صرف اور صرف جماعت احمدیہ کر سکتی ہے۔ جرمنی میں اس دورہ میں بھی ایک مسجد کا افتتاح ہوا اور تین کا سنگ بنیاد رکھا گیا۔ مساجد کی تعمیر کے ساتھ تبلیغ میں بھی وسعت پیدا ہو رہی ہے۔ اور مَیں ہمیشہ افرادِ جماعت کو یہ کہا کرتا ہوں کہ اس تعارف اور تبلیغ کی وسعت کے ساتھ ان کی ذمہ داریاں بھی بڑھ جاتی ہیں۔ جرمنی میں فوجی افسران کی تربیت کے ایک اہم ادارہ میں ملک سے وفاداری کی اسلامی تعلیم کے موضوع پر خطاب اور سوال و جواب کی مجلس۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس لیکچر کا بھی غیروں پر بہت اچھا اثر ہوا۔ جلسہ سالانہ جرمنی کے کامیاب انعقاد اور اس کے نیک اثرات کا تذکرہ۔ بعض انتظامات میں پیش آمدہ کمیوں کو دور کرنے کے لئے انتظامیہ کو اہم نصائح۔ تمام ملکوں کی جلسہ کی انتظامیہ کو بھی گہرائی میں جا کر ان امور کا خیال رکھنے کی تاکید۔	مسجد بیت الفتوح مورڈن	8/جون

خطبہ فرمودہ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
15/ جون	مسجد بیت الفتوح	اللہ تعالیٰ سے کسی معاملے میں مدد اور رہنمائی چاہنی ہو، یا اپنی پریشانیوں کا حل کروانا ہو، یا خدا تعالیٰ کے فضلوں کا وارث بننا ہو تو یہ سب باتیں اُسی وقت ہوتی ہیں جب اپنی تمام تر طاقتوں اور استعدادوں کے ساتھ خدا تعالیٰ کے آگے جھکا جائے، اُس کے حضور دعائیں کی جائیں۔ آج تک ہمارا یہی تجربہ ہے کہ پھر خدا تعالیٰ ایسی دعاؤں کو سنتا ہے، یا ایسی رہنمائی فرما دیتا ہے جو اگر دعا مانگنے والے کی خواہش کے مطابق نہ بھی ہو تب بھی تسلی اور تسکین کے سامان پیدا فرما دیتا ہے۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے دعا کی حقیقت و آداب کا ادراک ہمیں عطا فرمایا اور سب سے بڑھ کر اپنے اُن صحابہ کو عطا فرمایا جن کی براہِ راست تربیت آپ نے فرمائی۔ **حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے صحابہ کے قبولیت دعا کے حوالہ سے ایمان افروز واقعات کا تذکرہ۔** حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے ذریعہ دعاؤں کی حقیقت اور آداب کا جو ادراک صحابہ کو حاصل ہوا، یہ دعا کرنی چاہئے کہ اللہ تعالیٰ وہ ہم میں سے ہر ایک کو حاصل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ ہمیں بھی روشن نشانوں کے ذریعہ قبولیت دعا کے نشان دکھائے۔ ہم میں سے ہر ایک حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام پر ایمان میں مضبوط ہو اور اللہ تعالیٰ سے خاص تعلق پیدا کرنے والا ہو۔ یہ دعا ہے جو آجکل بھی ہر احمدی کو کرنی چاہئے۔ یہ الہام جو مَیں نے بتایا کہ نہ کوئی عارضی رہائش باقی رہے گی نہ مستقل۔ دنیا کے جو حالات ہو رہے ہیں اور جس طرح جنگِ عظیم کا خطرہ ہے، اس بارے میں بھی دعا کرنی چاہئے۔ اللہ تعالیٰ ہر احمدی کو اس سے محفوظ رکھے بلکہ انسانیت سے اس کو محفوظ رکھے۔	6/ جولائی	27
22/ جون	بمقام مسجد بیت الرحمٰن۔ واشنگٹن۔ امریکہ	اللہ تعالیٰ کا ہم پر یہ احسان ہے کہ اُس نے اس زمانے میں جس شخص کو دنیا کی اعتقادی اور عملی اصلاح کے لئے بھیجا، ہم اُس کے ماننے والے ہیں۔ لیکن اس ایمان لانے کے باوجود ہم میں سے بہت سے ایسے ہیں جن کے قول و فعل میں تضاد ہے۔ افرادِ جماعت کی ایک بہت بڑی تعداد ایسی ہے جن کے قول اور فعل ویسے نہیں جیسے ہونے چاہئیں۔ پس ہمیں اپنے جائزے لینے کی ضرورت ہے کہ کیا ہم اپنی عملی حالتوں کے معیار اونچے رکھنے کی کوشش کر رہے ہیں، اُن معیاروں کو حاصل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں جو ہمارے بڑوں نے کئے، چاہے وہ صحابہ تھے یا اُن کے بعد ہونے والے احمدی تھے۔ یہ جائزے ہیں جو ہمیں اپنے ایمان میں ترقی کی طرف لے جانے اور ہمارے اعتقاد اور عمل میں ہم آہنگی پیدا کرنے والے ہوں گے۔ **خلافت کے انعامات اُن لوگوں کے ساتھ ہی وابستہ ہیں جو نماز کے قیام کی طرف نظر رکھیں گے۔** اللہ تعالیٰ کے فضل سے امریکہ میں مساجد بنانے کی طرف بہت توجہ پیدا ہوئی ہے، لیکن مساجد بنانے کا فائدہ تو تبھی ہے جب اُن کے حق بھی ادا ہوں۔ اور مساجد کے حق اُن کو آباد کرنا ہے۔ اور آبادی کے لئے خدا تعالیٰ نے جو معیار رکھا ہے وہ پانچ وقت مسجد میں آ کر نماز ادا کرنا ہے۔ ہمارا دعویٰ ہے کہ دنیا میں دینی اور روحانی انقلاب ہم نے پیدا کرنا ہے اور یہ دینی اور روحانی انقلاب بغیر عبادت کا حق ادا کئے پیدا نہیں ہو سکتا اور عبادت کے حق کے لئے سب سے اہم اور ضروری چیز نماز ہے۔ پس اپنی نمازوں کی حفاظت کریں۔ اگر ہم میں سے بعض لوگ یا خطبات اور تقاریر نہیں سنتے یا سنتے ہیں اور بے دلی سے سنتے ہیں، ایک کان سے سنا اور دوسرے سے نکال دیا تو اُس عہدِ بیعت کو پورا کرنے والے نہیں ہیں کہ دین کو دنیا پر مقدم رکھوں گا، جو بھی معروف فیصلہ فرمائیں گے، اُس کی پابندی کروں گا۔ دین کو مذاق نہ سمجھیں کہ خود تو نمازوں اور دعاؤں کی عادت نہیں ہے، اُس طرف کوئی توجہ نہیں ہے اور اپنے مسائل اور دنیاوی معاملات کے لئے دعا کے لئے کہہ رہے ہیں۔ پہلے خود تو اللہ تعالیٰ کی طرف توجہ کریں، پھر کہیں۔ جب تک خود اپنی حالتوں میں تبدیلی پیدا نہیں کریں گے، یا تبدیلی پیدا کرنے کے لئے اپنی انتہائی کوشش نہیں کریں گے، دوسرے کی دعائیں بھی پھر اثر نہیں کریں گی۔	13/ جولائی	28

خطبہ فرمودہ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		ہمیشہ یاد رکھیں کہ صرف ہمارا اعتقاد ہمیں نہیں بچائے گا، نہ ہمارا اعتقاد انقلابی تبدیلیاں لائے گا بلکہ ہمارے عمل ہیں جو انقلاب لائیں گے انشاء اللہ۔ اور سب سے بڑھ کر ہماری دعائیں ہیں جو جب اللہ تعالیٰ قبول فرمائے گا تو دنیا میں ایک انقلاب برپا ہوگا اور دعائیں کرنے کا بہترین ذریعہ نمازیں ہی ہیں۔ پس اپنی نمازوں کی حفاظت ہر احمدی کا فرض ہے اور جب مجموعی طور پر تمام دنیا کے رہنے والے احمدیوں کا رُخ ایک طرف ہوگا تو یہ دعاؤں کے دھارے ایک انقلاب لانے کا باعث بنیں گے۔ خلافت کے ہاتھ مضبوط کرنے کے لئے ہر احمدی کا فرض بنتا ہے کہ اپنی نمازوں کی طرف توجہ دے تا کہ وہ انقلاب جو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ وابستہ ہے، جس کے نتیجے میں دنیا کی اکثریت نے حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جھنڈے تلے جمع ہونا ہے، وہ جو دعاؤں کے ذریعے سے عمل میں آنا ہے، وہ عمل میں آئے۔ اپنے عمل سے ثابت کریں اور دنیا کو بتائیں کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بیعت میں آکر ہم میں وہ پاک تبدیلیاں پیدا ہوئی ہیں جس نے ہمیں خدا سے ملایا ہے۔ (مکرم امر معروف عزیز صاحب مبلغ انڈونیشیا اور مکرمہ طاہرہ ونڈر مین صاحبہ اہلیہ مکرم نواب محمود ونڈر مین صاحب مرحوم آف لندن کی وفات۔ مرحومین کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب		
29/جون	بمقام ہیرس برگ (Harrisburg) نسلوینیا (Pennsylvania) امریکہ	اگر جلسہ کی برکات اور فیض کا صحیح اِدراک ایک احمدی کو ہو جائے اور اُس کے حصول کی کوشش بھی کرے اور پھر ہر سال جلسہ میں شامل ہونے کی وجہ سے ان برکات اور پاک تبدیلیوں کو جمع کرتا چلا جائے تو ہر سال تقویٰ میں ترقی کی نئی منزلیں ہم ہر احمدی میں دیکھیں گے۔ تقویٰ کے معیار اونچے کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ کا حق ادا کرنے کے لئے صرف نمازوں پر ہی اکتفا نہ ہو۔ اپنی نمازوں کو پھر نوافل سے بھی سجائیں۔ تہجد اور دوسرے نوافل کی طرف توجہ دیں۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جلسہ کے مقاصد بیان کرتے ہوئے حقوق العباد کی ادائیگی کی طرف بھی بہت توجہ دلائی ہے۔ آپس کے رشتوں میں، آپس کے تعلقات میں جماعت کے اندر ایک محبت اور پیار کا بھی خاص رنگ ہونا چاہئے۔ سچی تبدیلی تقویٰ اور طہارت پیدا کرنے کے لئے اپنے دینی علم کو بھی بڑھانے کی ضرورت ہے''۔ حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ارشادات کے حوالہ سے احباب جماعت کو اہم نصائح	20/جولائی	29
6/جولائی	بمقام انٹرنیشنل سینٹر مسس ساگا (Mississauga) کینیڈا	جلسے کی برکات سے بھر پور فائدہ اُٹھانے اور حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خواہشات اور دعاؤں کا وارث بننے کے لئے ہر احمدی کو ایک نئے عزم کے ساتھ یہ عہد کرنا چاہئے اور اس کے لئے بھر پور کوشش کرنی چاہئے کہ ہم اپنے معیارِ تقویٰ کو بڑھاتے چلے جانے کی کوشش کرتے چلے جائیں گے۔ ضروری نہیں ہے کہ انتہائی برائیوں میں ہی انسان مبتلا ہو، چھوٹی چھوٹی برائیوں کو بھی دور کرنے کی کوشش کرنی چاہئے کیونکہ یہ چھوٹی برائیاں ہی بعض دفعہ تقویٰ سے دور لے جاتی ہیں اور برائیوں میں مبتلا کرتی چلی جاتی ہیں۔ اس ملک میں آکر اللہ تعالیٰ کے فضلوں کے دنیاوی لحاظ سے جو دروازے کھلے ہیں اُنہیں اللہ تعالیٰ کے انعامات کے حصول کا ذریعہ بنائیں نہ کہ خدا تعالیٰ کی ناراضگی کا۔ غلبۂ احمدیت اور غلبۂ اسلام تو ہونا ہی ہے لیکن اگر ہم تقویٰ پر ترقی کرنے والے ہوئے تو ہم اپنی زندگیوں میں انشاء اللہ تعالیٰ ان ترقیات اور غلبہ کو دیکھنے والے ہوں گے۔	27/جولائی	30
13/جولائی	مسجد بیت الاسلام۔ ٹورانٹو (کینیڈا)	ایک احمدی مسلمان کے لئے اس سے بڑھ کر اور کیا بڑا انعام اور احسان ہے کہ اُسے اللہ تعالیٰ نے اس زمانے کے امام کو ماننے کی توفیق عطا فرمائی ہے جس نے نیکیوں کے بجالانے اور پاک تبدیلیاں پیدا کرنے کی طرف رہنمائی کی ہے۔ پس ہر احمدی کو شکر گزاری کے اس مضمون کو سمجھنا چاہئے تا کہ اللہ تعالیٰ کے انعامات کو حاصل کرنے والا بنے۔ جماعت احمدیہ امریکہ اور کینیڈا کے جلسہ ہائے سالانہ کے	3/اگست	31

خطبہ فرمودہ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
20؍جولائی	مسجد بیت الفتوح	کامیاب انعقاد پر اللہ تعالیٰ کی شکرگزاری کے جذبات کا اظہار اور حقیقی شکرگزاری کے طریقوں کی طرف رہنمائی۔ ہمیشہ اللہ تعالیٰ کے فضلوں اور احسانوں کو یاد رکھ کر اللہ تعالیٰ کا شکرگزار بندہ بننے کی کوشش کرتے رہنا چاہئے۔ صرف مالی قربانی کو ہی اپنی شکرگزاری کی انتہا نہ سمجھیں بلکہ اللہ تعالیٰ کے حضور جھکنے والا بننے کی بھی بے انتہا کوشش کرنی چاہئے۔ حقیقی شکرگزار اور عبدِ رحمان بننے کے لئے عبادت گزار ہونا بھی ضروری ہے۔ مَیں خدا تعالیٰ کا شکر کرتا ہوں کہ اُس نے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام کو ایسی جماعت عطا فرمائی ہے جس کا خلافت سے انتہائی وفا کا تعلق ہے۔ اس اخلاص و وفا کو کبھی مرنے نہ دیں۔ اپنی نسلوں میں بھی جاری رکھنے کی کوشش کریں۔ آپ کے اخلاص و وفا کا اظہار تب حقیقی ہوگا جب اس اظہار کو خدا تعالیٰ کے ذکر اور اُس کی عبادت کے اعلیٰ معیار قائم کرنے میں ڈھال لیں۔ جلسہ سالانہ کے مختلف انتظامات میں جو کمیاں اور کمزوریاں رہ گئی ہیں ان کو لال کتاب میں درج کرکے آئندہ سال کے پروگرام بناتے ہوئے انہیں مدنظر رکھنے کی تاکیدی نصیحت۔ جماعت کے افراد کے اخلاص میں کوئی شبہ نہیں لیکن عہدیداروں کو بھی اپنی طرف نظر رکھنی ہوگی کہ وہ کس نیت سے کام کر رہے ہیں۔ ہمیشہ یاد رکھیں کہ نیک نیتی ہے جو کاموں میں برکت ڈالے گی۔ جلسہ کے دوران پیدا ہونے والی پاک تبدیلیوں کو دوام دینے اور انہیں زندگیوں کا مستقل حصّہ بنانے کی نصیحت۔ ایک مومن کی شان ہے کہ جب وہ بندوں کے احسانوں کا بھی شکرگزار ہوتا ہے تو احسان کا منبع خدا تعالیٰ کی ذات کو سمجھتا ہے۔ اپنے تعلقات کو، اپنی کامیابیوں کو اپنی کسی خوبی پر محمول نہ کریں بلکہ خدا تعالیٰ کا فضل سمجھتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی تعریف کریں کہ اُس نے آپ کو یہ موقع دیا کہ تعلقات بنائیں۔ اور ان تعلقات سے ہمارا مقصد اپنا ذاتی مفاد اُٹھانا نہیں ہے، نہ کبھی یہ ہونا چاہئے۔ اگر کسی کے دل میں یہ خیال ہے کہ شاید ان تعلقات سے ہمارا کوئی مفاد وابستہ ہے یا ہماری کوئی اپنی قابلیت ہے جس کی وجہ سے یہ تعلقات بنے یا جماعت احمدیہ کی ترقی اس سے وابستہ ہے تو وہ بالکل غلط ہے۔ ہمارا انحصار خدا تعالیٰ کی ذات پر ہے۔ جماعت کی ترقی خدا تعالیٰ کے فضل سے ہے، کسی حکومت کی مدد سے نہیں۔ ہمیشہ اس سوچ کے ساتھ تعلقات رکھیں کہ ہم نے ان دنیاوی لیڈروں سے کچھ لینا نہیں بلکہ دینا ہے۔ شکرگزاری کے جذبات سب سے بڑھ کر اللہ تعالیٰ کے لئے ہوں اور پھر دیکھیں کہ اللہ تعالیٰ کے فضل کس طرح بڑھتے رہیں گے۔ یاد رکھیں جماعت کے کاموں میں کبھی دنیاداری راس نہیں آتی۔ (امریکہ اور کینیڈا کے دوروں کے حوالہ سے غیروں سے تعلقات بنانے کے سلسلہ میں اہم نصائح) واشنگٹن میں Capitol Hill میں منعقد ہونے والے فنکشن میں اللہ تعالیٰ کی رعب کے ساتھ نصرت کے وعدوں کا پُرشوکت اظہار۔ غیروں کے تأثرات کا تذکرہ۔ ان لوگوں تک اسلام کی خوبصورت تعلیم پہنچا دینا محض اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہوا ہے۔ اثر ہوتا ہے یا نہیں، یا عارضی طور پر اثر ہوا ہے تو کب زائل ہو جائے، بات پر کان دھرتے ہیں یا نہیں، لیکن ان پر اسلام کی خوبصورت تعلیم بہرحال واضح ہوگئی ہے۔ پس اصل حمد اللہ تعالیٰ کی ہے جس نے یہ سامان پیدا فرمائے اور اس بات کو ہر احمدی کو یاد رکھنا چاہئے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے کینیڈا جماعت عمومی طور پر اخلاص و وفا میں بڑی بڑھی ہوئی ہے۔ کینیڈا میں مختلف پروگراموں کی کامیابی اور جماعتی ترقیات کا تذکرہ اس رمضان سے بھی خوب فائدہ ہر احمدی کو اُٹھانا چاہئے۔ اپنی دعاؤں اور عبادتوں کو بھی انتہا تک لے جانے کی کوشش کرنی چاہئے۔ یہ دن اللہ تعالیٰ کے فضلوں کو جذب کرنے اور کھینچنے کے دن ہیں، ان سے بھرپور فائدہ ہر احمدی کو اُٹھانے کی کوشش کرنی چاہئے۔ مکرم چوہدری نعیم احمد گوندل صاحب اورنگی ٹاؤن کراچی کی شہادت اور محترم صاحبزادہ مرزا حفیظ احمد صاحب کی وفات کا تذکرہ اور مرحومین کی نماز جنازہ غائب	10؍اگست	32

خطبہ فرمودہ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
27/جولائی	مسجد بیت الفتوح	روزے کے مہینے میں اس سے وہی فیضیاب ہوگا جو اعمالِ صالحہ بھی بجا لائے گا، جو اللہ تعالیٰ کا خوف اور خشیت دل میں رکھتے ہوئے روزے رکھے اور اس کے ساتھ اپنے ہر عمل کو خدا تعالیٰ کی رضا کے مطابق ڈھالنے کی کوشش کرے۔ اگر ہم نے رمضان سے بھرپور فائدہ اُٹھانا ہے، اگر ہم نے شیطان کے جکڑے جانے، دوزخ کے دروازے بند ہونے اور جنت کے دروازے کھلنے سے بھرپور استفادہ کرنا ہے تو ہمیں اپنے حق بات کے قبلوں کو بھی درست کرنا ہوگا۔ اس رمضان میں ہم میں سے ہر ایک کو کوشش کرنی چاہئے کہ اپنے قبلے درست کرے، اپنی قولی اور عملی سچائیوں کے معیار بلند کرے اور خدا تعالیٰ کی رضا کی جنتوں میں جانے کی کوشش کرے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس کی توفیق دے۔ مکرم چوہدری شبیر احمد صاحب (وکیل المال اول تحریک جدید ربوہ)، مکرم مقبول احمد ظفر صاحب (مربی سلسلہ۔ ربوہ)، مکرمہ معراج سلطانہ صاحبہ اہلیہ حکیم بدرالدین عامل صاحب (قادیان) اور مکرمہ مریم سلطانہ صاحبہ اہلیہ ڈاکٹر محمد احمد خان صاحب شہید کی وفات اور مرحومین کی خوبیوں کا تذکرہ۔ نماز جنازہ غائب)	17/اگست	33
3/اگست	مسجد بیت الفتوح	حقیقی اسلام اب صرف اور صرف جماعت احمدیہ کے پاس ہے جو اس زمانے کے امام اور مسیح موعود اور مہدی معہود نے ہمیں کھول کر بتایا ہے اور سکھایا ہے۔ قرآن کریم کی تعلیم کا حقیقی فہم و ادراک ہمیں حاصل کروایا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی خشیت کی حقیقت کھول کر بیان فرمائی ہے۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام نے خشیت اور اسلام کو ایک چیز قرار دے کر ایک حقیقی مسلمان کو عالم کی صف میں کھڑا کر دیا۔ ساتھ ہی ہم پر ذمہ داری بھی ڈال دی کہ اللہ تعالیٰ کی صفات کا علم حاصل کرو اور پھر اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق ان صفات کا اپنی حالتوں میں اظہار بھی کرو۔ حقیقی علم خشیت اللہ پیدا کرتا ہے۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے ارشادات کے حوالہ سے حقیقی عالم اور خشیت اللہ کی پُر معارف تشریح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بعض دعاؤں کے حوالہ سے رمضان میں خصوصیت سے اللہ تعالیٰ کی خشیت کی روح کو سمجھتے ہوئے زندگیاں گزارنے کی نصیحت	24/اگست	34
10/اگست	مسجد بیت الفتوح	یہ یقیناً ہماری خوش قسمتی ہے کہ رمضان کے مہینے میں اپنے اندر ایک انقلاب پیدا کرنے کی ہمارے اندر ایک خواہش پیدا ہو اور پھر اس کے لئے ہم کوشش بھی کریں۔ لیکن ہماری کوشش اُس وقت بارآور ہو سکتی ہے، اُس وقت ہمیں فائدہ دے سکتی ہے جب اُس کے حصول کے لئے بھی ہم وہی طریق اختیار کریں جو خدا تعالیٰ نے ہمیں بتایا ہے۔ ہم اپنی مرضی سے اپنے بنائے ہوئے طریق سے رمضان سے فائدہ نہیں اُٹھا سکتے۔ پس عبد بننے کا عمل چند دن یا ایک مہینے کا عمل نہیں ہے۔ عبد بننے کے لئے مسلسل کوشش کی ضرورت ہے۔ ان دنوں میں ہمیں اپنے جائزے لینے کی ضرورت ہے اور خاص طور پر ہر سطح کے ذیلی تنظیموں کے بھی اور مرکزی عہدیداروں کو بھی مَیں کہتا ہوں کہ اپنے جائزے لیں۔ واقفینِ زندگی کو بھی اپنے جائزے لینے کی ضرورت ہے اور عمومی طور پر ہر احمدی کو تو ہے ہی کہ ہم جب نصیحت کرتے ہیں تو خود اپنی زندگیوں پر بھی اُن کے اثرات ظاہر ہوں۔ اگر ہر سطح پر اور ہر تنظیم کے عہدیدار اپنی عبادتوں کے معیار کو ہی بہتر کر لیں اور مسجدوں کو آباد کرنا شروع کر دیں تو مسجدوں کی آبادی جو ہے موجودہ حاضری سے دو تین گنا بڑھ سکتی ہے۔ پس اس طرف توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ قرآن کریم کا ایک یہ حکم بھی ہے کہ انصاف کو اس طرح قائم کرو کہ اپنے خلاف بھی گواہی دینی پڑے یا اپنے پیاروں والدین اور قریبیوں کے خلاف بھی گواہی دینی پڑے تو دو۔ اگر جائزے لیں تو ہم میں عموماً وہ معیار نظر نہیں آتے۔ اللہ تعالیٰ سے تعلق جوڑنا ہے تو ہر معاملے میں، ہر سطح پر اپنے آپ کو اللہ تعالیٰ کے حکموں کے مطابق لانے کی کوشش کرنے کی ضرورت ہے۔ صرف عہدیداروں تک ہی میری بات محدود نہیں ہے ہر احمدی کو اس بات کی طرف توجہ دینی چاہئے کہ اللہ تعالیٰ کا بننے کے لئے ہم تمام احکامات کو اپنے اوپر لاگو کرنے کی کوشش کریں۔	31/اگست	35

شمارہ	تاریخ اشاعت	خلاصہ	مقام	خطبہ فرمودہ
36-37	7-20 ستمبر	خدا تعالیٰ کے حکموں پر چلنا ایک انسان کو حقیقی عبدیت کے زمرہ میں شامل کرتا ہے اور اس کے لئے اللہ تعالیٰ نے بیشمار احکام اتارے ہیں جن پر چلنے کی انسان کو کوشش کرنی چاہئے۔ہم خوش قسمت ہیں کہ ہمیں اللہ تعالیٰ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اُمّت میں سے بنایا اور پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اُن تمام احکامات کا جو قرآنِ کریم کی صورت میں آپ پر اترے ہیں ایک عملی نمونہ بنا دیا، ایک ایسا عملی نمونہ جو کامل تھا، جس نے آپ کو عبدِ کامل بنا دیا۔لیکن آپ کی اُمّت میں سے ہونے اور مسلمان ہونے کے فیض ہم تبھی اُٹھا سکتے ہیں جب ہم آپؐ کے نقشِ قدم پر چلنے کی کوشش کریں۔جب ہم اُن احکامات کو اپنے اوپر لاگو کرتے ہوئے اس طرح بجا لانے کی کوشش کریں جس طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں کر کے دکھایا۔یہ عبدِ کامل تھا جس نے ہر معاملہ میں کامل نمونہ دکھا کر ایک انقلاب اُس زمانے کے جاہل لوگوں میں پیدا کر دیا اور اُنہیں باخدا انسان بنا دیا۔پس آج بھی اگر ہم نے ان برکات سے فائدہ اُٹھانا ہے جو آپ کی اُمّت میں آنے سے وابستہ ہیں اور عبد بننے کا حق ادا کرنا ہے تو اپنے آپ کو اس اسوہ پر چلانا ہوگا تاکہ اللہ تعالیٰ کے فضلوں کے وارث بن کر ہم اپنی دنیا و عاقبت سنوار سکیں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوہ حسنہ سے مختلف مثالوں کا تذکرہ اور اس حوالہ سے افراد جماعت کو نہایت اہم نصائح	مسجد بیت الفتوح	17/اگست
		حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے صحابہ کی بیعت کے بعض واقعات کا تذکرہ۔یہ واقعات ان خاندانوں کے لئے بھی اہم ہیں جن کے یہ بزرگ تھے اور قابل تقلید نمونے ہیں اور صرف یہی نہیں بلکہ ہر آنے والے احمدی کے ایمان میں ترقی اور استقامت کا نمونہ ہیں۔اس ذریعہ سے ہمیں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی سیرت کا بھی پتہ چلتا ہے جو ہمارے ایمان کو جلا بخشتا ہے۔مکرم ہاشم سعید صاحب آف یوکے کی وفات۔مرحوم کا ذکر خیر اور نماز جنازہ۔	مسجد بیت الفتوح	24/اگست
38	21/ستمبر	دنیا کے احمدیوں کے نزدیک اور ہمارے غیر از جماعت مہمانوں کے نزدیک یوکے کا جلسہ سالانہ اب صرف یوکے کا جلسہ سالانہ نہیں رہا بلکہ مرکزی جلسہ سالانہ ہے اور اس کی وجہ یہی ہے کہ خلیفۂ وقت کی یہاں رہائش ہے۔گو کہ اکثر حصہ جلسہ سالانہ کے اخراجات کا یوکے جماعت ہی برداشت کرتی ہے لیکن بہرحال مرکز کو بھی اخراجات میں تیس پینتیس فیصد حصہ یا بعض دفعہ زیادہ ڈالنا پڑتا ہے۔یہ مَیں اس لئے بتا رہا ہوں کہ بعض طبائع بعض دفعہ یہ اظہار کر دیتی ہیں کہ یوکے جماعت پر مرکز بہت بوجھ ڈال دیتا ہے۔مہمان نوازی کوئی معمولی بات نہیں ہے۔انبیاء کے اوصاف میں سے ایک وصف ہے اور حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کو تو خاص طور پر جو کام دیئے گئے ہیں اُن میں سے ایک اہم کام مہمان نوازی کا بھی ہے۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے کاموں کی سرانجام دہی کے لئے آپ کے ہر طرح سے مددگار بننے کے لئے ہمارا یہ بھی فرض بنتا ہے کہ جو کام مہمان نوازی کا ہمارے سپرد کیا گیا ہے اُس کو بھی احسن رنگ میں بجالائیں۔ہر کارکن یہ خیال رکھے کہ صرف اپنی ڈیوٹی ادا کرنا ہی اُس کا فرض نہیں ہے بلکہ خاص طور پر ان دنوں میں نمازوں اور عبادت کی طرف توجہ اور باقاعدگی بھی انتہائی اہم ہے۔اُن احمدیوں کو جو اپنے ساتھ مہمان لاتے ہیں یا لانا چاہتے ہیں، یا انتظام کرواتے ہیں، مَیں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ جن مہمانوں کو لانا ہے اُن کے بارے میں پہلے بتا دینا چاہئے اور انتظامیہ سے معاملات طے کر لینے چاہئیں۔جلسہ سالانہ یوکے کی مناسبت سے قرآن مجید، احادیث نبویہ اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے ارشادات و واقعات کی روشنی میں مہمان نوازی اور انتظامات جلسہ سے متعلق اہم نصائح۔مہمانوں کی اور خاص طور پر حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مہمانوں کی مہمان نوازی کو	مسجد بیت الفتوح	31/اگست

شمارہ	تاریخ اشاعت	خلاصہ	مقام	خطبہ فرمودہ
39	28ستمبر	فضلِ الٰہی سمجھیں اوراس کے لئے پہلے سے بڑھ کر قربانی کے جذبے کے تحت اپنی خدمات پیش کریں اور بجالائیں۔ اللہ تعالیٰ سب کارکنان کواس کی توفیق عطا فرمائے۔ اور سب سے بڑھ کر یہ کہ دعاؤں پر بہت زور دیں، اللہ تعالیٰ جلسے کو ہر لحاظ سے بابرکت فرمائے۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جلسہ کے قیام کا بنیادی مقصد یہ بیان فرمایا ہے کہ ایسی جماعت تیار ہو جو خدا تعالیٰ کی معرفت میں ترقی کرنے والی ہو۔ خدا تعالیٰ کا خوف اُن میں پیدا ہو۔ زُہد اور تقویٰ اُن میں پیدا ہو۔ خدا ترسی کی عادت اُن میں پیدا ہو۔ آپس کا محبت اور پیار اُن میں پیدا ہو۔ وہ نرم دلی اور باہم محبت کا اعلیٰ معیار حاصل کرنے والے ہوں۔ بھائی چارے کی مثال بن کر رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ کا نمونہ بن جائیں۔ انکسار، عاجزی اُن کا شیوہ ہو۔ سچائی کے ایسے اعلیٰ معیار قائم ہوں جس کی مثال نہ مل سکے۔ اسلام کا پیغام دنیا کے کونے کونے میں پہنچانے کے لئے اُن کے دل میں ایک تڑپ ہو جس کے لئے جان، مال، وقت اور عزت کی قربانی کے لئے ہر وقت تیار ہوں۔ جو لوگ جلسہ میں شمولیت کے لئے آئے ہیں، اُنہیں ان باتوں کا خیال رکھنے کی ضرورت ہے کہ کیا ہم حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خواہشات کا احترام کرتے ہوئے جلسہ کے اس مقصد کو پورا کر رہے ہیں؟ (جماعت احمدیہ برطانیہ کے جلسہ میں شامل ہونے والے تمام افراد کو اور انتظامیہ کو نہایت اہم ہدایات) کرم راؤ عبدالغفار صاحب ابن مکرم محمد تحسین صاحب (کراچی) کی شہادت، مکرمہ صاحبزادی قدسیہ بیگم صاحبہ بنت حضرت سیدہ نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہؓ و حضرت نواب عبداللہ خان صاحبؓ، مکرم چوہدری نذیر احمد صاحب سابق امیر ضلع بہاولپور اور مکرم فراس محمود صاحب آف سیریا کی وفات۔ مرحومین کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب	حدیقۃ المہدی۔ آلٹن	7ستمبر
40	5اکتوبر	اللہ تعالیٰ کے فضلوں اور انعاموں کا سلسلہ اس سال ایک نئی شان سے یورپ میں بھی اور افریقہ میں بھی، امریکہ میں بھی اور ہندوستان میں بھی ہمیں نظر آیا۔ اور جماعت احمدیہ برطانیہ کے جلسہ میں بھی ہر ایک نے مشاہدہ کیا اللہ تعالیٰ کے فضلوں کی بارش جو جماعت احمدیہ پر ہو رہی ہے یہ ہمیں یہ حوصلہ دلاتی ہے، تسلی دلاتی ہے کہ ہم من حیث الجماعت اللہ تعالیٰ کے اُن بندوں میں شامل ہیں جو اللہ تعالیٰ کے فضلوں پر اُس کے شکر گزار ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے لئے شکر گزاری کا حق تو ہم ادا نہیں کر سکتے لیکن کوشش ضرور کر سکتے ہیں اور ہمیشہ کرتے چلے جانا چاہئے تاکہ اللہ تعالیٰ کے فضلوں اور انعاموں کو ہم حاصل کرنے والے بنتے چلے جائیں۔ مجموعی طور پر اللہ تعالیٰ کے بیشمار فضل اور احسانات ہوئے ہیں، جلسہ کی برکات کو یہاں شامل ہونے والوں نے محسوس کیا جیسا کہ مَیں نے کہا اور دنیا میں ایم ٹی اے یا انٹرنیٹ کے ذریعہ شامل ہونے والوں نے بھی محسوس کیا۔ اللہ تعالیٰ ان برکات کو ہمیشہ بڑھاتا چلا جائے اور ہمیں اُن لوگوں میں شامل فرمائے جو اُس کے حقیقی شکر گزار ہوتے ہیں۔ جلسہ سالانہ برطانیہ کے نہایت کامیاب بابرکت انعقاد پر شکر گزاری کے مضمون کی طرف توجہ دلاتے ہوئے بعض کمیوں کو دور کرنے اور انتظامات کو مزید بہتر بناتے چلے جانے کے لئے اہم نصائح۔ مکرم ماسٹر ملک محمد اعظم صاحب مرحوم اور مکرم محمد نواز صاحب ابن مکرم احمد علی صاحب اور مکرمہ وے مریم کوریاباہ کی وفات پر ان کا ذکر خیر اور ملک محمد اعظم صاحب کی نماز جنازہ حاضر اور دیگر دونوں مرحومین کی نماز جنازہ غائب	مسجد بیت الفتوح	14ستمبر
41	12اکتوبر	دشمنانِ اسلام نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق جو بیہودہ اور لغو فلم بنائی ہے اور جس ظالمانہ طور پر اس فلم میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق اہانت کا اظہار کیا گیا ہے اس پر ہر مسلمان کا غم اور غصہ ایک قدرتی بات ہے۔ اس عظیم محسنِ انسانیت کے بارے میں ایسی اہانت سے بھری ہوئی فلم پر یقیناً ایک مسلمان کا دل خون ہونا چاہئے تھا اور ہوا اور سب سے بڑھ کر ایک احمدی مسلمان کو تکلیف پہنچی کہ ہم	مسجد بیت الفتوح	21ستمبر

خطبہ فرمودہ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عاشقِ صادق اور غلام صادق کے ماننے والوں میں سے ہیں۔ جس نے ہمیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عظیم مقام کا ادراک عطا فرمایا۔ پس ہمارے دل اس فعل پر چھلنی ہیں۔ ہمارے جگر کٹ رہے ہیں۔ ہم خدا تعالیٰ کے حضور سجدہ ریز ہیں کہ ان ظالموں سے بدلہ لے۔ اُنہیں وہ عبرت کا نشان بنا جو رہتی دنیا تک مثال بن جائے۔ یہ لوگ جو اپنی ضد کی وجہ سے خدا تعالیٰ سے مقابلہ کر رہے ہیں، انشاء اللہ تعالیٰ اُس کی پکڑ میں آئیں گے۔ ان لوگوں کی بیہودہ گوئیوں اور ظلموں اور استہزاء سے اُس عظیم نبی کی عزت و ناموس پر کوئی فرق نہیں پڑتا۔ یہ تو ایسا عظیم نبی ہے جس پر اللہ تعالیٰ اور اُس کے فرشتے بھی درود بھیجتے ہیں۔ مومنوں کا کام ہے کہ اپنی زبانوں کو اس نبی پر درود سے تر رکھیں اور جب دشمن جو ہے وہ بیہودہ گوئی میں بڑھے تو پہلے سے بڑھ کر درود و سلام بھیجیں۔ مسلمانوں کو اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق یہ ردّعمل دکھانا چاہئے کہ درود شریف سے اپنے ملکوں، اپنے علاقوں، اپنے ماحول کی فضاؤں کو بھر دیں۔ یہ ردّعمل ہے۔ یہ ردّعمل تو بے فائدہ ہے کہ اپنے ہی ملکوں میں، اپنی ہی جائیدادوں کو آگ لگائی جائے یا اپنے ہی ملک کے شہریوں کو مارا جائے یا جلوس نکل رہے ہیں تو پولیس کو مجبوراً اپنے ہی شہریوں پر فائرنگ کرنی پڑے اور اپنے لوگ ہی مر رہے ہوں۔ دنیا کے امن کے لئے بھی ضروری ہے کہ اس کو بھی یو این او کے امن چارٹر کا حصہ بنایا جائے کہ کوئی ممبر ملک اپنے کسی شہری کو اجازت نہیں دے گا کہ دوسروں کے مذہبی جذبات سے کھیلا جائے۔ مسلمان اگر اپنی اہمیت کو سمجھیں تو دنیا میں ایک انقلاب پیدا ہو سکتا ہے۔ ملکوں کے اندر مذہبی جذبات کے احترام کے قانون بنوا سکتے ہیں۔ لیکن بدقسمتی ہے کہ اس طرف توجہ نہیں ہے۔ **جو جماعت توجہ دلاتی ہے یعنی جماعت احمدیہ، اُس کی مخالفت میں کمربستہ ہیں اور دشمنوں کے ہاتھ مضبوط کر رہے ہیں۔ (کراچی کے دو شہداء مکرم نوید احمد صاحب ابن مکرم ثناء اللہ صاحب اور مکرم محمد احمد صدیقی صاحب ابن مکرم ریاض احمد صدیقی صاحب کی شہادت کا تذکرہ۔ مرحومین کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب**		
خطبہ عیدالاضحیہ فرمودہ مورخہ 7/نومبر 2011ء	مسجد بیت الفتوح۔ مورڈن۔لندن	اس عید پر ہمارا جمع ہونا اس لئے نہیں کہ ہم نے ایک خوشی کا دن منانا ہے۔ بیشک خوشی بھی اللہ اور رسول کے حکم کے مطابق ہم مناتے ہیں اور عیدوں پر خوشیاں منانا بھی اللہ تعالیٰ کی اطاعت کا پہلو اپنے اندر رکھتی ہے لیکن اس کے پیچھے جو عظیم مقاصد ہیں اُن کو ہمیشہ ہمیں اپنے پیشِ نظر رکھنا چاہئے اور اس روح کو اپنی نسلوں میں بھی قائم کرنے کے لئے کوشش اور دعاؤں سے کام لینا چاہئے۔ اُمّتِ مسلمہ کو ایک کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ کے بتائے ہوئے طریق پر ہی چلنا ہوگا۔ کسی کے خود ساختہ طریق اور کسی امام کا کوئی طریق کام نہیں آ سکتا۔ اُسی امام کا طریق کام آئے گا جس کو خدا تعالیٰ نے امام بنا کر بھیجا ہے۔ اُس شخص کے ساتھ جڑنا ہوگا جس کو خدا تعالیٰ نے الہاماً فرمایا ہے کہ سب مسلمانوں کو جو روئے زمین پر ہیں جمع کرو عَلٰی دِیْنٍ وَاحِدٍ۔ بیشک اس زمانے میں احمدیت کا غلبہ مقدّر ہے لیکن ہمارے لئے اس غلبے کو اپنی زندگی میں دیکھنے کے لئے ایک ہی ذریعہ ہے کہ خدا تعالیٰ کے دامن کو اس طرح پکڑیں کہ اِنِّیْ قَرِیْبٌ اور اَلَا اِنَّ نَصْرَ اللّٰہِ قَرِیْبٌ (کہ مَیں تمہارے قریب ہوں۔ یقیناً اللہ کی مدد قریب ہے) کی پُرشوکت آواز ہم سن سکیں۔	19/اکتوبر	42
28/ستمبر	مسجد بیت الفتوح	امریکہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بارہ میں بنائی گئی نہایت ظالمانہ اور دلآزار فلم پر جماعت احمدیہ کا ردّعمل معلوم کرنے کے لئے آئے ہوئے پریس اور میڈیا کے نمائندگان کا حضور انور ایدہ اللہ سے انٹرویو اور اس ذریعہ سے دنیا بھر میں وسیع پیمانے پر اسلامی تعلیم کی تشہیر کا تذکرہ یہ اللہ تعالیٰ کا خاص فضل اور اُس کی تائید تھی کہ اس طرح کوریج ہوئی ورنہ اگر ہم اپنی کوشش بھی کرتے تو صحیح اسلامی مؤقف	19/اکتوبر	

خطبہ فرمودہ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		جو جماعت احمدیہ پیش کرتی ہے، دنیا کو اس کا پتہ نہ چلتا، یا ہم وسیع طور پر دنیا تک نہ پہنچا سکتے۔ اب اس کو آگے بڑھانا، اس کو رتج سے فائدہ اُٹھانا ہر جگہ کی جماعت کا اور ہر احمدی کا کام ہے۔ ایک تو جیسا کہ مَیں نے گزشتہ خطبہ میں کہا تھا، اپنے عمل سے دنیا کے سامنے اسلام کی خوبصورت تعلیم پیش کریں۔ لیکن ساتھ ہی متعلقہ مرکزی دفتر بھی جیسا کہ میں نے کہا اور جماعتیں بھی فوری توجہ دیتے ہوئے خطبہ کا اپنی اپنی زبانوں میں ترجمہ کر کے وسیع طور پر شائع کریں اور پریس کے حوالے سے بھی ذکر کریں اور ہر ذی شعور تک اسلامی مؤقف کو پہنچائیں۔ نیز اس میں یہ بھی درج ہو کہ اگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت کے حسین پہلوؤں کو دیکھنا ہے تو حقائق اور تاریخ کی روشنی میں تمہیں ہم لٹریچر بھی مہیا کرتے ہیں، کتب بھی مہیا کرتے ہیں یا کر سکتے ہیں۔ اسی طرح ہماری ویب سائٹ ہے اور مختلف جماعتوں کی بھی ہیں اُن کا بھی پتہ دیں۔ مرکزی ویب سائٹ کا پتہ دیں جس میں یہ لٹریچر موجود ہو۔ اپنے علاقے کی لائبریریوں میں بھی مثلاً یورپ میں یا انگلستان میں یا انگریزی بولنے والے ملکوں میں سیرت سے متعلق جماعت کی وہ کتب رکھوانی چاہئیں جن کا انگریزی ترجمہ ہو چکا ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کتاب Life of Muhammad کی وسیع پیمانے پر اشاعت ہونی چاہئے۔ دنیا کے سامنے ہم نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت کے خوبصورت پہلوؤں کو رکھنا ہے۔ یہ ہمارا کام ہے اور اس کو ہمیں بہرحال ایک کوشش کر کے سرانجام دینا چاہئے۔ آج یہ کام ایک لگن کے ساتھ صرف جماعت احمدیہ ہی کر سکتی ہے۔ اس کے لئے ہر طرح کے پروگرام کی پہلے سے بڑھ کر کوشش کریں۔ سیمینار بھی ہوں، جلسے بھی ہوں اور ان میں غیروں کو زیادہ سے زیادہ تعداد میں بلائیں۔ میرا گزشتہ خطبہ ہر زبان میں ترجمہ کر کے ایک چھوٹے سے پمفلٹ کی صورت میں بنا کر ایک مہم کی صورت میں اُس طرح تقسیم کر دیں جس طرح پہلے امن کے حوالے سے لیف لیٹنگ ہوئی تھی، لیکن اس کام کو زیادہ دیر نہیں لگنی چاہئے۔ تحفۂ قیصریہ میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے امن اور مذہب کے احترام کے متعلق جو پیغام دیا ہے اس کی تشہیر کی آج بھی بہت ضرورت ہے۔ اس پر بھی فوری کام ہونا چاہئے۔ مکرم مولانا نصر اللہ خان ناصر صاحب مربی سلسلہ کی وفات۔ مرحوم کا ذکر خیر اور نماز جنازہ		
5/اکتوبر	مسجد بیت الفتوح	آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق عالیہ اور عظمت شان کے بارہ میں بعض غیر مسلموں کے عترافات کا تذکرہ۔ اللہ کرے کہ دنیا اس عظیم ترین انسان کے مقام کو سمجھتے ہوئے بجائے لاتعلق رہنے یا مخالفت اور استہزاء کرنے کے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دامن میں پناہ لینے کی کوشش کرے تا کہ اللہ تعالیٰ کے عذاب سے بچ سکے۔ دنیا کے نجات دہندہ صرف اور صرف آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور ہر حقیقت پسند منصف اور سچے غیر مسلم کا بھی یہی بیان ہوگا۔ پہلے انبیاء کی سچائی بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی سے ہی ثابت ہوتی ہے اور آپؐ کے ذریعہ سے ہی ثابت ہوتی ہے۔ یہ ہے مقام ختم نبوت جس کا ہر احمدی نے دنیا میں پرچار کرنا ہے اور اس کے لئے ہر ایک کو کوشش کرنی چاہئے۔ مسلم اُمّہ کے لئے آج کل بہت دعائیں کریں۔ مسلمان سربراہوں کو اللہ تعالیٰ عقل دے کہ وہ اپنے شہریوں کے خون سے نہ کھیلیں۔ شہریوں کو عقل دے کہ غلط لیڈروں کا آلۂ کار بن کر ایک دوسرے کی گردنیں نہ ماریں۔ مسلمان حکومتوں کو عقل دے کہ وہ غیروں کا آلۂ کار بن کر ایک دوسرے پر حملہ نہ کریں۔ مکرم خواجہ ظہور احمد صاحب ابن مکرم خواجہ منظور احمد صاحب آف سرگودھا کی شہادت۔ مکرمہ صاحبزادی امتہ السمیع صاحبہ بیگم صاحبزادہ مرزا رفیع احمد صاحب اور مکرم چوہدری خالد احمد صاحب ابن مکرم چوہدری محمد شریف صاحب کی وفات۔ مرحومین کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب۔	26/اکتوبر	43

خطبہ فرمودہ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
12 ر اکتوبر	مسجد بیت الفتوح	صحابہ کے خاندانوں کے بعض افراد جو جماعت سے دُور ہٹ جاتے ہیں، وہ بعض افرادِ جماعت یا عہدیداروں وغیرہ کے رویہ کی وجہ سے دُور ہٹتے ہیں اور پھر نوبت یہاں تک آ جاتی ہے کہ یہ کہنے لگ جاتے ہیں کہ ہمارے بزرگ غلط تھے۔ پس ایسے لوگوں کو ذرا ذرا سی بات پر رُودرنجی دکھانے کی بجائے اپنے لئے بھی خدا تعالیٰ سے ہدایت پر قائم رہنے کی دعا مانگنی چاہئے اور جو لوگ وجہ بن رہے ہیں اُن کے لئے بھی دعا کرنی چاہئے۔ اپنے بزرگوں کے احسانوں کو یاد کریں جس میں سے سب سے بڑا احسان حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کو مان کر ہمارے خون میں اس فیض کو جاری کرنا ہے۔ اللہ کرے کہ صحابہ کی اولادیں ہمیشہ دین پر قائم رہنے والی ہوں اور اُن کے لئے دعا کرنے والی ہوں۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے بعض صحابہ کی روایات کا ایمان افروز تذکرہ جوں جوں جماعت ترقی کی منازل طے کر رہی ہے، حاسدوں کی اور مفسدین کی سرگرمیاں بھی تیز ہوتی چلی جا رہی ہیں اور وہ مختلف طریقوں سے جماعت کو نقصان پہنچانے کے درپے ہیں۔ بعض دفعہ چھپ کر حملے کرتے ہیں۔ بعض دفعہ ظاہری حملے کرتے ہیں۔ بعض دفعہ ہمدرد بن کر وار کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اس لئے ہر احمدی کو دشمن کے ہر قسم کے شر سے بچنے کے لئے بہت دعائیں کرنے کی ضرورت ہے۔ کسی بدفطرت فتنہ پرداز کی طرف سے فیس بک (facebook) پر حضرت باوا نانک صاحبؒ کی تصویر پر غلیظ فقرات لکھ کر اشتعال انگیزی کی نہایت مکروہ اور مذموم حرکت جیسا کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اقتباسات سے ظاہر ہوتا ہے ہمارے نزدیک حضرت باوا نانکؒ کا مقام بہت بلند ہے اور ہم اُنہیں بڑی عزت و احترام سے دیکھتے ہیں۔ مکرم عبدالرزاق بٹ صاحب، مکرمہ ڈاکٹر فہمیدہ منیر صاحبہ اور مکرمہ ناصرہ بنت ظریف صاحبہ اہلیہ مکرم ڈاکٹر عقیل بن عبدالقادر صاحب شہید کی وفات، مرحومین کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب	2 ر نومبر	44
19 ر نومبر	مسجد بیت الفتوح	حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مختلف صحابہ کی بعض دلچسپ اور ایمان افروز روایات کا تذکرہ۔ یہ وہ لوگ تھے جنہوں نے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ہاتھ پر بیعت کر کے اپنی روحانیت میں بھی مزید ترقی کی۔ اللہ تعالیٰ ان بزرگوں پر ہزاروں ہزار رحمتیں اور برکتیں نازل فرمائے۔ کراچی اور گھٹیالیاں میں ہونے والی حالیہ دو شہادتوں کا تذکرہ اور دعا کی تحریک۔ مکرمہ سیدہ امۃ الرحمٰن صاحبہ اہلیہ مکرم سید عبدالغنی شاہ صاحب مرحوم کی وفات۔ مرحومہ کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب۔	9 ر نومبر	45
26 ر نومبر	مسجد بیت الفتوح	ہر احمدی بڑی اچھی طرح یہ جانتا ہے کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اسلام کی نشأۃ ثانیہ کے لئے اللہ تعالیٰ نے بھیجا ہے۔ اور صرف احمدی ہی نہیں بلکہ شریف الطبع غیر از جماعت بھی اس بات کو تسلیم کرتے ہیں اور اعتراف کرتے ہیں کہ جماعت احمدیہ ہی اسلام کی خدمت کا حق ادا کر رہی ہے۔ اس وقت حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام ہی ہیں جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی صداقت کی اس طرح گواہی دے رہے ہیں جس کی نظیر کہیں اور نہیں ملتی اور پھر آپ کی تعلیم کے زیر اثر آپ کی قائم کردہ جماعت ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف بڑھنے والے ہر ہاتھ اور دریدہ دہنی کرنے والی ہر زبان کو روکنے کے لئے صحیح ردّعمل کا اظہار کر رہی ہے۔ جتنی جانی قربانی جماعت نے گزشتہ دو سال میں پاکستان میں دی ہے، پہلے کبھی نہیں دی۔ پس یہ قربانیاں رائیگاں جانے کے لئے نہیں بلکہ فتوحات دکھانے کے لئے ہیں۔ بیشک جماعت کی ترقی کے لئے قربانیاں بھی ضروری ہیں لیکن یہ بھی دعا ہمیں کرنی چاہئے کہ اللہ تعالیٰ ان قربانیوں کو قبول فرماتے ہوئے ہمیں فتوحات کے نظارے بھی جلد دکھائے۔ کراچی کے تین شہداء مکرم سعد فاروق صاحب ابن مکرم فاروق احمد کاہلوں صاحب، مکرم بشیر	16 ر نومبر	46

خطبہ فرمودہ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		احمد بھٹی صاحب ابن مکرم شاہ محمد صاحب مرحوم، مکرم ڈاکٹر راجہ عبدالحمید خان صاحب ابن مکرم راجہ عبدالعزیز صاحب۔ اسی طرح مکرم ریاض احمد بسراء صاحب ابن مکرم چوہدری منیر احمد بسراء صاحب شہید گھٹیالیاں اور مکرم عبدالرحمٰن الجبالی صاحب آف سعودی عرب اور مکرم عزت عبدالسمیع محمد جلال صاحب آف مصر کی وفات۔ مرحومین کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب۔		
2/نومبر	مسجد بیت الفتوح	حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے صحابہ کی قبول احمدیت کے واقعات پر مشتمل نہایت دلچسپ اور ایمان افروز روایات کا تذکرہ۔ مکرم فضل الرحمٰن خان صاحب امیر جماعت راولپنڈی اور افریقن امریکن احمدی مکرم محسن محمود صاحب آف نیویارک کی وفات۔ مرحومین کا ذکر خیر اور نماز جنازہ۔	23/نومبر	47
9/نومبر	مسجد بیت الفتوح	حقیقی مومن وہی ہے کہ جب وہ ترقی کرتا ہے تو باقی افرادِ جماعت کی ترقی کے لئے بھی کوشاں ہوتا ہے، اُن کے لئے کوشش کرتا ہے۔ اُن کو بھی نیکیوں کی دوڑ میں اپنے ساتھ شامل کرتا ہے۔ اُن کے لئے بھی مواقع مہیا کرنے کی کوشش کرتا ہے کہ وہ آگے بڑھیں تا کہ جماعت کی ترقی کا پہیہ تیزی سے آگے کی طرف چلتا چلا جائے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے تمام انسانیت کے لئے رحمت بنا کر بھیجا ہے۔ انسانیت کی خدمت نیکیاں پھیلانے سے ہی ہوسکتی ہے۔ آج دنیا میں من حیث الجماعت صرف جماعت احمدیہ ہی ہے جو رحمۃ للعالمین کی رحمت سے دنیا کو حصہ دلانے اور نیکیاں بکھیرنے کے لئے ہر وقت کوشاں ہے اور اس کا حق ادا کرنے کیلئے اپنی بھرپور کوشش کر رہی ہے۔ پس آج روئے زمین پر صرف احمدی ہیں، آپ ہیں جو كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاس کا مصداق بن کر فَاسْتَبِقُوْا الْخَيْرَات کو قائم کئے ہوئے ہیں، اس پر چلنے کی کوشش کرتے ہیں۔ نیکیوں کے حصول اور اُن میں آگے بڑھتے چلے جانے اور جماعت کی ترقی اور اسلام کا پیغام دنیا کے کونے کونے میں پھیلانے کے لئے جان، مال، وقت اور عزت کو قربان کرتے چلے جانے والے ہیں۔ کوئی دشمن، کوئی طاقت جماعت احمدیہ کی ترقی کے راستے میں حائل نہیں ہوسکتی۔ تحریکِ جدید اور وقفِ جدید کے چندے تمام کے تمام وہ چندے ہیں جو مرکزی چندے ہوتے ہیں۔ ان کا مقامی یا نیشنل اخراجات پر خرچ نہیں ہو رہا ہوتا۔ مرکز کے تحت دنیا بھر میں ہونے والے کاموں اور اخراجات کا اجمالی تذکرہ۔ یہ جو کام ہیں یہ جماعت کی ترقی کے لئے ہیں۔ دنیا کو اسلام کی تعلیم سے روشناس کرانے کے لئے ہیں۔ انسانیت کی خدمت کے لئے یہ کام ہیں۔ دنیا کے مختلف حصوں سے تعلق رکھنے والے مالی قربانی کے نہایت درجہ ایمان افروز واقعات کا روح پرور تذکرہ تحریک جدید کے 79 ویں سال کے آغاز کا اعلان۔ اس سال 72 لاکھ 15 ہزار 700 پاؤنڈ کی قربانی تحریک جدید میں پیش کی گئی جو گزشتہ سال سے تقریباً 5 لاکھ 84 ہزار 700 پاؤنڈ زیادہ ہے۔ پاکستان نے اپنی پوزیشن برقرار رکھی۔ دیگر جماعتوں میں امریکہ اوّل، جرمنی دوم اور برطانیہ تیسرے نمبر پر۔ اللہ تعالیٰ سب قربانی کرنے والوں کے اموال ونفوس میں بے انتہا برکت عطا فرمائے۔	30/نومبر	48
16/نومبر	مسجد بیت الفتوح	ایسے لوگ جو خدا تعالیٰ کی رضا کی خاطر زندگی گزارتے ہیں، اُس کے نام کی سربلندی کے لئے ہر قربانی کے لئے تیار رہتے ہیں اور بے خطر ہو کر یہ قربانی دیتے ہیں، وہ جہاں اپنی دائمی زندگی کے سامان کرتے ہیں، وہاں اپنی جماعت، اپنے دینی بھائیوں کو حقیقی اور دائمی زندگی کے اسلوب بھی سکھانے والے ہوتے ہیں۔ آج ہم دیکھتے ہیں کہ مسیح محمدی کے ماننے والوں کی جماعت کے افراد ہی ہیں یا اُن میں سے ایک گروہ اور ایک طبقہ ہے جو ایک طرف تو اشاعت دین اور اسلام کی خاطر مستقل مزاجی سے اپنی زندگیوں	7/دسمبر	49

خطبہ فرمودہ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		کے ہر لمحے کو گزارنے کی کوشش کرتے ہیں اور اس کے لئے اپنی زندگی کے آخری دم تک لڑتے ہیں اور جان دیتے ہیں یا وہ ہیں جو دین کی خاطر اس جرم کی وجہ سے کہ انہوں نے مسیح محمدی کو کیوں قبول کیا ہے ظالموں کے ظلموں کا نشانہ بن کر شہادت کا رتبہ پا کر خدا تعالیٰ کے حضور حاضر ہوتے ہیں۔مکرم حافظ احمد جبرائیل سعید صاحب مبلغ گھانا کی وفات اور مرحوم کا ذکر خیر۔گھانا کا یہ باوفا مخلص سپوت خلفائے وقت کا سلطانِ نصیر بن کر جماعت احمدیہ گھانا کو بہت سے اعزازات سے نواز گیا۔اللہ تعالیٰ احمدیت کے اس مایہ ناز فرزند کو اپنی رضا کی جنتوں میں داخل فرمائے۔خلافت احمدیہ کو ان جیسے سینکڑوں ہزاروں سلطان نصیر عطا فرمائے۔ان جیسے قابل، عاجز اور وفا شعار خادم سلسلہ کے رخصت ہونے کا غم بہت زیادہ ہے لیکن خدا تعالیٰ کی رضا پر راضی ہونا ہی ایک مومن کی شان اور شیوہ ہے اور اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ہی ہماری دعا اور سہارا ہے۔ اُن کے رخصت ہونے سے بشری تقاضے کے تحت جو مجھے فکر ہے اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے اُسے بھی دور فرمائے۔مکرم منظور احمد صاحب ابن مکرم نواب خان صاحب آف کوئٹہ کی شہادت اور شہید مرحوم کا ذکر خیر یہ شہداء احمدی شہداء تو اپنے عہدوں اور وفاؤں کو پورا کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔اللہ تعالیٰ جلد وہ وقت لائے جب احمدیوں کے لئے وہاں سہولتیں پیدا ہوں اور سکھ کے سانس لے سکیں۔مکرم حافظ احمد جبرائیل سعید صاحب آف گھانا اور مکرم منظور احمد صاحب آف کوئٹہ کی نماز جنازہ غائب`		
23/نومبر	مسجد بیت الفتوح	آج کل ہم جس اسلامی مہینہ سے گزر رہے ہیں اس مہینہ کا نام محرم الحرام ہے۔یہ ماہ اسلامی کیلنڈر کا پہلا مہینہ ہے۔عام طور پر جب سال کا پہلا مہینہ آتا ہے، نیا سال شروع ہوتا ہے تو ہم ایک دوسرے کو مبارکباد دیتے ہیں۔لیکن جب قمری سال کا یہ مہینہ شروع ہوتا ہے تو مسلمان شرفاء کی اکثریت جن کو اُمّت کا درد ہے، اس مہینہ کے آنے پر فکر اور خوف کا اظہار شروع کر دیتی ہے۔یہ اس لئے ہے کہ ان دنوں میں باوجود حکومتوں کے اعلانوں کے، باوجود مختلف فرقوں کے علماء کے مشترکہ بیانات کے، اعلانات کے یا تو شیعہ سُنّی فساد شروع ہو جاتے ہیں یا کہیں نہ کہیں کسی تعزیہ پر یا امام باڑے پر دوسرے فرقوں کی طرف سے یا شرارتی عنصر کی طرف سے حملہ ہو جاتا ہے۔کوئی اسلامی ملک نہیں ہے جہاں مذہبی اختلاف یا سیاسی اختلاف کی بنا پر تمام اخلاقی قدروں کو پامال نہ کیا جا رہا ہو۔یا جہاں ایک دوسرے کے خلاف ظلم کی بھیانک داستانیں رقم نہ کی جا رہی ہوں۔نتیجۃً کسی نہ کسی صورت میں ایک دوسرے کی طرف سے ظلم ہوتا ہوا تو ہمیں نظر آ ہی رہا ہے، بیرونی اسلامی قوتیں بھی اس کے نتیجہ میں اپنے دائرے اسلامی ممالک پر تنگ کرتی چلی جا رہی ہیں۔کاش کہ مسلمانوں کو عقل آ جائے اور یہ ایک ہو جائیں۔ مسلمان ممالک کی بدامنی اور بے سکونی اپنے ملکوں میں ایک دوسرے پر ظلم کی وجہ سے ہو یا اسلام دشمن طاقتوں کے مسلمانوں پر ظلم کرنے کی وجہ سے ہو، اس کا حل اور قیامِ امن کا علاج اور مسلمانوں کے رعب کو دوبارہ قائم کرنے کی طاقت صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کی طرف سے آئے ہوئے اُس فرستادہ کے پاس ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا عاشقِ صادق اور آپؐ کی تعلیم کو دنیا میں پھیلانے کے مشن کے لئے مقرر کیا گیا ہے۔صحابہؓ رسول کے مقام و مرتبہ اور ان کی عزت و تکریم سے متعلق حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے پُرحکمت اور بصیرت افروز ارشادات کا تذکرہ یہ وہ حقیقی طریق ہے جس پر ہر مسلمان کے لئے چلنا ضروری ہے کہ ہر بزرگ کے مقام کو پہچان کر اُس کی عزت کرے، اُس کا احترام کرے۔آپس کے جھگڑوں اور فسادوں اور قتل و غارت گری کو ختم کریں۔دوسرے مسلمان فرقے تو ایک دوسرے سے بدلے لیتے ہیں کہ اگر ایک نے حملہ کیا تو دوسرے نے بھی کر دیا۔لیکن حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ	14/دسمبر	50

خطبہ فرمودہ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		والسلام کی بیعت میں آ کر باوجود تمام ترظلموں کے جو یہ تمام فرقے اکٹھے ہو کر ہم پر کر رہے ہیں، ہمارے ذہنوں میں کبھی بھی بدلے کا خیال نہیں آنا چاہئے۔ حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے قربانی کا جو عملی نمونہ ہمارے سامنے قائم فرمایا ہے وہ ہمارے لئے رہنما ہے۔ ان دنوں میں یعنی محرم کے مہینہ میں خاص طور پر جہاں اپنے لئے صبر واستقامت کی ہر احمدی دعا کرے، وہاں دشمن کے شر سے بچنے کے لئے رَبِّ کُلُّ شَیْءٍ خَادِمُکَ رَبِّ فَاحْفَظْنِیْ وَانْصُرْنِیْ وَارْحَمْنِیْ کی دعا بھی بہت پڑھیں۔ اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُکَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُبِکَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ کی دعا بھی بہت پڑھیں۔ درود شریف پڑھنے کی طرف بھی بہت توجہ دیں۔ جب بھی درود شریف پڑھیں اس بات کا جائزہ لینا چاہئے کہ ہم کس حد تک اس درود سے فیضیاب ہونے کے لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی لائی ہوئی تعلیم پر عمل کرنے کی کوشش کرنے والے ہیں۔ اسرائیل جو کچھ فلسطینیوں کے ساتھ کر رہا ہے، اس کے لئے بھی بہت دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ معصوم جانوں کو ہر قسم کے ظلم سے بچائے۔		
30/نومبر	مسجد بیت الفتوح	حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے بعض صحابہ کے حضور علیہ السلام پر کامل یقین، آپؑ کی کتب کے غیر معمولی اثرات اور خوابوں کے ذریعہ حضور علیہ السلام کی صداقت کی طرف رہنمائی کے ایمان افروز واقعات کا تذکرہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے فرمایا تھا 'ہماری کتابوں کو پڑھنے والا کبھی مغلوب نہیں ہوگا'۔ یہ خزانہ آج بھی ہمارے پاس ہے۔ اسے حاصل کرنے کی، پڑھنے کی ہمیں کوشش کرنی چاہئے۔ اب تو یہ بہت سی کتابیں مختلف زبانوں میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے ترجمہ بھی ہو چکی ہیں۔ مکرم سعد فاروق شہید صاحب کے والد مکرم ومحترم چوہدری نصرت محمود صاحب ابن مکرم چوہدری منظور احمد گوندل صاحب کی شہادت، شہید مرحوم کا ذکر خیر اور نماز جنازہ غائب	21/دسمبر	51
7/دسمبر	مسجد بیت الفتوح	صحابہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی بعض روایات کا تذکرہ جو ان کے رؤیاء وکشوف کے بارہ میں ہیں۔ جو اصل میں تو حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی صداقت ثابت کرنے کے لئے ہیں یا ایمان اور یقین میں بڑھانے کے لئے ہیں۔ ان کے بیان کرنے کا مقصد بھی یہی ہے کہ ہمارے اندر بھی وہ ایمان اور یقین پیدا ہو، وہ تعلق باللہ پیدا ہو اور ہم لوگ بھی خدا تعالیٰ کے ساتھ ایسے سچے تعلق کو قائم کرنے والے بن جائیں جس کو پیدا کرنے کے لئے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام ہم میں تشریف لائے تھے۔ احمدیوں کے حالات پاکستان میں تنگ سے تنگ تر کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ ہمارا کام ہے کہ اللہ تعالیٰ کے حضور جھکیں اور یہی ہمارا فرض ہے۔ اس بارہ میں ہماری طرف سے کبھی کسی قسم کی کمی یا کوتاہی نہیں ہونی چاہئے۔ لاہور میں ماڈل ٹاؤن کے احمدیہ قبرستان میں بعض شرپسندوں کی طرف سے 120 قبروں کی بےحرمتی کی واردات۔ قبروں کے کتبے بھی توڑ دیئے گئے۔ بظاہر شواہد یہی نظر آتے ہیں کہ اس میں پولیس کا بھی ہاتھ ہے۔ کوئٹہ میں ایک اور شہادت۔ اللہ تعالیٰ جلد تر دشمنوں کو کیفر کردار تک پہنچائے۔ جماعت کو دعاؤں کی طرف خاص طور پر توجہ دینی چاہئے۔	28/دسمبر	52

خطبات نکاح

خطبہ فرمودہ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
31-10-09	مسجد فضل لندن	عزیزہ ہاجرہ نصرت جہاں بنت مکرم محمد فضل حق صاحب یوکے کا عزیزم سید عثمان جعفری ابن مکرم سید شاہد حامد صاحب مرحوم آسٹریلیا کے ساتھ اور عزیزہ سیدہ صبیحہ بشریٰ بنت مکرم سید شمشاد احمد ناصر صاحب مبلغ کیلیفورنیا، امریکہ کا ہے عزیزم عطاء المومن بھٹی ابن مکرم نوید احمد بھٹی صاحب ہیرس برگ امریکہ کے ساتھ نکاح ایک ایسا Bond ہے جو لڑکے اور لڑکی کے درمیان اللہ تعالیٰ کو گواہ ٹھہرا کر اس وعدہ کے ساتھ کیا جاتا ہے کہ ہم تقویٰ پر قائم رہتے ہوئے ہمیشہ اپنے اس رشتہ کو نبھانے کی کوشش کریں گے۔ اس بات کو ہمیشہ دونوں طرف کے رشتہ داروں اور لڑکے کو بھی اور لڑکی کو بھی ملحوظ رکھنا چاہئے اور اس کا خیال رکھنا چاہئے کہ رشتہ ایک بہت اہم اور مقدس جوڑ ہے اور جیسا کہ مَیں کئی دفعہ بیان کر چکا ہوں لڑکے اور لڑکی کے خاندانوں کو بھی ذرہ ذرہ سی بات پر رشتے توڑنے اور لڑائیاں شروع کرنے اور بدمزگیاں پیدا کرنے سے اجتناب کرنا چاہئے۔	یکم جون	22
15-05-11	مسجد فضل لندن	پہلا نکاح عزیزہ ریحانہ رضیہ میر بنت مکرم صفی اللہ صاحب بریڈفورڈ کا عزیزم ظہیر احمد طاہر ابن مکرم لئیق احمد طاہر صاحب کے ساتھ۔ دوسرا نکاح عزیزہ شازیہ اسلام خان بنت مکرم محمد یٰسین خانصاحب وولورہمپٹن کا عزیزم خرم احمد ابن مکرم چوہدری مبشر احمد صاحب الفورڈ کے ساتھ۔ نکاح جو ایک بنیادی حکم ہے یہ صرف معاشرہ اور نسل کو چلانے کے لئے نہیں بلکہ بہت ساری برائیوں سے اپنے آپ کو بچانے کے لئے اور ایک ایک نیک نسل چلانے کے لئے ہے۔ ایک مسلمان کے گھر میں جو شادی ہے یہ صرف دنیاوی سکون کی خاطر نہیں ہے بلکہ اس لئے ہے کہ اللہ تعالیٰ کے حکم کی پابندی کی جائے، اس پر عمل کیا جائے اور آئندہ کے لئے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگتے ہوئے نیک نسل پیدا ہونے کا آغاز کیا جائے۔ اس بات کو ہمیشہ ہمارے ہر احمدی جوڑے کو پیش نظر رکھنا چاہئے۔	8/جون	23
10/جولائی 2011ء	مسجد فضل لندن	پہلا نکاح عزیزہ نائلہ طاہر بنت مکرم منیر احمد طاہر صاحب کا ہے جو عزیزم عرفان چوہدری ابن مکرم ڈاکٹر منور چوہدری صاحب کے ساتھ پندرہ ہزار پاؤنڈ حق مہر پر طے پایا ہے۔ دوسرا نکاح عزیزہ رضوانہ لطیف شیخ بنت مکرم رضوان لطیف شیخ صاحب کیلگری کینیڈا کا ہے جو عزیزم ذکی احمد ابن مکرم فضل احمد صاحب کے ساتھ دس ہزار پاؤنڈ حق مہر پر طے پایا ہے۔ بہت سارے رشتے آج کل اس وجہ سے خراب ہو رہے ہیں اور جماعت میں بھی اس طرف رجحان بڑھ رہا ہے کہ ہمارے مرد بھی اپنے اہل کا خیال نہیں رکھتے اور ہماری لڑکیاں بھی اور عورتیں بھی بے صبری کا مظاہرہ کرتی ہیں۔	27/جولائی	30
23/اکتوبر 2010ء	مسجد فضل لندن	اس وقت مَیں جس نکاح کا اعلان کرنے لگا ہوں، یہ عزیزہ اقراء عمر بنت مکرم سمیع عمر صاحب (لندن) کا ہے جو عزیزم بلال احمد ابن مکرم میر داؤد احمد صاحب امریکہ کے ساتھ۔ ح	17/اگست	33

خطبہ فرمودہ	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا فرمودہ اعلان نکاح میں اہم نصائح		
18؍جولائی 2011	مسجد فضل لندن	عزیزہ نعیمہ طلعت چوہدری بنت مکرم رفیق احمد جاوید چوہدری صاحب (نائب صدر انصار اللہ یوکے) کا نکاح ہے جو عزیزم منصور احمد کلارک ابن مکرم مظفر کلارک صاحب برمنگھم (Birmingham) کے ساتھ۔	7-14 ستمبر	36-37
27؍اگست 2011ء	مسجد فضل لندن	عزیزہ رابعہ شاہ بنت مکرم ولی احمد شاہ صاحب کا نکاح ہے جو رضوان الملک ابن مکرم وقار الملک صاحب کے ساتھ۔ واقف زندگی کو حتی المقدور یہ کوشش کرنی چاہئے کہ اپنی ذاتی خواہشات کو ختم کردے۔ زندگی میں جو کچھ ہو، جو حاصل کرنے کی خواہش ہو وہ صرف یہ ہو کہ ہم نے خدا تعالیٰ کی رضا حاصل کرنی ہے اور اس کے دین کی سربلندی کیلئے، دین کی خدمت کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتیں اور استعدادیں صرف کرنی ہیں۔ آج کل کے معاشرے میں جو بےصبری اور تقویٰ کی کمی ہے اس نے رشتوں میں دراڑیں ڈال دی ہوئی ہیں۔ تقویٰ میں کمی اور بےصبری اور صرف ذاتی اناؤں کی وجہ سے رشتے توڑنا معاشرے کی بدامنی کا بھی باعث بنتے ہیں	7-14 ستمبر	

خطابات، پیغامات، درس

خلفائے حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام

خطاب	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
28 دسمبر 2009ء کو قادیان میں ہونے والے جلسہ سالانہ کے آخری روز سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا لندن سے ایم ٹی اے کے مواصلاتی رابطوں کے ذریعہ براہ راست اختتامی خطاب	مسجد بیت الفتوح لندن	حضرت مسیح موعودؑ کی وفات کے بعد تقویٰ پر چلتے ہوئے احمدیوں نے خلافت احمدیہ کے ساتھ جڑے رہنے کا عہد کیا تو اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعودؑ کے ساتھ اپنی تائید و نصرت کے وعدے کے مطابق جماعت کی وسعت کو اسی طرح جاری رکھا، جماعت کی مضبوطی اور استحکام کے نئے سے نئے باب کھلتے چلے گئے اور آج تک کھل رہے ہیں اور خدا کے فضل سے آئندہ بھی کھلتے چلے جائیں گے جب تک کامل اطاعت کے نظارے نظر آتے رہیں گے ان برکات سے فیض پاتے چلے جائیں گے جن کو اس زمانے میں اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعودؑ کی جماعت کے لئے مقدر کیا ہے۔	13 رجنوری	2
26 رمارچ 2011ء	(جماعت احمدیہ برطانیہ کے زیر اہتمام طاہر ہال بیت الفتوح لندن میں منعقدہ امن سمپوزیم (Peace Symposium) میں حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے انگریزی زبان میں فرمودہ خطاب (اردو ترجمہ: طارق حیات۔ مربی سلسلہ)	امن کی حقیقی بنیاد سچائی کے اظہار میں ہے۔افسوس ہے کہ سچائی کے اعلیٰ معیار قومی اور بین الاقوامی سطح پر نظر نہیں آتے۔ ذاتی مفادات کے حصول کے لئے سچائی اور انصاف کو بار بار قربان کیا جاتا ہے اور کیا جا رہا ہے۔ہم نہ صرف امن کا نعرہ بلند کرتے ہیں بلکہ حقیقت میں عملی اقدامات کر رہے ہیں۔وہ وقت آئے گا جب دنیا اسلام کو امن و استحکام کی روشن شمع کے طور پر شناخت کرے گی۔موجودہ عالمی حالات کے پس منظر میں دنیا میں قیام امن کے لئے اسلامی تعلیمات کی روشنی میں نہایت اہم نصائح پر مشتمل سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کا بصیرت افروز خطاب (جماعت احمدیہ برطانیہ کے زیر اہتمام 26 رمارچ 2011ء کو طاہر ہال بیت الفتوح لندن میں منعقدہ امن سمپوزیم (Peace Symposium) میں حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے انگریزی زبان میں فرمودہ خطاب کا اردو ترجمہ) (اردو ترجمہ: طارق حیات۔ مربی سلسلہ)	24 رفروری	8
فرمودہ 26 رنومبر 2008ء	حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا لجنہ اماء اللہ کیرالہ (بھارت) کے اجلاس سے روح پرور خطاب	سوائے چند شرعی عذرات کے جن میں عورتوں کو نماز نہ پڑھنے کی اجازت ہے ہمیشہ نماز کی پابندی کرنی چاہئے۔اپنی حالتیں ایسی بناؤ اور اپنے بچوں کی تربیت ایسی کرو کہ وہ اللہ کے دین پر قائم ہو جائیں اور اللہ کی طرف جھکنے والے ہوں اور اپنی نمازوں کی حفاظت کرنے والے ہوں۔جو قربانیاں ہمارے بڑوں نے کیں اور جن عبادتوں کے معیار ہمارے بڑوں نے قائم کئے ان کو آپ نے ہمیشہ جاری رکھنا ہے۔اللہ تعالیٰ کا فضل ہے کہ جب وقفِ نَو کی تحریک ہوئی تو دنیا میں احمدی خواتین نے اپنی اولادوں کو وقفِ نَو کے لئے پیش کیا اور اب تک کرتی چلی جارہی ہیں لیکن یہ وقف میں پیش کرنے کے بعد ان کی ذمہ داری ختم نہیں ہوگئی بلکہ یہاں ان کی تربیت کا ایک نیا دور شروع ہو گیا ہے۔واقفینِ نَو کو جو آپ جماعت کو تحفہ کے طور پر پیش کر رہی ہیں ان کی خاص طور پر ایسی تربیت کریں کہ ان کو خدا تعالیٰ سے ایک خاص لگاؤ ہو اور دین کی طرف رغبت ہو اور دنیا کی طرف سے بے رغبتی ہو۔	2 رمارچ	9

خطاب	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
مورخہ 16 ستمبر 2011ء	مجلس اطفال الاحمدیہ جرمنی کے سالانہ اجتماع کے موقع پر سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کا خطاب بمقام بادکروزناخ (Bad Kreuznach)	آپ لوگ جو کہنے کو تو آج بچے ہیں لیکن آپ کے چہروں میں مجھے آئندہ کے، مستقبل کے لیڈر نظر آرہے ہیں۔ جماعت کو سنبھالنے والے وہ عہدیدار نظر آرہے ہیں جنہوں نے انشاء اللہ تعالیٰ پہلے سے بڑھ کر جماعت کی ترقی میں کردار ادا کرنا ہے۔ پس آپ لوگ اپنی اس اہمیت کو سمجھیں۔ اس چیز کو ہمیشہ اپنے ذہنوں میں رکھیں کہ آپ احمدی بچے ہیں اور آپ نے دوسروں سے مختلف ہونا ہے۔ آپ نے اپنے ہر کام میں دوسروں سے اچھا ہونا اور اپنے آپ کو اچھا ثابت کرنا ہے۔ ہر کام میں آپ نے آگے بڑھنا ہے۔ ہر احمدی بچہ جو ہے وہ اسکول میں پوزیشن لینے والا ہونا چاہئے۔ پڑھائی کی طرف توجہ دینے والا ہونا چاہئے۔ نمازوں کی طرف توجہ دیں۔ اپنے اخلاق کی طرف توجہ دیں۔ قرآن کریم پڑھنے کی طرف توجہ دیں۔ اپنی اسکول کی پڑھائی کی طرف توجہ دیں۔ بڑوں کے ادب کی طرف توجہ دیں۔ اور آپس میں بچے بھی ایک دوسرے سے پیار اور محبت سے رہنا سیکھیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اس کی توفیق عطا فرمائے۔	9/مارچ	10
مورخہ 9/دسمبر 2011ء	سیدنا حضرت امیر المومنین مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا مکتوب پوپ بینیڈکٹ XVI کے نام امیر جماعت احمدیہ کبابیر مکرم محمد شریف عودہ صاحب کے ذریعہ	کیتھولک عیسائیوں کے عالمی مذہبی رہنما جناب پوپ بینیڈکٹ XVI کے نام حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا مکتوب۔ معاشرہ میں امن کے قیام کے لئے ضروری ہے کہ ہر ایک اپنے دل کو دشمنی کے تمام تر جذبات سے پاک کرے اور اپنی قوت برداشت کو بڑھائے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ہر شخص ایک دوسرے کے نبی کی عزت کے دفاع میں کھڑا ہو جائے۔ (تمام مذاہب عالم کو آپس میں تعاون کرتے ہوئے امن کے قیام کے لئے کوششیں کرنے کی طرف توجہ دینے کی تحریک)	9/مارچ	10
11/فروری 2012ء	(مسجد طاہر (لیوشم) کے افتتاح کے موقع پر سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا بصیرت افروز خطاب۔ مسجد کی اہمیت اور اس کے اغراض و مقاصد کے حوالہ سے اسلامی تعلیم کا دلنشیں تذکرہ)	لندن کی ساؤتھ ایسٹ ریجن میں Lewisham کے علاقہ میں 'مسجد طاہر' کے افتتاح کی مبارک تقریب۔ مسجد کا مقصد تب پورا ہوتا ہے جب اس میں آنے والے نمازی ہر لحاظ سے پاک دل لے کر اور اللہ تعالیٰ کی عبادت کے لئے حاضر ہوں (سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا مسجد کے افتتاح کے موقع پر احباب جماعت سے خطاب اور اہم نصائح) مسجد کے افتتاح کی خصوصی تقریب میں علاقہ کی ایم پی، لیوشم کونسل کے میئر اور دیگر معززین علاقہ کی شمولیت اور مسجد کی تعمیر پر مبارکباد اور نیک خواہشات کا اظہار مساجد کے دو بڑے مقاصد ہیں۔ اوّل خدا کی عبادت اور دوم خدا کی مخلوق کی خدمت۔ اگر کوئی مسجد ان دو مقاصد سے خالی ہے تو وہ مسجد کی تعمیر کے مقصد کو پورا نہیں کرتی۔ ہم احمدی مسلمان تمام دنیا میں امن کے قیام کے لئے کوشاں ہیں۔ اس کام میں ہمارا ساتھ دیں۔ اگر ہم ایک دوسرے کی عزت کریں تو مذہبی اختلاف کے باوجود باہمی محبت اور انسانی قدریں قائم ہوسکتی ہیں۔ آج دنیا امن کی خواہاں ہے۔ جنگ کے شعلے دنیا کے لئے پریشان کُن ہیں۔ ہمیں ہر سطح پر نفرت کے شعلوں کو بجھانے کی کوشش کرنی چاہئے۔ یاد رکھیں کہ خدا نے ہمیں پیدا کیا ہے اور وہ اپنی مخلوق سے محبت رکھتا ہے۔	23/مارچ	12
25/جون 2011ء	سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایداللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا جلسہ سالانہ جرمنی کے موقع پر لجنہ سے خطاب فرمودہ	ایک احمدی کی چاہے وہ عورت ہے یا مرد ہے پہلے تو یہ ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے عہد نبھائے اور جن شرائطِ بیعت پر ایک عورت اور ایک مرد نے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی جماعت میں شامل ہونے کا عہد کیا ہے اُن کو پورا کرے۔ اگر اُن شرائط کو پورا نہیں کرے گا تو اللہ تعالیٰ کے آگے جوابدہ ہے۔ عائلی معاملات میں بہت فکرمندی پیدا کرنے والی صورتحال	13/اپریل	13

خطاب	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
	بمقام کالسروئے (Karlsruhe)(جرمنی)	پیدا ہورہی ہے۔خلع اور طلاقوں کی تعداد بڑھتی چلی جارہی ہے۔ جھوٹ ایک ایسی بنیاد ہے جو رشتوں میں دراڑیں ڈال رہاہے اور ایک جھوٹ کئی گھروں کو برباد کرنے کا باعث بن جاتا ہے۔ (قرآن مجید اور حضرت مسیح موعودعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے ارشادات کے حوالہ سے اپنے گھروں کو جنت نظیر بنانے اور اپنی اور اپنی نسلوں کی بہتری کے لئے تدبیر اور دعا کرنے کی نصائح)		
23رجولائی2011ء	حدیقۃ المہدی (آلٹن) میں جلسہ سالانہ یوکے 2011ء کے موقع پر حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا مستورات سے خطاب	نکاح کے موقع پر پڑھی جانے والی آیات میں عورت اور مرد کے لئے نکاح اور شادی کے اہم بندھن کو نبھانے کے لئے بڑی اہم باتوں کی طرف نشاندہی کی گئی ہے۔خطبہ نکاح میں جو آیات پڑھی جاتی ہیں ان میں پانچ مرتبہ تقویٰ کا ذکر ہے۔تقویٰ یہی ہے کہ ہر چھوٹی سے چھوٹی برائی کو بھی بیزار ہوکر ترک کرنا، ہر چھوٹی سے چھوٹی نیکی کو دل کی گہرائیوں سے چاہتے ہوئے اختیار کرنا۔ ہمیشہ یادرکھنا چاہئے کہ زینت تقویٰ کا لباس پہننے سے ملتی ہے۔اور لباس تقویٰ ان کو میسر آتا ہے جو اپنے ایمانی عہدوں اور امانتوں کو اپنی تمام تر صلاحیتوں اور استعدادوں کے ساتھ پورا کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ایک دوسرے کے لئے اپنی زبان، کان، آنکھ کا صحیح استعمال کرو تو تمہارے مسائل کبھی پیدا نہیں ہوں گے۔رشتوں کے بارہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کفو کا بھی خیال رکھو اور کفو میں بہت ساری چیزیں آجاتی ہیں۔ ماں باپ صرف خود ہی خیال نہ رکھیں اپنے بچوں کو بھی رحمی رشتوں کا تقدس اور احترام سکھائیں۔اس سوچ کے ساتھ عورت کو خاوند کے گھر جانا چاہئے اور اس سوچ کے ساتھ مرد کو عورت کو بیاہ کرلانا چاہئے کہ ہم نے اپنے وسیع تعلقات کو نبھانا ہے یعنی رشتوں کے آگے رحمی رشتوں کو بھی نبھانا ہے۔	4رمئی	18
5رفروری2012ء	(جماعت احمدیہ بنگلہ دیش کے جلسہ سالانہ سے ایم ٹی اے کے مواصلاتی رابطوں کے ذریعہ براہ راست اختتامی خطاب) طاہر ہال (بیت الفتوح) لندن	مخالفینِ احمدیت چاہے جتنا بھی زور لگالیں ہمارے ایمانوں کو چھین نہیں سکتے۔ دنیا کے ہر کونے میں بسنے والا احمدی جب ایک دفعہ حضرت مسیح موعودعلیہ الصلوٰۃ والسلام سے عہدِ بیعت باندھ کر پھر اس پر اللہ تعالیٰ کو گواہ بنا کر قائم ہوجاتا ہے تو دنیا کی کوئی طاقت اُس کے ایمان کو زد نہیں پہنچا سکتی۔ چاہے وہ بنگلہ دیشی احمدی ہے یا پاکستانی۔انڈونیشین ہے یا افریقن۔یورپ کا رہنے والا ہے یا امریکہ کا یا جزائر کا۔ ان کی ایمانی غیرت ہر جگہ ایک جیسی نظر آتی ہے۔ میرے آقا جو رحمۃٌ للعالمین ہیں، اُس پیغام کو لے کر آئے تھے جو دلوں میں تقویٰ پیدا کرتے ہوئے انسانیت کی قدریں قائم کرنے والا تھا۔ جو غریبوں، بے سہاروں کی پناہ گاہ تھا۔ جو یتیموں کا سہارا تھا۔ جو بھوکوں کو کھانا کھلانے والا تھا۔ جو عورتوں کی عزت قائم کرنے والا تھا۔ اُن کے حقوق دلوانے والا تھا۔ جو مخالفین سے بات کرتے ہوئے موعظہ حسنہ کی تعلیم دینے والا تھا۔حسنِ کلام سے دلوں کو لبھانے والا تھا۔ جو دنیا میں امن، صلح اور آشتی کو قائم کرنے کے لئے اپنے حقوق بھی چھوڑنے کے لئے کہتا تھا۔ جو راہب خانوں، چرچوں اور یہودی معبدوں کی حفاظت کی اُسی طرح تلقین کرتا تھا جس طرح مسلمانوں کی مساجد کی حفاظت کی۔ وہ غیر مسلموں کی جان و مال کی اُسی طرح ضمانت دیتا تھا جس طرح مسلمانوں کی جان و مال کی ضمانت دیتا تھا۔آج اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت احمدیہ ہی ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مقام کی سربلندی کے لئے اور اسلام کے کامل اور مکمل مذہب ہونے کے لئے ایک اجتماعی کوشش کررہی ہے۔لیکن مذہب کے نام پر خون کرکے نہیں۔ دین کی آڑ میں ذاتی اَناؤں اور مفادات کی تسکین کے لئے نہیں۔ دین کے نام پر اپنی سیاسی برتری ثابت کرنے کے لئے نہیں۔ بلکہ خالصۃً اُس تعلیم کی روشنی میں جو اللہ تعالیٰ نے حضرت خاتم الانبیاء پر اتاری۔ اُس	25رمئی	21

خطاب	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		اُسوہ کی روشنی میں جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمارے سامنے قائم فرمایا۔ بنگلہ دیش کے رہنے والے نوجوانوں کا بھی کام ہے، انصار کا بھی کام ہے اور خواتین کا بھی کام ہے کہ اپنے نمونے اس اعلیٰ خُلق پر قائم کرنے کی کوشش کریں جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمارے سامنے قائم فرمایا۔ پورے جماعتی نظام کو ایک مہم کی صورت میں پہلے اپنی اصلاح کرنے اور پھر اس پیغام کو ملک کے کونے کونے میں ہر شخص تک پہنچانے کی ضرورت ہے۔ اپنے ہم وطنوں پر ثابت کردیں کہ آج ہم ہی سب سے زیادہ حضرت خاتم الانبیاء محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کرنے والے ہیں۔ یہی وہ پیغام ہے جس کو لے کر حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام آئے تھے۔ پس آگے بڑھیں اور اس زمانے کے امام کو ماننے کا حق ادا کریں۔ مصلحتوں اور سوچوں میں نہ پڑ جائیں۔ دشمن جو احمدیت کو ختم کرنے کے لئے ایڑی چوٹی کا آخری زور لگا رہا ہے یہ تو انشاء اللہ تعالیٰ کبھی کامیاب نہیں ہوگا۔ یہ آخری زور ہے اور اس کے بعد انشاء اللہ تعالیٰ اس کی موت ہے۔ احمدیت کا پھیلنا الٰہی تقدیر ہے۔ (حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے عشق رسولؐ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے امن اور عدل وانصاف کے قیام سے متعلق ارشادات اور اُسوہ حسنہ کی روشن مثالوں کا تذکرہ)		
18ستمبر 2011ء	مجلس خدام الاحمدیہ جرمنی کے سالانہ اجتماع کے موقع پر سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کا خطاب بمقام بادکروزناخ (Bad Kreuznach)	جماعت احمدیہ جرمنی فعال جماعتوں میں سے ہے اور خدام الاحمدیہ جرمنی بھی اُن فعال مجالس میں سے ہے جن کے اجتماعوں میں شامل ہونے کو دل کرتا ہے۔ دنیا میں کہیں بھی احمدی بستا ہو اُس کی ایک پہچان ہونی چاہئے اور آج کل بلکہ ہمیشہ سے علم ایک بہت بڑی دولت ہے جس کے ذریعے سے انسان کی پہچان ہوتی ہے۔ علم بیشک بہت بڑی دولت ہے اور اس کے لئے محنت کرنی چاہئے لیکن ایک احمدی کا سب سے بڑا مقصد اللہ تعالیٰ کی رضا کا حصول ہے اور علم کو اُس کے تابع کرنا ہے۔ خدام الاحمدیہ جماعت احمدیہ کا وہ طبقہ ہے جنہوں نے اپنے آپ کو اس تنظیم سے منسلک کیا ہے جو احمدیت کے خدام ہیں۔ جنہوں نے یہ عہد کیا ہے کہ دین کو دنیا پر مقدم رکھیں گے اور اس کی خاطر اپنی جان، مال، وقت اور عزت قربان کریں گے۔ خلافت احمدیہ کے قائم رکھنے کیلئے ہر قربانی کیلئے تیار رہیں گے۔ خلیفہ وقت کا ہر حکم جو معروف ہے جو فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ کی طرف توجہ دلانے والا ہے، اس پر عمل کرنے کیلئے ساری قوتیں صرف کر دیں گے پس آپ اپنے عہد کی طرف توجہ دیں۔ اے خدام احمدیت! آج مسیح زمان تمہیں کہہ رہا ہے کہ آؤ اور اپنی حالتوں میں پاک تبدیلیاں پیدا کرتے ہوئے محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے دین کے محافظ بن جاؤ۔ آج جب اپنوں کی، امت کی اکثریت کی بدعملیوں نے اسلام کو بدنام کیا ہوا ہے۔ آج جب غیروں نے ہر طرف سے اسلام اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات پر حملوں کی تابڑ توڑ بھرمار کی ہوئی ہے اور ہر ذریعہ سے بھرمار کی ہوئی ہے تو آج احمدی ہی ہے، احمدی نوجوان ہی ہے جس نے مسیح محمدی کی قیادت میں اسلام کی برتری دنیا پر ثابت کرنی ہے۔	22جون	25
5مئی 2012ء طاہر ہال بیت الفتوح	(جماعت احمدیہ یوکے کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے واقفات نَو کے سالانہ اجتماع سے سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ	یہ سال بہت اہمیت کا حامل ہے کیونکہ یہ اس تحریک (وقفِ نَو) کی سلور جوبلی کا سال ہے۔ اس مبارک تحریک کے 25 سال پورے ہو چکے ہیں۔ آپ میں سے بہت ساری ایسی واقفات نو ہیں جو کہ واقفات نو کی سب سے پہلی Batch کا حصہ ہیں اور یہ حقیقی طور پر ایک بڑا اعزاز ہے جو اللہ تعالیٰ نے آپ کو عطا کیا ہے۔ پس ان انعامات کی روشنی میں آپ پر یہ لازم ہے بلکہ آپ کا فرض ہے کہ آپ ہمیشہ اللہ تعالیٰ کی شکرگزار رہیں۔ آپ سب کو یہ یاد رکھنا چاہئے کہ صرف	29جون	26

خطاب	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
	العزیز کا پُر معارف، بصیرت افروز خطاب اور واقفات نَو اور ان کی ماؤں کو نہایت اہم نصائح)	وہی زندگی کامیاب سمجھی جا سکتی ہے جو اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول میں گزاری جاتی ہے اور ایک واقفۂ نو لڑکی ہونے کی حیثیت سے آپ کو ہمیشہ یہ بات ذہن میں رکھنی چاہئے کہ آپ کا وجود حضرت مریمؑ کے وجود کی طرح ہے۔ دوسرے لفظوں میں ہمیشہ ان کے کردار اور طرزِ عمل کو راہنما کے طور پر اپنے سامنے رکھیں۔ ہر مومن عورت کے لئے لازم ہے کہ اگر وہ اللہ تعالیٰ کی برکات حاصل کرنا چاہتی ہے اور اس کا قرب چاہتی ہے تو وہ اپنی عصمت اور عزت کی حفاظت کرے۔ آپ کا ہر عمل مکمل سچائی پر اور خدا تعالیٰ کے خوف پر مبنی ہونا چاہئے۔ جو آپ کریں یا کہیں وہ یہ ظاہر کرے کہ آپ ایک واقفۂ نو ہیں۔ آپ ایک صدیقہ ہیں جو کہ مکمل طور سچا وجود ہیں کیونکہ آپ ایک واقفۂ نو ہیں۔ واقفات نو کی ممبر ہونے کی حیثیت سے آپ کو ہمیشہ یاد رکھنا چاہئے کہ بے شک آپ اس دنیا سے ہیں مگر آپ کا دنیا پرستی کے امور سے کوئی واسطہ نہیں۔		
31/جولائی 2010ء	جماعت احمدیہ برطانیہ کے 44ویں جلسہ سالانہ کے دوسرے روز بعد دوپہر حضور انور کا خطاب	2009 اور 2010ء کے دوران جماعت احمدیہ عالمگیر پر نازل ہونے والے اللہ تعالیٰ کے بے انتہا احسانات کا روح پرور تذکرہ۔ اس وقت تک دنیا کے 198 ممالک میں احمدیت کا پودا لگ چکا ہے۔ 1984ء کے بعد سے 107 نئے ممالک میں جماعت قائم ہوئی۔ اس سال تین نئے ممالک ترکمانستان، ڈامینیکا اور فیرو آئی لینڈ میں جماعت کا نفوذ ہوا۔ امسال دنیا کے مختلف ممالک میں 516 نئی جماعتیں قائم ہوئیں۔ 742 مقامات پر پہلی دفعہ احمدیت کا پودا لگا۔ دنیا کے مختلف ممالک میں مساجد کی تعمیر و توسیع کا سلسلہ جاری ہے۔ امسال 115 نئی مساجد تعمیر ہوئیں جبکہ 179 بنی بنائی مساجد نمازیوں سمیت عطا ہوئیں۔ دوران سال تبلیغی مراکز اور مشن ہاؤسز کی تعداد میں 87 کا اضافہ ہوا۔ اب تک 102 ممالک کے تبلیغی مراکز کی تعداد 2204 ہو چکی ہے۔ پاکستان سمیت دنیا کے **11** ممالک میں جماعت کے پرنٹنگ پریس قائم ہیں امسال پہلی بار گنی بساؤ کی زبان پرچگیز کریول میں قرآن مجید کے ترجمہ کی اشاعت کے ساتھ جماعت احمدیہ کی طرف سے شائع ہونے والے تراجم قرآن کریم کی تعداد 70 ہو گئی۔ امسال 568 مختلف کتب، پمفلٹس، فولڈرز وغیرہ 28 زبانوں میں 38 لاکھ 30 ہزار 602 کی تعداد میں طبع ہوئے۔ لندن سے روحانی خزائن کے کمپیوٹرائزڈ ایڈیشن کی جلد 13 تا 23 کی طباعت۔ مختلف زبانوں میں حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی کتب کی طباعت۔ رسالہ ریویو آف ریلیجنز (انگریزی) کی خریداری میں اضافہ کی تحریک۔ امسال 626 نمائشوں اور بکسٹالز کے ذریعہ 21 لاکھ 99 ہزار 790 افراد تک اسلام کا پیغام پہنچایا گیا۔ 521 اخبارات نے 761 جماعتی مضامین، آرٹیکلز اور خبریں وغیرہ شائع کیں۔ چینی ڈیسک، بنگلہ ڈیسک، فرنچ ڈیسک، ٹرکش ڈیسک، انڈیا ڈیسک، رشین ڈیسک اور عربک ڈیسک کے تحت ہونے والے کاموں کا مختصر تذکرہ۔	6/جولائی	27
31/جولائی 2010ء	جماعت احمدیہ برطانیہ کے 44ویں جلسہ سالانہ کے دوسرے روز بعد دوپہر حضور انور کا خطاب (دوسری قسط)	2009ء اور 2010ء کے دوران جماعت احمدیہ عالمگیر پر نازل ہونے والے اللہ تعالیٰ کے بے انتہا احسانات کا روح پرور تذکرہ۔ ایم ٹی اے العربیہ کے نیک اثرات اور اس کے نتیجہ میں ہونے والی پاک تبدیلیوں کے ایمان افروز واقعات کا روح پرور بیان۔ ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے ذریعہ بیعتیں۔ ایم ٹی اے کے علاوہ مختلف ممالک میں ٹی وی پروگراموں اور ریڈیو کے ذریعہ اسلام احمدیت کے پیغام کی تشہیر اور ان کے نیک اثرات۔ احمدیہ انٹرنیشنل ایسوسی ایشن آف آرکیٹیکٹس اینڈ انجینئرز کے ذریعہ افریقہ کے مختلف ممالک میں خدمت	13/جولائی	28

خطاب	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		انسانیت کی مساعی کا تذکرہ۔سات ممالک میں سولر سسٹم کے ذریعہ بجلی کی فراہمی۔485 ہینڈ پمپ لگا کر پانی فراہم کیا گیا جس سے لاکھوں افراد مستفید ہو رہے ہیں۔400 افراد پر مشتمل ایک Model Village بنانے کا منصوبہ۔ہیومینیٹی فرسٹ گزشتہ 16 سال سے دنیا کے 35 ممالک میں کام کر رہی ہے۔اس کے تحت اس سال 16 لاکھ 70 ہزار سے زائد افراد کو پینے کا پانی مہیا کیا گیا۔فری میڈیکل کیمپس کے ذریعہ 1,140 افراد کو طبی سہولیات فراہم کی گئیں۔21,498 طلباء کو تعلیمی وظائف دئے گئے۔بینن میں یتامیٰ کے لئے ایک عمارت تعمیر کی جارہی ہے۔31 ہزار افراد کو روزانہ کی بنیاد پر خوراک دی جارہی ہے۔مختلف ممالک میں خدمت انسانیت کے کاموں کا اجمالی تذکرہ۔اس وقت مجلس نصرت جہاں کے تحت افریقہ کے 12 ممالک میں 39 ہسپتال اور کلینک کام کر رہے ہیں۔اس کے علاوہ 12 ممالک میں 656 تعلیمی ادارے خدمت میں مصروف ہیں۔		
31؍جولائی 2010ء کو بعد دوپہر	(جماعت احمدیہ برطانیہ کے 44ویں جلسہ سالانہ کے دوسرے روز حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطاب) تیسری و آخری قسط	2009ء اور 2010ء کے دوران جماعت احمدیہ عالمگیر پر نازل ہونے والے اللہ تعالیٰ کے بے انتہا احسانات کا روح پرور تذکرہ۔**87** ممالک سے واقفین نو کی کل تعداد **41** ہزار **220** ہوگئی ہے۔احمدیہ ویب سائٹ، پریس اینڈ پبلیکیشن کے شعبوں کی کارکردگی کا تذکرہ۔اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس سال 119 ممالک کی 407 قوموں سے تعلق رکھنے والے 4 لاکھ 58 ہزار 760 افراد بیعت کر کے جماعت احمدیہ مسلمہ میں شامل ہوئے۔نومبائعین سے رابطہ اور بیعتوں کے دوران ظاہر ہونے والے ایمان افروز واقعات کا روح پرور بیان۔نظام وصیت میں شامل ہونے والوں کی تعداد میں خدا تعالیٰ کے فضل سے اضافہ ہو رہا ہے۔اب یہ تعداد ایک لاکھ 9 ہزار ہو چکی ہے۔احباب کی مالی قربانی کے ایمان افروز واقعات کا تذکرہ۔(حدیقۃ المہدی کے وسیع اور خوبصورت مرکز میں جماعت احمدیہ برطانیہ کے 44ویں جلسہ سالانہ کے دوسرے روز کے خطاب میں عالمگیر جماعت احمدیہ پر اللہ تعالیٰ کے بے پایاں افضال وانعامات کا روح پرور تذکرہ)	20؍جولائی	29
6؍مئی 2012ء طاہر ہال۔بیت الفتوح	(جماعت احمدیہ برطانیہ کے واقفین نو کے سالانہ اجتماع سے سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطاب۔واقفین نو اور ان کے والدین اور منتظمین کے لئے اہم ہدایات)	آپ جماعت کا وہ حصہ ہیں جن کے والدین نے خدا تعالیٰ سے ایک عہد باندھا ہے کہ آپ کی زندگیاں اسلام اور جماعت کی خدمت کے لئے وقف ہیں۔اس لئے ہمیشہ اپنی اہمیت کو پہچانیں اور سمجھیں اور کبھی بھی اُس عہد کو نہ توڑیں جو آپ کے والدین نے باندھا تھا۔اپنے GCSEs کے امتحانات کے فوراً بعد آپ کو جماعت سے رہنمائی لینی چاہئے کہ مستقبل میں کونسے مضامین یا راستہ آپ کو اپنانا چاہئے۔ وہ جو وقف نو کی تحریک میں شامل رہنا چاہتے ہیں انہیں ہمیشہ یاد رکھنا چاہئے کہ ان پر لازم ہے کہ وہ ایک حقیقی واقف زندگی کی روح کے مالک ہوں۔اگر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ آپ اس روح کو قائم نہیں رکھ سکتے تو ایسوں کے لئے بہت بہتر ہوگا کہ آپ وقف نو کی تحریک سے علیحدہ ہو جائیں۔بے شک یہ ضروری ہے کہ آپ دنیاوی علم اور تعلیم حاصل کریں لیکن آپ کو یہ ہمیشہ یاد رکھنا چاہئے کہ ایسے علم کی تحصیل کا مقصد صرف یہ ہے کہ وہ آپ کو خدمت اسلام کرنے میں مدد دے سکے۔اپنی دنیاوی تعلیم کے ساتھ ساتھ یہ نہایت ضروری ہے کہ آپ دینی علم کے حصول کی کوشش بھی کریں۔اپنی نماز کی حفاظت ایک وقف نو کی اوّلین ترجیح ہونی چاہئے۔	27؍جولائی	30
23؍جولائی 2011ء	(جماعت احمدیہ برطانیہ کے 45ویں جلسہ سالانہ کے موقع	2010ء اور 2011ء کے دوران جماعت احمدیہ عالمگیر پر نازل ہونے والے اللہ تعالیٰ کے بے انتہا احسانات کا روح پرور تذکرہ۔اللہ تعالیٰ کے فضل سے دنیا کے 200 ممالک میں	3؍اگست	31

خطاب	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
	پر بعد دوپہر کے اجلاس میں سیدنا حضرت امیرالمومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کا روح پرور خطاب)	جماعت احمدیہ کا پودا لگ چکا ہے۔1984ء کے آرڈیننس کے بعد سے 27 سالوں میں جبکہ احمدیوں سے ظالمانہ اور بہیمانہ سلوک روا رکھا گیا۔ اللہ تعالیٰ نے 109 ممالک جماعت احمدیہ کو عطا فرمائے ہیں۔ اس سال دو نئے ممالک چلی (Chilie) اور بارباڈوس (Barbados) میں احمدیت کا نفوذ ہوا۔ اس سال دنیا بھر میں پاکستان کے علاوہ نئی قائم ہونے والی جماعتوں کی تعداد 839 ہے۔ اس کے علاوہ مختلف ملکوں، شہروں میں 1118 نئے مقامات پر پہلی بار احمدیت کا پودا لگا ہے۔ نئی جماعتوں کے قیام کے ایمان افروز واقعات دوران سال جماعت کو اللہ تعالیٰ کے حضور 419 مساجد پیش کرنے کی توفیق ملی ہے۔ جس میں سے 121 نئی مساجد تعمیر ہوئیں اور 298 مساجد بنی بنائی عطا ہوئی ہیں۔ مختلف ممالک میں جماعت کی پہلی مساجد کی تعمیر کا تذکرہ اور مساجد کی تعمیر کے تعلق میں ایمان افروز واقعات کا بیان۔2010ء اور 2011ء کے دوران جماعت احمدیہ عالمگیر پر نازل ہونے والے اللہ تعالیٰ کے بے انتہا احسانات کا روح پرور تذکرہ۔ دوران سال 121 تبلیغی مراکز کا اضافہ ہوا۔ 2 ممالک میں تبلیغی مراکز، مشن ہاؤسز کی تعداد 2325 ہو چکی ہے۔ دوران سال 549 مختلف کتب، پمفلٹ اور فولڈرز وغیرہ 38 زبانوں میں طبع ہوئے جن کی تعداد 76 لاکھ 78 ہزار 844 ہے۔ لیف لیٹس اور فلائرز کی تقسیم کے منصوبہ میں اللہ تعالیٰ نے غیر معمولی برکت ڈالی ہے۔5096 بکسٹالز اور 91 بک فیئرز میں شمولیت کے ذریعہ لاکھوں افراد تک پیغام پہنچا۔ قرآن مجید اور اس کے تراجم کی 2095 نمائشوں کا انعقاد اور نیک اثرات کا تذکرہ۔ ریویو آف ریلیجنز، احمدیہ پرنٹنگ پریس، مختلف زبانوں کے مرکزی ڈیسکس کی مساعی اور ایم ٹی اے 3 العربیہ کے بارہ میں لوگوں کے تأثرات کا بیان		
23/جولائی 2011ء بروز ہفتہ دوسری قسط	(جماعت احمدیہ برطانیہ کے 45ویں جلسہ سالانہ کے موقع پر بعد دوپہر کے اجلاس میں سیدنا حضرت امیرالمومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کا روح پرور خطاب	2010ء اور 2011ء کے دوران جماعت احمدیہ عالمگیر پر نازل ہونے والے اللہ تعالیٰ کے بے انتہا احسانات کا روح پرور تذکرہ۔ دوران سال 121 تبلیغی مراکز کا اضافہ ہوا۔ 2 ممالک میں تبلیغی مراکز، مشن ہاؤسز کی تعداد 2325 ہو چکی ہے۔ دوران سال 549 مختلف کتب، پمفلٹ اور فولڈرز وغیرہ 38 زبانوں میں طبع ہوئے جن کی تعداد 76 لاکھ 78 ہزار 844 ہے۔ لیف لیٹس اور فلائرز کی تقسیم کے منصوبہ میں اللہ تعالیٰ نے غیر معمولی برکت ڈالی ہے۔5096 بکسٹالز اور 91 بک فیئرز میں شمولیت کے ذریعہ لاکھوں افراد تک پیغام پہنچا۔ قرآن مجید اور اس کے تراجم کی 2095 نمائشوں کا انعقاد اور نیک اثرات کا تذکرہ۔ ریویو آف ریلیجنز، احمدیہ پرنٹنگ پریس، مختلف زبانوں کے مرکزی ڈیسکس کی مساعی اور ایم ٹی اے 3 العربیہ کے بارہ میں لوگوں کے تأثرات کا بیان	10/اگست	32
	تیسری و آخری قسط	2010ء اور 2011ء کے دوران جماعت احمدیہ عالمگیر پر نازل ہونے والے اللہ تعالیٰ کے بے انتہا احسانات کا روح پرور تذکرہ۔ ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے ذریعہ بیعتوں اور نمایاں تبدیلیوں کے ایمان افروز واقعات۔ مختلف ٹی وی اور ریڈیو پروگراموں کے ذریعہ احمدیت کے پیغام کی اشاعت اور ان کے نیک اثرات۔ احمدیہ ویب سائٹ، تحریک وقف نو، مخزن تصاویر، پریس اینڈ پبلیکیشن، مجلس نصرت جہاں، احمدیہ انٹرنیشنل ایسوسی ایشن آف آرکیٹکٹ اینڈ انجینئرز، ہیومینٹی فرسٹ وغیرہ مختلف شعبہ جات کی کارکردگی کی مختصر رپورٹ۔ نومبائعین سے رابطوں کی بحالی۔ نئی بیعتوں، قبولیت دعا اور مالی قربانی کے ایمان افروز واقعات کا تذکرہ۔	17/اگست	33

خطاب	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
8 جولائی 2012ء	جماعت احمدیہ کینیڈا کے جلسہ سالانہ کے موقع پر سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا اختتامی خطاب بمقام انٹرنیشنل سینٹر	خلیفۂ وقت کا انتخاب نہ تو پہلے کبھی بندوں کا انتخاب تھا، نہ اب ہے اور نہ آئندہ کبھی ہوگا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ یہ انتخاب خدا تعالیٰ کا انتخاب ہے۔ جب ایک خلیفہ کا انتخاب ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ مومنین کے دل اس کی طرف مائل کر دیتا ہے۔ خلیفۂ وقت کے لئے دلوں میں یہ پیار خدا تعالیٰ نے پیدا کیا ہے اور یہ خدا تعالیٰ کے انتخاب کی وجہ سے ہی ہے۔ اللہ تعالیٰ خلافت کے لئے اپنی تائیدات کے ذریعہ نبی کا کام آگے بڑھاتا ہے۔ آج ہمارے مخالفین بھی یہ اعتراف کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت کی ترقی کی رفتار پہلے سے بڑھ کر ہے۔ یہ دلیل ہے اس بات کی کہ یہ انتخاب خدا تعالیٰ کا ہوتا ہے۔ خلافت کی چھاؤں سے لوگوں کو سکون اور امن ملتا ہے۔ خلافت کے مقابلے پر کوئی بھی شخص یا حکومت جب بھی کھڑی ہوئی تو خدا تعالیٰ کی فعلی شہادت یہ اعلان کرتی ہے کہ یہ بندہ میری پناہ میں ہے اور جو بھی اس کے مقابلہ پر کھڑا ہوگا وہ تباہ ہو جائے گا۔ آج جماعت احمدیہ پر طلوع ہونے والا ہر دن اس بات کی تائید کرتا ہے کہ خدا تعالیٰ خلافت احمدیہ کے ساتھ ہے اس لئے کہ یہ خدا تعالیٰ کا انتخاب ہے، اس لئے کہ خدا تعالیٰ اپنے انتخاب کی غیرت رکھتا ہے۔ **جماعت کی ترقی خلافت احمدیہ سے وابستہ ہے۔ اللہ تعالیٰ کا یہ وعدہ ہے کہ خلافت اب دائمی ہے اور ہمیشہ قائم رہے گی۔ یہ وعدہ اللہ تعالیٰ کی تائیدات لئے ہوئے ہے۔** دنیا میں ہر جلسے میں خلافت کے موضوع پر کسی نہ کسی عنوان کے تحت تقریر ہونی چاہئے۔ **خلافت احمدیہ کے حق میں اللہ تعالیٰ کی تائید و نصرت، قبولیت دعا، تسکین قلب اور ایمان کی پختگی کے مظہر نومبائعین کے نہایت ایمان افروز واقعات کا روح پرور تذکرہ۔**	7/ستمبر 14 ستمبر	37-36
2/جون 2012ء	جلسہ سالانہ جرمنی کے موقع پر حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا مستورات سے خطاب بمقام کالسروئے	ایک عقلمند عورت وہی ہے جو یہ سوچے کہ میں نے اپنا گھریلو چین اور سکون کس طرح پانا ہے؟ اپنے گھر کو جنت نظیر کس طرح بنانا ہے۔ اگر دنیا کی طرف نظر رہے تو یہ سکون کبھی حاصل نہیں ہو سکتا۔ حقیقی سکون خدا تعالیٰ سے تعلق جوڑنے سے ہی حاصل ہو سکتا ہے۔ اپنی آزادی کو اُن حدود کے اندر رکھیں جو خدا تعالیٰ نے آپ کے لئے مقرر کی ہیں۔ اگر آزادی یہاں کے معاشرے کی بے حجابی کا نام ہے تو یقیناً ایک احمدی بچی آزاد نہیں ہے اور نہ ہی اسے ایسی آزادی کے پیچھے جانا چاہئے۔ پردے کا مقصد دوسروں کی توجہ اپنے سے ہٹانا ہے۔ یہ احساس دلانا ہے کہ ہم حیادار ہیں لیکن اگر برقعوں پر گوٹے کناری لگے ہوئے ہوں اور توجہ دلانے والے الفاظ لکھے ہوئے ہوں تو یہ پردہ نہیں ہے، نہ ایسے برقعوں کا کوئی فائدہ ہے۔ جس وسعت سے عورتوں کے ذریعے عورتوں میں تبلیغ ہونی چاہئے، وہ نہیں ہوتی۔ جہاں مَردوں کو تبلیغ کے میدان میں پہلے سے بڑھ کر کودنے کی ضرورت ہے وہاں عورتوں کو بھی اپنی صلاحیتوں کو اس میدان میں استعمال کرنے کی ضرورت ہے۔ پس اللہ تعالیٰ کی شکر گزاری کا تقاضا ہے کہ احمدیت کے ساتھ مضبوط تعلق پیدا کر کے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پیغام کو یہاں پہنچائیں۔ ہر گھر تک پہنچائیں، ہر شخص تک پہنچائیں۔ یہ عورتوں کا بھی فرض ہے اور مردوں کا بھی فرض ہے۔ اُن لوگوں کی قربانیوں کو بھول نہ جائیں جنہوں نے اپنی جانوں کی قربانی دے کر احمدیت کی آبیاری کی ہے۔ آج تک یہ قربانیاں ہو رہی ہیں جو یہاں آپ کے آنے کا ذریعہ بن رہی ہیں اور آپ کے یہاں رہنے کا ذریعہ بن رہی ہیں۔ (احمدیت کی خاطر جان کا نذرانہ پیش کرنے والی خواتین کی قربانیوں کا تذکرہ)	26/اکتوبر	43
9/جون 2012ء	جامعہ احمدیہ یوکے سے فارغ التحصیل ہونے والی پہلی شاہد کلاس	الحمد للہ کہ آج جامعہ احمدیہ یوکے (UK) کی پہلی شاہد کلاس میدانِ عمل میں جانے کے لئے تیار ہے۔ اپنے خدا سے ایسا دل لگائیں کہ جس کی کوئی مثال نہ ملتی ہو۔ دعاؤں کی طرف تو انشاء اللہ	26/اکتوبر	43

خطاب	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
	کے طلباء کی جامعہ احمدیہ کی نئی بلڈنگ میں منعقد ہونے والی پہلی تقریب تقسیم اسناد کے موقع پر سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کا زرّیں نصائح پر مشتمل نہایت اہم خطاب۔	تعالیٰ آپ کی توجہ رہے گی لیکن اس کے لئے نمازوں کی پابندی کی طرف توجہ رکھیں۔ اپنی دعائیں، اپنی نمازوں اور نوافل میں مانگیں۔ کوشش یہ ہو کہ اللہ تعالیٰ کے حضور انتہائی عاجزی سے جھک کر اور فنا کی کیفیت پیدا کر کے نمازیں پڑھی جائیں۔ کبھی اپنے آپ کو کامل نہ سمجھیں۔ کبھی اپنے آپ کو کسی بھی علم میں ماہر نہ سمجھیں۔ perfection کبھی کسی میں نہیں پیدا ہو سکتی۔ ہاں اُس کی تلاش ہمیشہ رہتی ہے۔ خلافتِ احمدیہ سے ہمیشہ وفا کا تعلق رکھیں۔ یاد رکھیں آپ نمائندے ہیں خلیفہ وقت کے، جماعتوں میں، جس میدان میں بھی آپ ہیں، جس جگہ بھی آپ کو لگایا گیا ہے۔ اور اس نمائندگی کا حق تبھی ادا ہو سکتا ہے جب آپ اپنے ہر عمل کو خدا تعالیٰ کی رضا کے حصول کا ذریعہ بنائیں گے۔ ہر عمل میں انصاف کو مدّنظر رکھیں گے۔ ہر عمل میں تقویٰ کو مدّنظر رکھیں گے۔ ہر اُس شخص کو جو جامعہ احمدیہ سے کامیاب ہو کے نکل رہا ہے، ہر اُس شخص کو جو جامعہ احمدیہ میں پڑھ رہا ہے، ہر اُس مربی کو، ہر اُس مبلغ کو جو میدانِ عمل میں ہے تقویٰ کی باریک راہوں پر چلنا چاہئے تا کہ ان راستوں پر چلتے ہوئے پھر آپ دنیا کی رہنمائی بھی کر سکیں۔ اس طرف آپ کو ہمیشہ توجہ دینی چاہئے کہ تبلیغی میدان میں کس طرح آپ نے نئے نئے راستے تلاش کرنے ہیں اور کس طرح لوگوں سے رابطوں میں وسعت اختیار کرنی ہے اور دنیا کو حق کا پیغام پہنچانا ہے۔		
22/جولائی 2011ء	جماعت احمدیہ برطانیہ کے 45ویں جلسہ سالانہ کے موقع پر سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا افتتاحی خطاب	حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جلسہ کے جو مقاصد بیان فرمائے ہیں وہ زُہد، تقویٰ، خدا ترسی، نرم دلی، محبت و مؤاخات، عاجزی، سچائی و راستبازی اور دینی مہمات کے لئے سرگرمی دکھانا ہے۔ ان مقاصد کو حاصل کرنے کی کوشش کرنی چاہئے۔ ورنہ اگر یہ نیت اور ارادے اور کوشش نہیں تو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں پھر یہ جلسہ ایک 'معصیت' ہے اور 'طریقِ ضلالت اور بدعتِ شنیعہ' ہے۔ (قرآن مجید، احادیث نبویہ اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے ارشادات کی روشنی میں جلسہ کے مقاصد کی نہایت پُر معارف، بصیرت افروز، ثر انگیز تشریح و تفسیر اور اہم نصائح) ہم میں سے ہر ایک کو خود اپنا جائزہ لینا چاہئے کہ کیا ہم اس مقصد کو پورا کر رہے ہیں یا نہیں جو جلسہ پر آنے کا مقصد ہے۔ اگر پورا کریں گے تبھی ہم حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی جلسہ پر شامل ہونے والوں کے لئے کی گئی دعاؤں کے وارث بنیں گے۔ ان دنوں میں درُود کو خاص طور پر اپنی تمام دعاؤں پر حاوی کر لیں کہ دل کی گہرائی سے نکلا ہوا درود تمام دعاؤں کی قبولیت کا ذریعہ بن جاتا ہے۔ دشمنانِ احمدیت کے بد ارادوں اور منصوبوں سے اللہ تعالیٰ کی پناہ میں آنے کے لئے بہت دعائیں کریں۔ اللہ تعالیٰ دشمن کا ہر شر اُن پر الٹا دے۔ ہر احمدی کو اپنی حفاظت اور پناہ میں رکھے۔	2/نومبر	44
24/جولائی 2011ء	جماعت احمدیہ برطانیہ کے 45ویں جلسہ سالانہ کے موقع پر سیدنا حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا اختتامی خطاب	خدا تعالیٰ نے یہ مقدر کر دیا ہے کہ وہ دنیا پر مقامِ ختمِ نبوّت اب جماعت احمدیہ کے ذریعہ واضح کرے۔ اللہ تعالیٰ نے یہ مقدر کر دیا ہے کہ اسلام اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا جھنڈا اب جماعت احمدیہ کے ذریعے دنیا پر لہرائے اور اس مقصد کے حصول کے لئے ہم گزشتہ 123 برس سے قربانیاں دیتے چلے آ رہے ہیں اور انشاء اللہ تعالیٰ قربانیاں دیتے چلے جائیں گے یہاں تک کہ تمام دنیا حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جھنڈے تلے جمع ہو جائے۔ (حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ارشادات کے حوالہ سے مقام خاتم النبیین ؐ کی نہایت پُر معارف تشریح) ہم احمدیوں کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خاتمیتِ نبوت پر اُس سے زیادہ،	23/نومبر	45

شمارہ	تاریخ اشاعت	خلاصہ	مقام	خطاب
		اور کئی گُنا بڑھ کر یقین ہے اور اس کا فہم و ادراک ہے جتنا کسی بھی دوسرے مسلمان کو آپؐ کے خاتم النبیین ہونے کی حقیقت کا ادراک اور یقین ہے۔ اور یہ یقین ہمارے دلوں میں، ہماری روحوں میں زمانے کے امام اور مہدی دوران اور حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے عاشقِ صادق نے پیدا فرمایا ہے۔ اے دشمنانِ احمدیت جو اپنے ذاتی مفاد کی خاطر حضرت خاتم الانبیاء محسنِ انسانیت اور رحمۃ للعالمین کے نام پر ظلم و بربریت کی داستانیں رقم کر رہے ہو، تمہیں آج مَیں واضح طور پر اور تحدی سے یہ کہتا ہوں کہ تمہارا مقدر ناکامیاں ہیں، تمہارا مقدر تباہی و بربادی ہے اور تمہارا مقدر ذلت و خواری ہے۔ تم اس غلط فہمی میں نہ رہو کہ تم اپنے کسی بھی حربہ سے جماعت احمدیہ کو تباہ کر سکتے ہو۔ اللہ تعالیٰ تو ہمیں ہر روز اپنے فضلوں کے وہ نظارے دکھا رہا ہے جو ہماری توقعات سے بھی بڑھ کر ہیں۔		
46	30/نومبر	ہمیشہ یاد رکھیں کہ جس طرح مردوں کے لئے نیک کام کرنا، نیکیاں بجالانا ضروری ہے اُسی طرح عورتوں کے لئے بھی اور نوجوان لڑکیوں کے لئے بھی، بڑی عمر کی عورتوں کے لئے بھی، بچیوں کے لئے بھی اپنے اپنے دائرے میں نیک کام کرنا اور نیکیوں کی تلقین کرنا اور برائیوں سے رُکنا اور برائیوں سے روکنا ضروری ہے۔ حقوق اللہ اور حقوق العباد کی ادائیگی، والدین، رشتہ داروں اور ہمسایوں سے حسن سلوک، اسی طرح امانت اور عہدوں کی حفاظت، سچائی کے اظہار، عاجزی، حسن ظن، شکر، احسان وغیرہ نیکیوں کو اپنانے کی تاکیدی نصیحت۔ اسی طرح دوسروں پر عیب لگانے، بغیر علم کے بات کرنے، غیبت اور جھوٹ جیسی برائیوں سے بچنے کے لئے اہم نصائح حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ آپ نے جو عہد بیعت باندھا ہے وہ یہ تقاضا کرتا ہے کہ اپنے بچوں کو، اپنی نسلوں کو جماعت کے ساتھ اس طرح جوڑ دیں کہ وہ جماعت کی خاطر ہمیشہ قربانیاں کرتے چلے جائیں۔ اسلام کی تبلیغ کرنے کا جہاد ہے جو ہم نے انشاء اللہ تعالیٰ کرنا ہے اور اس میں عورت کا بڑا اہم کردار ہے جو اُس نے ادا کرنا ہے چاہے وہ نوجوان ہے یا بچی ہے یا بڑی عمر کی عورت۔ جماعت پر اللہ تعالیٰ کے فضلوں کا ایمان افروز تذکرہ	(لجنہ اماء اللہ جرمنی کے سالانہ اجتماع کے موقع پر حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطاب)	17/ستمبر 2011ء
46		جماعت احمدیہ جب کوئی مسجد بناتی ہے تو اس کے دو بڑے مقاصد ہوتے ہیں۔ اوّل خدا کی عبادت کرنا، دوم بنی نوع انسان کے حقوق دینا اور ان کی خدمت کرنا۔ اس کے علاوہ اَور کوئی مقصد نہیں۔ اس مسجد کا نام دارالامان ہے جس کا مطلب ہے کہ یہ ایسی جگہ ہے جو ہر قسم کا امن دیتی ہے اور ہر شخص یہاں محفوظ ہے۔ یہ صرف عبادت کرنے والوں کے لئے محفوظ نہیں بلکہ اردگرد کے لوگوں کے لئے بھی امن اور حفاظت کا ذریعہ ہے۔ مجھے امید ہے کہ یہ مسجد روشنی کا مینار ثابت ہوگی۔ (حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کا 27/اپریل 2012ء کو مسجد دارالامان کی افتتاحی تقریب کے موقع پر حاضرین سے خطاب) مسجد دارالامان مانچسٹر کی افتتاحی تقریب میں علاقہ کے لارڈ میئر، ممبران پارلیمنٹ، کونسلرز اور دیگر معززین کی شرکت۔ جماعت احمدیہ کی امن پسندی کو خراج تحسین	(حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کا مسجد دارالامان کی افتتاحی تقریب کے موقع پر حاضرین سے خطاب)	27/اپریل 2012ء
47	7/دسمبر	اس جائزہ کی ضرورت ہے کہ ایمان کی ترقی اور سچائی کے قیام کے لئے ہم کیا کوشش کر رہے ہیں؟ اللہ تعالیٰ کی ہستی کو تمام طاقتوں کا سرچشمہ ہم نے کس حد تک تسلیم کیا ہے؟ اللہ تعالیٰ کے حکموں پر ہم کس حد تک عمل کرتے ہیں؟ تقویٰ کے حصول کے لئے ہمارے قدم کس تیزی سے	جماعت احمدیہ کینیڈا کے جلسہ سالانہ کے موقع پر انٹرنیشنل سینٹر Mississauga	7/جولائی 2012ء

خطاب	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
	میں سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا مستورات سے خطاب	بڑھ رہے ہیں؟ پس یہ جائزے ہمیں ہماری حقیقی تصویر دکھائیں گے۔ یہ جائزے ہمیں ہمارا حقیقی احمدی ہونا یا نہ ہونا بتائیں گے۔ ہمیں ایک مرتبہ احمدی ہوکر یا احمدیوں کے گھر میں پیدا ہوکر، ان کی اولاد ہوکر پھر بے فکر نہیں ہو جانا چاہئے بلکہ شرائط بیعت کو وقتاً فوقتاً سامنے رکھتے رہنا ہے۔ رسوم میں آجکل ایک بہت بڑی رسم جس نے بدعت کی شکل اختیار کر لی ہے شادی بیاہ پر بے جا اسراف ہے، بے انتہا خرچ ہے۔ شادی کے موقعوں پر اُن غریب دلہنوں کا بھی خیال رہے جن کو مثلاً رخصتی کے وقت مشکل سے دو جوڑے ملتے ہیں یا جن کو رخصتی کے وقت شاید ایک تولہ سونے کا زیور بھی میسر نہیں آتا۔ کسی بھی بات کو اپنانے سے پہلے یہ دیکھیں کہ کسی احمدی لڑکی اور عورت کے تقدس پر حرف نہ آتا ہو، اُس کی عزت وعصمت پر حرف نہ آتا ہو۔ پردہ ایک ایسا اسلامی حکم ہے جس کی وضاحت قرآنِ کریم میں موجود ہے۔ اس لئے یہاں کے ماحول کے زیرِ اثر اپنے حجاب اور کوٹ نہ اتار دیں۔ بے حجابیوں میں اور ہوا و ہوس میں ڈوبنے سے بچیں ورنہ آئندہ نسلوں کی حیا کے تقدس کی ضمانت نہیں دی جاسکتی۔ پس اگر اللہ تعالیٰ کی رضا اور خیر چاہتی ہیں تو حیا کی بہت حفاظت کریں۔ اگر آپ نے سچی بیعت کی ہے تو اپنی تمام خواہشات کو اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول کے حکموں کے تابع کریں اور خلافت سے وفا اور اطاعت بھی اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول کے حکموں میں سے ایک حکم ہے۔ پس جب بھی خلیفۂ وقت کسی امر کی طرف توجہ دلائے تو اس کی پابندی کرنے کی کوشش کریں۔ عورت کی یہ ذمہ داری ہے کہ اپنے گھر کی نگرانی کرے۔ بچوں کی تربیت کی طرف توجہ دے۔ یہ نہیں کہ اپنی خواہشات کی تکمیل کے لئے، ایسے کمانے کے لئے سارا دن گھر سے باہر رہے اور جب بچے شام کو سکول سے گھر واپس آئیں تو اُنہیں پوچھنے والا کوئی نہ ہو۔ گھر کا نظام چلانا، گھر کے اخراجات پورے کرنا، بیوی کے بھی اخراجات پورے کرنا اور بچوں کے بھی اخراجات پورے کرنا یہ مَردوں کا کام ہے۔ وہ اگر نگرانی کا حق ادا نہیں کر رہے تو وہ بھی پوچھے جائیں گے۔ تبلیغ دین کا کام بھی عورتوں کو کرنا چاہئے۔ یہ نہ سمجھیں کہ صرف مَردوں کا کام ہے۔ اس کے لئے پہلے اپنا دینی علم بڑھائیں۔		
8ستمبر 2012ء	حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا مستورات سے خطاب فرمودہ برموقع جلسہ سالانہ یوکے ۔بمقام حدیقۃ المہدی (آلٹن)	اگر خلافت سے وابستہ رہنا ہے، جماعت سے وابستہ رہنا ہے تو اس کے لئے پھر اطاعت بھی لازمی ہے اور ضروری ہے۔ لَا اِکْرَاہَ فِی الدِّیْنِ کا یہ مطلب نہیں ہے کہ جو ایمان لے آئے ہیں اُن کو کہا جائے کہ اب جو مرضی ہے تمہاری کرو اور تم پر کسی قسم کی پابندی نہیں، آزاد ہو۔ یہ لَا اِکْرَاہَ فِی الدِّیْنِ تو اُن کے لئے ہے جو ایمان لاتے ہیں اور دین چھوڑ دیتے ہیں۔ اُن پر کوئی پابندی نہیں ہے۔ اسلام لانے کے بعد، احمدیت اور حقیقی اسلام قبول کرنے کے بعد یہ بہانہ نہیں کہ دین میں جبر نہیں ہے اس لئے ہم اپنی مرضی سے جو چاہیں کریں۔ یہ بڑی غلط سوچ ہے۔ یہ تو اسلام کی خوبصورتی ہے کہ اگر کوئی کہے کہ ہمیں ان پابندیوں میں رہنا نہیں چاہتا تو پھر اسلام کہتا ہے کہ تمہیں آزادی ہے، دینِ اسلام کی حدود سے باہر چلے جاؤ۔ یا اگر اسلام کے دائرہ میں رہنا ہے تو پھر بہرحال ڈسپلن کی پابندی کرنی پڑے گی جو قائم کیا گیا ہے۔ خلافت کے ساتھ منسلک رہنا ہے تو عبادتوں کی طرف بھی توجہ دینی ہوگی۔ جب تم نے اس دین کو قبول کر لیا جو اللہ تعالیٰ کی طرف لے جانے والا دین ہے تو پھر اللہ تعالیٰ کے احکامات پر عمل کروگے تو شیطان سے نجات پاؤگے۔ اور یہ شیطان سے نجات کا راستہ اُس وقت تک نظر آتا رہے گا جب تک تم نظامِ خلافت کے کڑے پر ہاتھ ڈالے رکھوگے۔ اللہ تعالیٰ کے احکامات کو پکڑے رکھوگے۔ اگر ہمارا دعویٰ ہے	7دسمبر	48

خطاب	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
3/جون 2012ء	(جماعت احمدیہ جرمنی کے جلسہ سالانہ کے موقع پر بمقام کالسروئے کو حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا روح پرور اور ولولہ انگیز اختتامی خطاب)	اور یقیناً ہمارا دعویٰ ہے کہ ہم نے دنیا کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے قدموں میں لا کر ڈالنا ہے تو پھر ہمیں بھی ایسی دعائیں کرنی ہوں گی جو اللہ تعالیٰ کی خاص تائید و نصرت کو کھینچ کر لائیں، کیونکہ اللہ تعالیٰ کی مدد کے بغیر یہ ممکن نہیں کہ ہم دنیا کو فتح کرسکیں۔ اور جب دعائیں مانگیں گے تو ہمیں اپنے عمل بھی اللہ تعالیٰ کی رضا کے مطابق ڈھالنے ہوں گے۔ اپنے دلوں کو ہر قسم کی بدیوں سے دھونا ہوگا تا کہ ہمارے سینے نور سے بھر جائیں۔ اللہ تعالیٰ ہمارا ولی ہو جائے اور ہم کامیابیوں کی منزلیں طے کرنے والے ہوں۔ نوجوان بچیاں یاد رکھیں اُن کی بقا دین میں ہے۔ دنیا میں نہیں۔ پس یہ کبھی خیال بھی نہ لائیں کہ فلاں حکم چودہ سو سال پرانا ہے اور آج اس پر عمل نہیں ہوسکتا۔ اسلام کا ہر حکم آج بھی اُتنا ہی اہم ہے جتنا چودہ سو سال پہلے تھا۔ اللہ کرے مجھے بھی اور آئندہ آنے والوں کو بھی یہ بےفکری ہو جائے کہ ہماری یہ نسل بھی اور آئندہ آنے والی نسلیں بھی اُن ہاتھوں میں پروان چڑھ رہی ہیں جو اس بات کا پکّا اور مصمّم ارادہ کرچکی ہیں کہ ہم نے حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جھنڈے کو دنیا میں گاڑ کر دم لینا ہے اور اپنی ترجیحات کو اللہ تعالیٰ کے احکامات کے تابع کرنا ہے۔ مخالفینِ احمدیت کا خیال تھا کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی وفات کے بعد یہ سلسلہ ختم ہو جائے گا۔ اس سلسلہ کا پھیلاؤ نہ صرف رُک جائے گا بلکہ آپ سے تعلق پکڑنے والی شاخیں سوکھ کر ختم ہو جائیں گی۔ ...... لیکن کم عقل اور اندھا دشمن یہ نہیں سمجھتا تھا کہ میں جس پر ہاتھ ڈال رہا ہوں یا جس پر ہاتھ ڈالنے کی خواہش رکھتا ہوں، جس کو ختم کرنے کی خواہش رکھتا ہوں وہ خدا کے ہاتھ کا بویا ہوا بیج ہے جس کے مقدر میں پھلنا پھولنا اور بڑھنا ہے۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ ساتھ جماعت کے افراد حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بعد جاری شدہ نظامِ خلافت سے بھی وہ تعلق اور محبت کا رشتہ رکھے ہوئے ہیں جس کے ذریعہ سے پھر اس پیغام کو، اُس مشن کو جو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام لے کر آئے تھے، خدا تعالیٰ دنیا میں آگے سے آگے پھیلاتا چلا جا رہا ہے۔ جماعت احمدیہ کے جو جلسہ سالانہ ہر سال مختلف ممالک میں ہوتے ہیں اُن میں ہم ترقی دیکھتے ہیں اور جہاں خلیفہ وقت کی موجودگی ہو وہاں لوگوں کا خلافت کے ساتھ ایک خاص تعلق دیکھتے ہیں۔ پس یہ ایک ایسا نشان ہے جو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی صداقت کا ثبوت بھی ہے۔ ...... یہ خدا تعالیٰ کی تائیدی ہوائیں ہیں جو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی جماعت کے حق میں چل رہی ہیں۔ آپ کے بعد آپ کے جاری کردہ نظامِ خلافت کی تائید میں چل رہی ہیں۔ خلافت سے یہ محبت حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام سے اللہ تعالیٰ کے وعدوں اور آپ کی اُن دعاؤں کا نتیجہ ہے جو قدرتِ ثانیہ کے لئے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے کی تھیں۔ پس ان محبتوں کو کون دل سے نکال سکتا ہے جو خالصتاً خدا تعالیٰ کی خاطر ہوں۔ ...... اگر یہ جماعت کسی انسان کی کوشش سے بنائی ہوئی ہوتی تو یوں محبتیں دل میں پیدا نہ ہوتیں۔ محبتیں اس طرح نہ گڑھ جاتیں کہ دُور بیٹھے ہوئے اس محبت کا احساس اور اظہار کر رہے ہیں۔ مخالفین احمدیت کی یہ نامرادی جس کے نظارے ہم آج تک دیکھ رہے ہیں، ان مخالفین احمدیت کا مقدر ہے اور انشاء اللہ تعالیٰ یہ اپنی کوششوں میں کبھی کامیاب نہیں ہو سکتے اور حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی قائم کردہ جماعت ترقی کی منازل طے کرتی چلی جائے گی۔ اللہ تعالیٰ کی تائید و نصرت اور خلافت سے محبت اور اخلاص و وفا کے ایمان افروز واقعات کا تذکرہ۔	14/دسمبر	49 49

شمارہ	تاریخ اشاعت	خلاصہ	مقام	خطاب
50	14/دسمبر	جامعہ احمدیہ کینیڈا سے فارغ التحصیل ہونے والے 40 طلباء میں تقسیم اسناد کی خوبصورت اور تاریخی تقریب۔تربیت بھی آپ کا کام ہے اور تبلیغ بھی آپ کا کام ہے۔سب سے بڑی چیز جو ایک مربی اور مبلغ میں ہونی چاہئے وہ اس کی عاجزی ہے۔عاجزی کے ساتھ ساتھ اور علم بڑھانے کے ساتھ ساتھ محنت کی عادت بھی ڈالیں۔آپ واقف زندگی ہیں اور واقف زندگی کے لئے گھنٹے مقرر نہیں کئے گئے کہ اتنے گھنٹے کام کرو گے تو تم نے مقصد پورا کرلیا۔کوئی دن آپ کا ایسا نہ ہو جس میں کچھ نہ کچھ حصہ آپ نے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کتب کا نہ پڑھا ہو۔اسی سے آپ کو قرآن کریم کی صحیح تعلیم کی حقیقت پتہ چلے گی۔خلافت سے وفا کا تعلق ہو۔آپ لوگوں کا یہ تعلق ذاتی طور پر خطوط لکھنے سے، باقاعدہ رابطہ رکھنے سے، خلیفۂ وقت کے لئے دعا کرنے سے، خلیفۂ وقت کو دعا کے لئے لکھنے سے پیدا ہوگا۔پس یہ تعلق بھی قائم رکھیں۔ اس تعلق کو اپنی ذات تک محدود نہ رکھیں۔جس جگہ آپ ہوں وہاں کے ماحول میں اس تعلق کو اتنا اجاگر کریں کہ خلافت کے ساتھ جماعت اس طرح ہو جائے جس طرح یک جان دو قالب۔ آپ لوگ خلیفۂ وقت کے نمائندے ہیں اور وہ کام سرانجام دینے ہیں جن کی ہدایت خلیفۂ وقت کی طرف سے آتی ہے۔اس نمائندگی سے یہ غلط فہمی نہیں ہونی چاہئے کہ جس جگہ ہم جائیں، جس جماعت میں ہم جائیں وہاں ہمیں وہ عزت اور احترام بھی ملے جو جماعت میں خلیفۂ وقت کے لئے ہے۔آپ نمائندے ہیں لیکن یہ بھی یاد رکھیں کہ آپ نے ایک عاجز غلام کی طرح وہ نمائندگی کرنی ہے۔جماعت کی تربیت اسی طرح ہوگی جب آپ جماعت کو خلافت کے ساتھ جوڑ دیں گے۔دعاؤں کے ذریعہ سے اپنی عاجزی کو بھی بڑھائیں اور اپنے علم کو بھی بڑھائیں اور اس کے لئے آپ کا تعلق باللہ میں بڑھنا بھی ضروری ہے۔ایک مبلغ میدان عمل میں ہوتا ہے تو اللہ کے فضل سے اس کو دنیاوی لحاظ سے بھی بڑی پذیرائی ملتی ہے لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ اس سے آپ کے دماغوں میں یا کسی بھی واقف زندگی کے دماغ میں کبھی یہ خیال آجائے کہ یہ میری ذاتی کوشش یا ذاتی لیاقت اور میری اپنی خصوصیات کی وجہ سے ہے۔بلکہ یہ سب اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہے اور یہ فضل اس وجہ سے ہے کہ آپ واقف زندگی ہیں۔	ایوان طاہر کینیڈا میں جامعہ احمدیہ کینیڈا کی تقسیم اسناد کی تقریب میں حضور انور ایدہ اللہ کا خطاب اور مبلغین، مربیان وواقفین زندگی کو نہایت اہم نصائح)	11/جولائی 2012ء
	21/دسمبر	ہر سال اللہ تعالیٰ کے فضل سے لوگ احمدیت میں شامل ہوتے ہیں۔اور اب تو لاکھوں کی تعداد میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہو رہے ہیں۔یہ سب کچھ اللہ تعالیٰ کے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام سے کئے گئے وعدوں کا نتیجہ ہے کہ آپ کی جماعت نے ترقی کرنی ہے، بڑھنا ہے۔پس ہر احمدی جو چاہے کئی نسلوں سے احمدی ہے یا نیا شامل ہونے والا ہے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی سچائی کا ایک نشان ہے۔اللہ تعالیٰ کے فضلوں کو دیکھ کر دل حمد سے بھر جاتا ہے۔نئے شامل ہونے والوں کے ایمان اور ایقان کو دیکھ کر حیرت ہوتی ہے کہ ان لوگوں نے کتنی جلدی کتنی ترقی کی ہے اور بڑی تیزی سے مزید ترقی کی منازل طے کرتے چلے جارہے ہیں۔جماعت احمدیہ میں شامل ہونے والوں کے قبول احمدیت اور اس کے نتیجہ میں ان کے اندر پیدا ہونے والی پاک تبدیلیوں کے ایمان افروز واقعات کا تذکرہ یہ چند واقعات جو مَیں نے آپ کے سامنے پیش کئے ہیں۔یہ جہاں ہمیں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہونے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے غلام صادق ہونے پر یقین کامل پیدا کرتے ہیں، وہاں اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق تسبیح، تحمید اور استغفار کی طرف بھی زیادہ سے زیادہ توجہ	مجلس انصاراللہ برطانیہ کے سالانہ اجتماع کے موقع پر طاہر ہال بیت الفتوح لندن میں حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا اختتامی خطاب	7/اکتوبر 2012ء

خطاب	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
		پھیرنے والے ہونے چاہئیں۔ آپ جو انصار اللہ کہلاتے ہیں حقیقی رنگ میں اپنی حالتوں میں پاک تبدیلیاں پیدا کرتے ہوئے انصار اللہ بنیں اور بننے کی کوشش کریں۔ اللہ تعالیٰ کے فضلوں پر اُس کی حمد کرتے ہوئے مزید شکرگزار بنیں۔ استغفار کرتے ہوئے اپنے ایمانوں کو مضبوط کریں اور نئے آنے والوں کے لئے اسی طرح اپنے لئے بھی مضبوطی ایمان اور ہر قسم کے شرور سے بچنے کی دعا کریں۔		50
21/اکتوبر2012ء	Haslemere میں جامعہ احمدیہ یوکے کی نئی عمارت کے افتتاح کے موقع پر کوسیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطاب	اللہ تعالیٰ کے فضل سے جامعہ احمدیہ جو کہ جماعت کے بہت بڑے اور عظیم اداروں میں سے ایک ادارہ ہے اور جس کی شاخیں اب دنیا کے کئی ممالک میں پھیل چکی ہیں اُس کی برطانیہ کے جامعہ احمدیہ کی شاخ کی نئی عمارت کا یا نئی جگہ کا آج رسمی افتتاح ہو رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے کہ جہاں وہ جماعت کی وسعت بڑھا رہا ہے وہاں اس کے پیسے میں بھی بہت برکت ڈال رہا ہے۔ اب یہی جگہ جو آج سے چار سال پہلے جس قیمت پر میسر تھی، اُس سے آدھی قیمت پر مہیا ہو گئی۔ اور یہی برکتیں ہیں جو جماعت کے پیسے میں پڑتی ہیں۔ آج اللہ تعالیٰ نے مسیح محمدی کے زمانے میں یہ تربیت کے سامان پیدا فرمائے ہیں کہ دنیا میں ہر جگہ جامعات کھل رہے ہیں اپنے آپ کو اس نہج پر تیار کریں کہ دنیا کی تربیت اور تبلیغ کے لئے آپ نے اپنی ہر قربانی دینی ہے۔ میدانِ عمل میں جب جائیں تو محنت کے وہ اعلیٰ معیار قائم کریں کہ دنیا کے لئے ایک نمونہ ہو۔ ہمارے علماء سے یہ توقع کی جاتی ہے کہ وہ بہت ساری باتوں پر توجہ دینے والے ہوں۔ دین کا علم بھی گہرائی میں جا کر ہو۔ دنیا کے جو کرنٹ افیئرز (Current Affairs) ہیں ان کا علم بھی آپ کو ہو۔ اور اس پر توجہ بھی ہو۔ ہمیشہ یاد رکھیں کہ ایک دو مضامین کا علم حاصل کرنا مقصد نہیں ہے بلکہ حتی الوسع زیادہ سے زیادہ علوم کو سیکھنے کی طرف توجہ دینی چاہئے۔ علم حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ ظاہری حالت بھی آپ کی ایک بہترین مومن کی حالت ہونی چاہئے۔ آپ کا ظاہری رکھ رکھاؤ بھی اچھا ہو۔ دوسروں سے فرق ہو۔ آپ کا لباس بھی انتہائی مناسب، مہذب ہو۔ سوبر (Sober) نظر آئیں۔ جو دین کے لئے وقف ہوئے ہیں، جو دین کا علم سیکھ رہے ہیں اور یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ ہم دینی لحاظ سے دوسروں سے بہت آگے ہیں، اُن کے لئے سب سے بڑھ کر اس نمونے کو قائم کرنے کی ضرورت ہے جس سے خیرِ اُمّت ہونے کا اظہار ہو رہا ہو۔ خیرِ اُمّت ہونے کے نمونے دکھائیں گے تو پھر خیرِ اُمّت ہونے کے پھل بھی کھائیں گے۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کتب کا مطالعہ بھی ہمیشہ رکھیں۔ کوئی دن ایسا نہ ہو جو آپ نے کسی نہ کسی کتاب کے کسی نہ کسی حصہ کا مطالعہ نہ کیا ہو۔ اللہ تعالیٰ کی صفات پر کامل یقین ہے تو خدا تعالیٰ پھر کبھی آپ کو ضائع نہیں کرے گا اور نہ کبھی اُس نے کیا ہے۔ ہمیشہ اللہ تعالیٰ کے آگے جھکیں اور کسی بھی قسم کا آپ کا جھکنا انسانوں کے آگے نہیں ہونا چاہئے۔ اللہ تعالیٰ آپ لوگوں کو وہ کچھ بنائے جو جامعہ احمدیہ یا مدرسہ احمدیہ کی بنیاد رکھتے ہوئے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خواہش تھی اور جس کے لئے آپ نے دعا کی تھی۔ آپ خلیفۂ وقت کے سلطان نصیر ہوں۔ آپ خلافت کی حفاظت کے لئے ننگی تلوار ہوں اور اللہ تعالیٰ آپ میں سے ہر ایک کو وہ گوہر عطا کرے جو حقیقت میں اللہ تعالیٰ کی نظر میں قابل قدر ہے۔	14/دسمبر	

خطاب	مقام	خلاصہ	تاریخ اشاعت	شمارہ
13رمئی 2006ء	**ناگویا جاپان** جماعت احمدیہ جاپان کے 26ویں جلسہ سالانہ کے موقع پر کو ناگویا میں حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ بنصرہ العزیز کا اختتامی خطاب	آپس کے تعلقات اور ایک دوسرے کے حقوق کی ادائیگی بھی اسی طرح اہم ہے جس طرح عبادات۔ کیونکہ یہی چیز ہے جو جماعت میں مضبوطی پیدا کرنے والی ہے، بنیان مرصوص بنانے والی ہے۔ **احمدیت یعنی حقیقی اسلام کے خوبصورت پیغام کو اگر حقیقی طور پر اس ملک میں پھیلانا چاہتے ہیں تو آپس میں محبت اور بھائی چارے اور ہمدردی کی فضا پیدا کریں۔** خلیفۂ وقت یا نظامِ جماعت کسی سے صَرفِ نظر یا پردہ پوشی ایک حد تک کرتا ہے۔ اگر حدوں سے تجاوز کرنے کی کوشش کی جائے، یا یہ نظر آ رہا ہو کہ جماعت کا وقار مجروح ہو رہا ہے تو پھر یقیناً سزا بھی ملتی ہے۔ پس عہدیدار خاص طور پر اور ہر احمدی عمومی طور پر اپنے رویّے بدلے۔ اگر کسی بھائی سے معمولی غلطی ہو جاتی ہے تو اس کو معاف کرنے کی کوشش کریں۔ کسی کی غلطی پر مرکز کو بھی پوری طرح واضح نہ کر کے، لاعلم رکھ کر اتنی سزا نہ دلوائیں کہ وہ سزا اس جرم سے بھی زیادہ بڑھ جائے۔ ایک احمدی کے لیے چاہے وہ جیسا بھی ہو نظامِ جماعت سے علیحدگی اور خلیفۂ وقت کی ناراضگی موت سے کم نہیں ہوتی۔ پس عہدیداروں کو اپنے رویّے بدلنے چاہئیں۔ امیر جماعت کو اپنے رویّے بدلنے چاہئیں۔ **جاپانی ماؤں سے مَیں کہتا ہوں کہ اب جب کہ آپ نے احمدیت کو قبول کر لیا ہے تو پاکستانی مردوں کے رویّے کی وجہ سے اپنے اللہ سے کئے گئے عہد کو نہ توڑیں۔** حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جاپانی قوم سے بہت اعلیٰ توقعات رکھی ہیں۔ اور انشاء اللہ ایک دن حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی اس خواہش نے پورا ہونا ہے۔ اور جب پورا ہونا ہے تو پھر کیوں نہ آج آپ جو چند ایک جاپانی احمدی ہیں اس کام کو سنبھال لیں اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے لیے سلطان نصیر بن کر کھڑے ہو جائیں۔ اگر حضرت مسیح موعود علیہ السلام سے تعلق جوڑنا ہے، اگر خلافت سے تعلق جوڑنا ہے تو بجائے تکبر دکھانے کے، بجائے اپنے عہدہ کا اظہار کرنے کے عاجزانہ راہیں دکھائیں۔	21دسمبر	51
28دسمبر 2011ء	(قادیان دارالامان میں منعقد ہونے والے جلسہ سالانہ سے 28دسمبر 2011ء کو ایم ٹی اے کے مواصلاتی رابطوں کے ذریعہ حضرت امیرالمومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا طاہر ہال بیت الفتوح لندن سے براہ راست اختتامی خطاب)	حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ذریعے سے اللہ تعالیٰ نے ہماری روحانی ترقی کے لئے جو فیوض جاری فرمائے ہیں اُن میں سے ایک فیضان جلسہ سالانہ بھی ہے۔ تقویٰ جو دنیا سے مفقود ہے اسے دنیا میں قائم کرنا جماعت احمدیہ کا ہی کام ہے۔ اگر ہم نے اپنی زندگیوں میں پاک تبدیلیاں پیدا کرتے ہوئے اس کے لئے کوشش نہ کی تو ہمارے دعوے اور ہمارے جلسے اور جلسوں میں شامل ہونے کے ذوق وشوق بے فائدہ ہیں۔ محبتوں کو پھیلانے اور انسانی قدروں کے قائم کرنے کے لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات اور اسوۂ حسنہ کی روشن مثالوں کا تذکرہ ہندوستان کے انصاف پسند طبقے سے مَیں کہتا ہوں کہ سیاسی مصلحتوں کی وجہ سے اگر کسی بھی مذہب والے کو شدّت پسندی کرنے کی اجازت دے دی تو یہ ملک بھی بدامنی کا شکار ہو جائے گا۔ ہمدردی بنی نوع انسان سے متعلق حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے ارشادات کا تذکرہ اور جماعت کو نصیحت۔ اے مسیح محمدی کے غلامو! یہ آج تمہاری ذمہ داری ہے کہ اپنے عملوں سے، اپنی دعاؤں سے دنیا کے امن کو بحال رکھنے اور قائم رکھنے کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے، اپنی تمام تر توجہ کو اس طرف پھیرتے ہوئے بھرپور کوشش کرو۔	28دسمبر	52

تعلیمی، تربیتی وعلمی مضامین

مضمون نگار	عنوانات	تاریخ اشاعت	شمارہ
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	مصالح العرب۔(قسط نمبر177) مکرم عبدالحمید صابر عبدالحمید صاحب (1)	6/جنوری	1
آصف محمود باسط۔لندن	ڈاکٹر ہنری مارٹن کلارک کے پڑپوتے **Mr. Jolyn Martyn Clark** کی حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ سے ملاقات		
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	مصالح العرب۔(قسط نمبر178) مکرم عبدالحمید صابر عبدالحمید صاحب (2)	13/جنوری	2
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	مصالح العرب۔(قسط نمبر179) مکرم محمد القادری صاحب	20 جنوری	3
ڈاکٹر محمد داؤد مجوکہ۔جرمنی	بغیر ہاتھوں کے بنی تصویر		
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	مصالح العرب۔(قسط نمبر180) مکرم عمر بورقیبہ صاحب	27/جنوری	4
طارق حیات مربی سلسلہ احمدیہ	اسلامی جمہوریہ پاکستان میں احمدیوں پر ہونے والے مظالم۔**ایک تجزیہ** پاکستان کی عدلیہ جس کا بنیادی کام ہی معاشرے کے نسبتاً غیر اہم سمجھے جانے والے حصوں کے حقوق کی حفاظت کرنا ہے، احمدیوں کے خلاف امتیازی سلوک پر مبنی قوانین کو برقرار رکھے ہوئے ہے	27/جنوری	4
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	مصالح العرب۔(قسط نمبر181) مکرم عمر بورقیبہ صاحب (2)	3/فروری	5
خالد سیف اللہ خان۔آسٹریلیا	يَنْقَطِعُ اٰبَآؤُکَ وَ يُبْدَءُ مِنْکَ		
آصف محمود باسط	جنگ مقدس۔حق اور باطل کے عظیم الشان معرکہ کا تفصیلی احوال اور تجزیہ	3/فروری	5
مظفر احمد درانی۔مربی سلسلہ	بچوں کی تربیت کے لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا پاکیزہ نمونہ	10/فروری	6
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	مصالح العرب۔(قسط نمبر182) عہد خلافت خامسہ میں عربی زبان میں کتب اور تراجم کی اشاعت(1)		
آصف محمود باسط	جنگ مقدس۔حق اور باطل کے عظیم الشان معرکہ کا تفصیلی احوال اور تجزیہ (دوسری قسط)		6
	پیشگوئی مصلح موعود (حضرت خلیفۃ المسیح الخامس کے خطبات سے انتخاب)	17/فروری	7
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	مصالح العرب۔(قسط نمبر183) عہد خلافت خامسہ میں عربی زبان میں کتب اور تراجم کی اشاعت(2)		
آصف محمود باسط	جنگ مقدس۔حق اور باطل کے عظیم الشان معرکہ کا تفصیلی احوال اور تجزیہ (تیسری قسط)		
خالد سیف اللہ خان۔آسٹریلیا	پندرھویں صدی کا مجدد کون؟		
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	مصالح العرب۔(قسط نمبر184) عہد خلافت خامسہ میں عربی زبان میں کتب اور تراجم کی اشاعت(3)	24/فروری	8
آصف محمود باسط	جنگ مقدس۔حق اور باطل کے عظیم الشان معرکہ کا تفصیلی احوال اور تجزیہ (چوتھی و آخری قسط)		
حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد ایم اے صاحبؓ	جماعت احمدیہ کا آغاز، حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کے دعاوی، دیگر مسلمانوں کے مقابل پر جماعت احمدیہ کے مخصوص عقائد اور احمدیت کی غرض وغایت	2/مارچ	9
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	مصالح العرب۔(قسط نمبر185) عہد خلافت خامسہ میں عربی زبان میں کتب اور تراجم کی اشاعت(4)		
	قرارداد تعزیت بروفات محترم راویل بخارائیو صاحب از مجلس تحریک جدید انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ		
حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد ایم اے صاحبؓ	جماعت احمدیہ کا آغاز، حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کے دعاوی، دیگر مسلمانوں کے مقابل پر جماعت احمدیہ کے مخصوص عقائد اور احمدیت کی غرض وغایت (دوسری قسط)	9/مارچ	10
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	مصالح العرب۔(قسط نمبر186) عہد خلافت خامسہ میں عربی زبان میں کتب اور تراجم کی اشاعت(5)		
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	مصالح العرب۔(قسط نمبر187) عہد خلافت خامسہ میں عربی زبان میں کتب اور تراجم کی اشاعت(6)	16/مارچ	11

مضمون نگار	عنوانات	تاریخ اشاعت	شمارہ
حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد	جماعت احمدیہ کا آغاز، حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کے دعاوی، دیگر مسلمانوں کے مقابل پر	16/مارچ	11
ایم اے صاحب	جماعت احمدیہ کے مخصوص عقائد اور احمدیت کی غرض و غایت (تیسری قسط)		
غلام مصباح بلوچ	مشہور ہنگرین مستشرق Ignaz Goldziher کے قلم سے احمدیت کا تذکرہ		
	(حضرت مسیح موعودؑ کی زندگی میں جرمنی میں احمدیت کا چرچا)		
حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد	جماعت احمدیہ کا آغاز، حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کے دعاوی، دیگر مسلمانوں کے مقابل پر	23/مارچ	12
ایم اے صاحب	جماعت احمدیہ کے مخصوص عقائد اور احمدیت کی غرض و غایت (چوتھی قسط)		
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	مصالح العرب۔(قسط نمبر 188) عہد خلافت خامسہ میں عربی زبان میں کتب اور تراجم کی اشاعت (7)		
حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد	جماعت احمدیہ کا آغاز، حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کے دعاوی، دیگر مسلمانوں کے مقابل پر	30/مارچ	13
ایم اے صاحب	جماعت احمدیہ کے مخصوص عقائد اور احمدیت کی غرض و غایت (پانچویں اور آخری قسط)		
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	مصالح العرب۔(قسط نمبر 189) خاندان صلاحات (1)		
چوہدری رشید الدین۔کینیڈا	حضرت صاحبزادہ مرزا شریف احمد صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ		
تقریر حضرت مصلح موعودؓ	**دنیا میں امن کیسے قائم ہوسکتا ہے؟** (حضرت مصلح موعود خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ کی تقریر	6/اپریل	14
	فرمودہ 9 اکتوبر 1946ء بمقام دہلی سے ایک اہم اقتباس)		
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	مصالح العرب۔(قسط نمبر 190) خاندان صلاحات (2)		
چوہدری رشید الدین۔کینیڈا	حضرت صاحبزادہ مرزا شریف احمد صاحب رضی اللہ تعالیٰ عنہ (دوسری اور آخری قسط)		
تقریر حضرت مصلح موعودؓ	**دنیا میں امن کیسے قائم ہوسکتا ہے؟** (حضرت مصلح موعود خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ کی تقریر (دوسری و آخری قسط)	13/اپریل	15
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	مصالح العرب۔(قسط نمبر 191) خاندان صلاحات (3)		
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	مصالح العرب۔(قسط نمبر 192) خاندان صلاحات (4)	20/اپریل	16
سید میر محمود احمد ناصر۔ربوہ	متی کی انجیل پر ایک نظر		
غلام مصباح بلوچ۔کینیڈا	حضرت اماں جان سیدہ نصرت جہاں بیگم صاحبہ حرم حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام		
مجیب الرحمٰن۔ایڈووکیٹ	امتناع قادیانیت آرڈیننس 1984ء وفاقی شرعی عدالت میں۔	27/اپریل	17
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	مصالح العرب۔(قسط نمبر 193) خاندان صلاحات (5)		
سید میر محمود احمد ناصر۔ربوہ	متی کی انجیل پر ایک نظر (قسط نمبر 2)		
مجیب الرحمٰن۔ایڈووکیٹ	امتناع قادیانیت آرڈیننس 1984ء وفاقی شرعی عدالت میں۔(دوسری اور آخری قسط)	4/مئی	18
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	مصالح العرب۔(قسط نمبر 194) بوادی سعید اعمر صاحب۔		
سید میر محمود احمد ناصر۔ربوہ	متی کی انجیل پر ایک نظر (قسط نمبر 3)		
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	مصالح العرب۔(قسط نمبر 195) بوادی سعید اعمر صاحب۔(نمبر 2)	11/مئی	19
سید میر محمود احمد ناصر۔ربوہ	متی کی انجیل پر ایک نظر (قسط نمبر 4)		
فضل الٰہی انوری۔جرمنی	اسلام پر صلیبی یلغار کے خلاف۔حضرت مسیح موعود علیہ السلام اور آپ کے غلاموں کا کامیاب دفاع		
فضل الٰہی انوری۔جرمنی	اسلام پر صلیبی یلغار کے خلاف۔دوسری اور آخری قسط)	18/مئی	20
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	مصالح العرب۔(قسط نمبر 196) مکرم عباس عادل عباس محمد عفیفی صاحب۔1		
سید میر محمود احمد ناصر۔ربوہ	متی کی انجیل پر ایک نظر (قسط نمبر 5) متی باب **3**		
(لئیق احمد مشتاق۔مبلغ سرینام)	نظام خلافت۔اہمیت و برکات۔منکرین خلافت کا سدّ باب		

مضمون نگار	عنوانات	تاریخ اشاعت	شمارہ
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	مصالح العرب۔(قسط نمبر 197)مکرم عباس عادل عباس محمد عففی صاحب۔2	25/مئی	21
سید میر محمود احمد ناصر۔ربوہ	متی کی انجیل پر ایک نظر (قسط نمبر 6) متی باب 4		
(اقتباس از خطاب حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ)	خلافت احمدیہ دنیا میں ایک روحانی انقلاب پیدا کرنے کے لئے قائم کی گئی ہے۔مادی اور روحانی دو انقلابی نظاموں کا مخزن۔رسالہ ''الوصیت''		
مکرم مولوی ظفر محمد صاحب مولوی فاضل	حضرت مرزا شریف احمد صاحب رضی اللہ عنہ کے بعض پاکیزہ شمائل		
حضرت مولانا ابوالعطاء صاحب جالندھری	نبوت اور خلافت کی حقیقت اور روحانی برکات۔(خلافت اللہ تعالیٰ کا وہ انعام ہے جو نبی کی وفات کے بعد اس کی جماعت کو تسکین اور طمانیت کے لئے دیا جاتا ہے)		
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	مصالح العرب۔(قسط نمبر 198)مکرم عباس عادل عباس محمد عففی صاحب۔3	یکم جون	22
سید میر محمود احمد ناصر۔ربوہ	متی کی انجیل پر ایک نظر (قسط نمبر 7) متی باب 4 آیات 12 تا 22		
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	مصالح العرب۔(قسط نمبر 199)مکرم عماد محمد ادیب الحموی صاحب (1)	8/جون	23
سید میر محمود احمد ناصر۔ربوہ	متی کی انجیل پر ایک نظر (قسط نمبر 8) متی باب 4 آیت 18 تا 21		
	اسرائیل اور کینیڈا کے وزراءاعظم اور ایران وامریکہ کے صدران کے نام حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطوط		
اعلان جامعہ	اعلان داخلہ برائے جامعہ احمدیہ لندن		
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	مصالح العرب۔(قسط نمبر 200)مکرم عماد محمد ادیب الحموی صاحب (2)	15/جون	24
سید میر محمود احمد ناصر۔ربوہ	متی کی انجیل پر ایک نظر (قسط نمبر 9) متی باب 5-6-7		
پیغام حضور انور	مرکزی سطح پر وقف نو بچیوں کی تعلیم وتربیت کے لئے اردو اور انگریزی میں جاری ہونے والا پہلا رسالہ ''مریم''		
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	مصالح العرب۔(قسط نمبر 201)مکرم درویش عبدالحکیم صاحب	22/جون	25
سید میر محمود احمد ناصر۔ربوہ	متی کی انجیل پر ایک نظر (قسط نمبر 10)		
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	مصالح العرب۔(قسط نمبر 202)مکرمہ احلام محمدی صاحبہ	29/جون	26
سید میر محمود احمد ناصر۔ربوہ	متی کی انجیل پر ایک نظر (قسط نمبر 11) متی باب 6		
جمیل احمد بٹ۔کراچی	اللہ بہترین تدبیر کرنے والا ہے		
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	مصالح العرب۔(قسط نمبر 203)مکرم خالد شنحیح صاحب	6/جولائی	27
سید میر محمود احمد ناصر۔ربوہ	متی کی انجیل پر ایک نظر (قسط نمبر 12) انجیلی دعا اور قرآنی دعا کا موازنہ		
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	مصالح العرب۔(قسط نمبر 204)مکرمہ لیلیٰ الخلیل صاحبہ (1)	13/جولائی	28
سید میر محمود احمد ناصر۔ربوہ	متی کی انجیل پر ایک نظر (قسط نمبر 13) انجیلی دعا پر مزید تفصیلی نظر		
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	مصالح العرب۔(قسط نمبر 205)مکرمہ لیلیٰ الخلیل صاحبہ (2)	20/جولائی	29
سید میر محمود احمد ناصر۔ربوہ	متی کی انجیل پر ایک نظر (قسط نمبر 14)		
ماجد احمد خان	مکرم وقیع الزمان خان صاحب مرحوم		
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	مصالح العرب۔(قسط نمبر 206)مکرمہ لیلیٰ الخلیل صاحبہ (3)	27/جولائی	30
سید میر محمود احمد ناصر۔ربوہ	متی کی انجیل پر ایک نظر (قسط نمبر 15)		
انتخاب حضرت مسیح موعود علیہ السلام	ماہ رمضان کے بابرکت ایام۔اللہ تعالیٰ کے فضل اور رحمت کے نزول کے دن		
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	مصالح العرب۔(قسط نمبر 207)مکرمہ لیلیٰ الخلیل صاحبہ (4)	3/اگست	31
سید میر محمود احمد ناصر۔ربوہ	متی کی انجیل پر ایک نظر (قسط نمبر 16)۔متی باب 8		

مضمون نگار	عنوانات	تاریخ اشاعت	شمارہ
عبدالرب انور محمود خان۔امریکہ	واشنگٹن امریکہ میں Capital Hill میں حضرت امیرالمومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کے لیکچر کا آنکھوں دیکھا حال حضرت مسیح موعودؑ کے ایک الہام 'نُصِرْتَ بِالرُّعْبِ' کا شاندار ظہور		
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	مصالح العرب۔(قسط نمبر 208) مکرم الحسن الشریف صاحب (1)	10/اگست	32
سید میر محمود احمد ناصر۔ربوہ	متی کی انجیل پر ایک نظر (قسط نمبر 17)		
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	مصالح العرب۔(قسط نمبر 209) مکرم الحسن الشریف صاحب (2)	17/اگست	33
سید میر محمود احمد ناصر۔ربوہ	متی کی انجیل پر ایک نظر (قسط نمبر 18) متی باب 9		
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	مصالح العرب۔(قسط نمبر 210) مکرم الحسن الشریف صاحب (3)	24/اگست	34
سید میر محمود احمد ناصر۔ربوہ	متی کی انجیل پر ایک نظر (قسط نمبر 19) متی باب 10		
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	مصالح العرب۔(قسط نمبر 211) مکرم الحسن الشریف صاحب (4)	31/اگست	35
سید میر محمود احمد ناصر۔ربوہ	متی کی انجیل پر ایک نظر (قسط نمبر 20) متی باب 11		
اعلان	خلافت خامسہ کے مبارک عہد میں مرکزی سطح پر جاری ہونے والا اردو ماہنامہ "موازنۂ مذاھب" مرکزی سطح پر اردو اور انگریزی میں جاری ہونے والا واقفین نو کا تعلیمی و تربیتی سہ ماہی مجلّہ۔ "اسماعیل"		
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	مصالح العرب۔(قسط نمبر 212) مکرم علی رجب ممتاز صاحب۔	7-14 ستمبر	36-37
سید میر محمود احمد ناصر۔ربوہ	متی کی انجیل پر ایک نظر (قسط نمبر 21) متی باب 12		
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	مصالح العرب۔(قسط نمبر 213) مکرم محمد فیتچی صاحب۔	21/ستمبر	38
سید میر محمود احمد ناصر۔ربوہ	متی کی انجیل پر ایک نظر (قسط نمبر 22) باب 12 کی آیات 38 تا 40		
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	مصالح العرب۔(قسط نمبر 214) مکرم محمد فیتچی صاحب قسط نمبر 2۔	28/ستمبر	39
سید میر محمود احمد ناصر۔ربوہ	متی کی انجیل پر ایک نظر (قسط نمبر 23) باب 13 کی آیات 53 تا 58		
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	مصالح العرب۔(قسط نمبر 215) مکرم محمد فیتچی صاحب قسط نمبر 3۔	5/اکتوبر	40
سید میر محمود احمد ناصر۔ربوہ	متی کی انجیل پر ایک نظر (قسط نمبر 24) باب 14		
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	مصالح العرب۔(قسط نمبر 216) مکرم محمد فیتچی صاحب قسط نمبر 4۔	12/اکتوبر	41
سید میر محمود احمد ناصر۔ربوہ	متی کی انجیل پر ایک نظر (قسط نمبر 25) باب 16		
ڈاکٹر وقار منظور بسرا	خدمت خلق کا وسیع منصوبہ۔طاہر ہومیو پیتھک ہاسپٹل اینڈ ریسرچ انسٹیٹیوٹ ربوہ	19/اکتوبر	42
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	مصالح العرب۔(قسط نمبر 217) مکرم محمد یوسف دُغمش صاحب۔		
سید میر محمود احمد ناصر۔ربوہ	متی کی انجیل پر ایک نظر (قسط نمبر 26) باب 17		
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	مصالح العرب۔(قسط نمبر 218) مکرم محمد یوسف دُغمش صاحب(2)	26/اکتوبر	43
سید میر محمود احمد ناصر۔ربوہ	متی کی انجیل پر ایک نظر (قسط نمبر 27) باب 18		
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	مصالح العرب۔(قسط نمبر 219) مکرم عدنان عبدالقادر غرابیہ صاحب(1)	2/نومبر	44
سید میر محمود احمد ناصر۔ربوہ	متی کی انجیل پر ایک نظر (قسط نمبر 28) باب 19		
(حضرت ملک سیف الرحمٰن صاحب۔ (مرحوم) مفتی سلسلہ)	دارالاسلام اور دارالحرب۔معنے ومفہوم اور مختلف نظریات	9/نومبر	45
محمد طاہر ندیم۔عربک ڈیسک لندن	مصالح العرب۔(قسط نمبر 220) مکرم عدنان عبدالقادر غرابیہ صاحب(2)		
سید میر محمود احمد ناصر۔ربوہ	متی کی انجیل پر ایک نظر (قسط نمبر 29) باب 20		
جمیل احمد بٹ۔کراچی	خونِ ناحق		

شمارہ	تاریخ اشاعت	عنوانات	مضمون نگار
		دارالاسلام اور دارالحرب۔ معنے ومفہوم اور مختلف نظریات (قسط نمبر 2)	(حضرت ملک سیف الرحمٰن صاحب۔ (مرحوم) مفتیٔ سلسلہ)
46	16/نومبر	مصالح العرب۔(قسط نمبر 221) مکرمہ زینب محمود احمد محمد صاحبہ (1)	محمد طاہر ندیم۔ عربک ڈیسک لندن
		متی کی انجیل پر ایک نظر (قسط نمبر 30) باب 21	سید میر محمود احمد ناصر۔ ربوہ
		حاصل مطالعہ۔ کسی کے کہنے سے کوئی کافر نہیں ہوتا!	انصر رضا۔ کینیڈا
		دارالاسلام اور دارالحرب۔ معنے ومفہوم اور مختلف نظریات (قسط نمبر 3)	(حضرت ملک سیف الرحمٰن صاحب۔ (مرحوم) مفتیٔ سلسلہ)
47	23/نومبر	مصالح العرب۔(قسط نمبر 222) مکرمہ زینب محمود احمد محمد صاحبہ (2)	محمد طاہر ندیم۔ عربک ڈیسک لندن
		متی کی انجیل پر ایک نظر (قسط نمبر 31) باب 21 ۔آیات 33 تا 46	سید میر محمود احمد ناصر۔ ربوہ
		دارالاسلام اور دارالحرب۔ معنے ومفہوم اور مختلف نظریات (قسط نمبر 4)	(حضرت ملک سیف الرحمٰن صاحب۔ (مرحوم) مفتیٔ سلسلہ)
